★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

Email:dailyquwat786@gmail.com Www.dailyquwat.com

جلد نمبر 16 | پیر یکم ذوالحجہ 1447ھ، 18 مئی 2026ء، 4 جیٹھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 156

توانائی سپلائی کی رکاوٹیں برقرار رہیں تو معاشی مشکلات طویل ہوں گی، پاکستان

زید تین کروڑ 20 لاکھ افراد کے غربت میں جانے کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے عالمی سطح پر ایندھن کی قیمتیں 2025 سے دوگنی ہو چکی ہیں، مزید تین کروڑ 20 لاکھ افراد کے غربت میں جانے کا خطرہ ہے، عاصم افتخار

ممالک جو مغربی ایشیا میں جاری بحران میں براہِ راست شامل نہیں ہیں، وہ بھی اس کے اثرات برداشت کر رہے ہیں۔ پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جو اس تنازع سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ اگر توانائی کی سپلائی کے حوالے سے رکاوٹوں کی صورت حال برقرار رہی تو اس سے معاشی ترقی متاثر ہوگی اور وسیع پیمانے پر طویل مدتی معاشی مشکلات پیدا ہوں گی۔ اقوام متحدہ کی معاشی اور سماجی کونسل کے اجلاس کے دوران پاکستانی مندوب عاصم افتخار احمد نے کہا کہ حالیہ عالمی توانائی اور سپلائی میں آنے والی رکاوٹوں کے اثرات دنیا کے (بقیہ نمبر 1)

باکو، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صدر آذربائیجان الہام علیوف سے ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان کے پہلے پانڈا بانڈ نے کم لاگت یوان فنانسنگ کی نئی راہ ہموار کر دی، ایچ بی ایل

اس سے پاکستان کو ڈالر اور یورو قرضوں پر انحصار کم کرنے میں مدد ملے گی، فرحان طالب کی خصوصی بات چیت

پاکستان کو ڈالر اور یورو میں قرض لینے کے روایتی طریقوں کے متبادل کے طور پر ایک نئی راہ ملی ہے

بیجنگ (این این آئی) پاکستان کے پہلے پانڈا بانڈ نے کم لاگت یوان فنانسنگ کی نئی راہ ہموار کر دی ہے، جس سے ملک کو روایتی ڈالر اور یورو قرضوں پر انحصار کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ یہ بات ایچ بی ایل کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے چائنہ اکنامک نیٹ سے گفتگو کر (بقیہ نمبر 2)

روس نے 528 افراد کی باقیات کے حوالے کر دیں، یہ ہمارے فوجی ہیں، یوکرین

کیف (این این آئی) کیف نے اعلان کیا ہے کہ روس نے اسے لڑائیوں میں ہلاک ہونے والے 528 یوکرینی فوجیوں کی باقیات حوالے کر دی ہیں جو دونوں ممالک کے (بقیہ نمبر 3)

لاہور، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی یونیورسٹی آف لاہور میں منعقدہ گریجویشن تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بھارت کی ایٹمی ہمسایہ ملک کو مٹانے کی دھمکی ذہنی دیوالیہ پن

تباہی دو طرفہ ہوگی، ترجمان پاک فوج

پاکستان پہلے ہی عالمی سطح پر ایک اہم ملک، ایک تسلیم شدہ ایٹمی طاقت اور جنوبی ایشیا کے جغرافیہ اور تاریخ کا ناقابلِ تنسیخ حصہ ہے

ذمہ دار ایٹمی ریاستیں تحمل، پختگی اور سٹریٹجک سنجیدگی کا مظاہرہ کرتیں، تہذیبی برتری یا مٹانے کی زبان استعمال نہیں کرتیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے بھارتی آرمی چیف کے اشتعال انگیز بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی آرمی چیف کی ایٹمی ہمسایہ ملک کو جغرافیہ سے مٹانے کی دھمکی ذہنی دیوالیہ پن، جنگی جنون اور اشتعال انگیزی (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان کی یونیسکو کے ڈائریکٹر فواد پاشایوف سے ملاقات

ہماری گندم شارٹ ہے، سی این جی بھی بند، لوگ سڑکوں پر آ سکتے ہیں، گورنر کے پی

خیبر پختونخوا میں سی این جی کی بندش آئین کی خلاف ورزی ہے اور گندم اور سی این جی کی بندش سے غریب طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے، ا

ایک طرف ہماری گندم شارٹ ہے، اوپر سے سی این جی بھی بند کر دی گئی، لوگ سڑکوں پر آ سکتے ہیں: فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد، پشاور: (نیوز ایجنسی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ایک طرف ہماری گندم شارٹ ہے، اوپر سے سی این جی بھی بند کر دی گئی، لوگ سڑکوں پر آ رہے ہیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ آئین میں وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 6)

خیبر پختونخوا کابینہ کے نئے اراکین نے حلف اٹھا لیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کابینہ کے نئے اراکین نے حلف اٹھا لیا۔ (بقیہ نمبر 7)

پنجاب پولیس کی صوبہ بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں تیز

لاہور (زیڈ این این) پنجاب پولیس نے صوبہ بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرتے ہوئے انٹیلی (بقیہ نمبر 8)

پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی کی ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات

یہ طوفان سے پہلے کی خاموشی ہے، ٹرمپ کی ایران کا نام لیے بغیر دھمکی

امریکا کو پھر سے عظیم بنانے کے الفاظ والی ٹوپی پہنے ٹرمپ کی تصویر سوشل میڈیا پر جاری

ایران کی افزودہ یورینیئم کو صرف دفن کرنا کافی نہیں بلکہ امریکا اسے اپنے قبضے میں لے گا: امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کا نام لیے بغیر دھمکی آمیز پیغام میں کہا ہے کہ یہ طوفان سے پہلے کی خاموشی ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری تصویر میں امریکی صدر ٹرمپ کو بحری جہاز میں دکھایا گیا۔ سوشل میڈیا پر جاری پیغام میں ایک اور تصویر میں صدر ٹرمپ کو دکھایا گیا ہے جس میں انہوں نے امریکا کو پھر سے عظیم بنانے کے الفاظ کی حامل کیپ پہنی ہو (بقیہ نمبر 4)

صدر زرداری کی ناروے کی قیادت کو یوم آئین پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ناروے کے شاہ ہیرالڈ پنجم، حکومت اور عوام کو یوم آئین (بقیہ نمبر 11)

سرگودھا، شادی کا جھانسہ دے کر لوٹنے والے 3 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں شادی کا جھانسہ دے کر لوٹنے والے 3 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا (بقیہ نمبر 10)

ازبکستان کی 2026 کی پہلی سہ ماہی میں 8.7 فیصد معاشی ترقی

سرمایہ کاری کی سرگرمیوں نے بھی ریکارڈ سطح حاصل کی، اعداد و شمار جاری

صنعتی پیداوار 8 فیصد اور زرعی شعبہ 5.1 فیصد بڑھا، مینوفیکچرنگ صنعتوں میں بھی نمایاں بہتری دیکھی گئی

تاشقند (این این آئی) ازبکستان نے 2026 کی پہلی سہ ماہی میں 8.7 فیصد معاشی ترقی حاصل کرتے ہوئے دنیا کی تیزی سے ترقی کرنے والی معیشتوں میں نمایاں (بقیہ نمبر 12)

ٹیلی مواصلات نے دنیا کو ایک گلوبل ویلج بنا دیا، یوسف رضا گیلانی

عوامی خدمات سمیت زندگی کے ہر شعبے میں انقلابی تبدیلیاں پیدا کی ہیں، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے عالمی یوم ٹیلی مواصلات و انفارمیشن سوسائٹی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ جدید (بقیہ نمبر 13)

موٹرویز پر جانوروں سے لدی گاڑیوں کے داخلے پر مکمل پابندی عائد

اوورلوڈ اور غیر فٹ گاڑیاں سنگین حادثات کا سبب بن سکتی ہیں، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) موٹرویز پر جانوروں سے لدی گاڑیوں کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق عیدالاضحیٰ (بقیہ نمبر 9)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے سپیکر اسمبلی ملک احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

لیہ، گیس لیکیج سے آگ بھڑک اٹھی، 2 سالہ بچی سمیت 3 خواتین جھلس گئیں

لیہ (این این آئی) فتح پور وارڈ نمبر 7 میں گیس سلنڈر کی لیکیج سے آگ بھڑک اٹھی جس کی لپیٹ میں آکر 2 سالہ بچی (بقیہ نمبر 16)

امریکہ نے دہشتگردی کیخلاف کوششوں میں پاکستان کو کلیدی شراکت دار قرار دے دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے دہشت گردی کے خلاف کوششوں میں پاکستان کو اہم اور کلیدی شراکت دار قرار دے دیا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) کے سربراہ (بقیہ نمبر 15)

ڈیجیٹل پنجاب ہمارا عزم، علمی انقلاب کی راہیں کھل رہی ہیں، مریم نواز

پنجاب میں ٹیلی کمیونیکیشن کے ذریعے ای گورننس اور ای بزنس کا کامیاب اجراء کیا گیا ہے، ہر طالب علم کے ہاتھ میں لیپ ٹاپ ہے، ٹیلی کمیونیکیشن میں جدت کے ذریعے دنیا سے جوڑ رہے ہیں

ٹیلی کمیونیکیشن اور ٹیکنالوجی دورِ جدید کا موثر اور کارگر ہتھیار ہے، ٹیلی کمیونیکیشن دورِ جدید میں محض رابطے کا ذریعہ نہیں بلکہ نئی بلندیوں پر جانے کا راستہ بن چکی ہے: وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل پنجاب ہمارا عزم ہے، علمی انقلاب کی راہیں کھل رہی ہیں۔ ورلڈ ٹیلی کمیونیکیشن ڈے پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ ٹیلی کمیونیکیشن اور ٹیکنالوجی دور جدید کا موثر اور کارگر ہتھیار ہے، ٹیلی کمیونیکیشن دور جدید میں محض رابطے کا ذریعہ نہیں بلکہ نئی بلندیوں پر جانے کا راستہ بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سمیت پاکستان میں فائیو جی ڈیجیٹل ٹیلی کمیونیکیشن کے لئے انقلاب کا پیامبر ثابت ہوگا، اے آئی سے مستفید ہونے کیلئے ٹیلی کمیونیکیشن ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 14)

خیبر پختونخوا کابینہ میں توسیع پر پی ٹی آئی رہنماؤں کا شکوہ

پارٹی کی انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی کمیٹی کے ممبر کی حیثیت سے کابینہ سے متعلق کسی نے نہیں پوچھا، سابق گورنر شاہ فرمان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کابینہ میں توسیع پر پی ٹی آئی رہنماؤں نے شکوہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی کی انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی کمیٹی کے ممبر کی حیثیت سے کابینہ سے (بقیہ نمبر 18)

طالبان رجیم کی ناقص پالیسیوں سے افغان تاجر شدید متاثر

کابل (این این آئی) طالبان رجیم کی شدت پسندی اور ناکام پالیسیوں نے افغان معیشت کا جنازہ نکال دیا، سرحدی بندش (بقیہ نمبر 17)

پاکستان مسلم لیگ نے گلگت بلتستان انتخابات کیلئے 11 امیدواروں کو ٹکٹ جاری کر دیئے

تمام امیدوار بھرپور انتخابی مہم چلائیں گے اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے

پاکستان مسلم لیگ گلگت بلتستان میں عوامی خدمت، ترقی اور خوشحالی کے ایجنڈے کے تحت انتخابات میں حصہ لے رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات و مرکزی ترجمان مصطفیٰ ملک نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 21)

ایف پی سی سی آئی کی بجٹ میں تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس شرح میں 5 فیصد کمی کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) نے بج (بقیہ نمبر 20)

مودی سرکار کی ظالمانہ پالیسیوں کیخلاف بھارتی کسان سراپا احتجاج

پولیس کا احتجاج کیلئے جمع کسانوں کو منتشر کرنے کیلئے آنسو گیس کا استعمال، متعدد زخمی

موہالی (این این آئی) مودی سرکار کی ناقص پالیسیوں نے کسانوں اور مزدوروں سمیت ہر طبقے کو شدید معاشی مشکلات میں مبتلا کر رکھا ہے، بھارت کے اپنے جریدہ نے (بقیہ نمبر 19)

شیری رحمان کی بھارتی آرمی چیف کی طرف سے پاکستان مخالف بیان کی شدید الفاظ میں مذمت

بھارت کو خطے میں برتری کے خواب دیکھنے کے بجائے غربت، بے روزگاری اور ماحولیاتی مسائل کے حل پر توجہ دینی چاہیے، نائب صدر

کسی بھی جارحیت سے پہلے اپنی عوام کی امن کی خواہش کا احترام کرے

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے بھارتی آرمی چیف کی طرف سے پاکستان مخالف بیان کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی عالمی منظرنامے پر مسلسل سفارتی، دفاعی اور سیاسی کامیابیوں نے بھارت کو شدید (بقیہ نمبر 22)

پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی وزیراعلیٰ صہیب آفریدی اور سپیکر صوبائی اسمبلی بابر سام سواتی سے ملاقات کر رہے ہیں

حکومت ملک بھر میں ڈیجیٹل رسائی کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، صدر مملکت

ملک میں براڈ بینڈ صارفین کی تعداد 161 ملین سے زائد ہے، یونیورسل سروس فنڈ کے ذریعے لاکھوں افراد کو براڈ بینڈ اور وائس سروسز فراہم کی گئیں

آج تعلیم، صحت، تجارت اور عوامی خدمات کی بنیادی ضرورت بن چکے ہیں دور دراز علاقوں میں ڈیجیٹل رسائی معاشی مواقع اور معلومات تک رسائی کا اہم ذریعہ ہے

اسلام آباد: (نیوز ایجنسی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ حکومت ملک بھر میں ڈیجیٹل رسائی اور رابطہ کاری کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔ عالمی یوم ٹیلی کمیونیکیشن اور انفارمیشن سوسائٹی پر جاری کیے گئے اپنے پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ ڈیجیٹل روابط آج تعلیم، صحت، تجارت اور عوامی خدمات کی بنیادی ضرورت بن چکے (بقیہ نمبر 23)

دشمن کے ہتھیار اب آبنائے ہرمز سے نہیں گزر سکیں گے، ایرانی نائب صدر

ماضی میں ایران نے آبنائے ہرمز پر اپنی خودمختاری کے حق میں نرمی اختیار کی تھی، محمد رضا عارف

تہران (این این آئی) ایران نے اعلان کیا ہے کہ اب دشمن ممالک کے فوجی ہتھیاروں اور عسکری ساز و سامان کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ایرا (بقیہ نمبر 24)

باکو، وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک اجلاس میں شریک ہیں

اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ریاست جموں کشمیر ایک متنازعہ خطہ ہے، عزیر احمد غزالی

مظفرآباد (این این آئی) پاسبان حریت جموں کشمیر کے چیئرمین عز (بقیہ نمبر 25)

آبنائے ہرمز میں بحری سرگرمیوں کو منظم کرنے کیلئے نیا میکینزم تیار

تہران (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز میں بحری سرگرمیوں کو منظم کرنے کے لیے نیا میکینزم تیار کر لیا۔ عرب ٹی وی (بقیہ نمبر 26)

آزاد کشمیر بھر میں معرکہ حق کی کامیابی کا سال مکمل ہونے پر مسلم کانفرنس کے زیر اہتمام تقاریب جاری

نیلم / مظفرآباد (این این آئی) سردار عتیق احمد خان معرکہ حق کی کامیابی (بقیہ نمبر 27)

اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نیویارک میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا نے پاکستان کو دہشت گردی کیخلاف اہم شراکت دار قرار دے دیا

کامیابیاں پاکستان اور امریکا کے درمیان دوستی، تعاون اور مشترکہ عزم کا براہِ راست عکس ہیں: ایڈمرل بریڈ کوپر

سیکیورٹی خدشات کے باعث افغانستان بدستور امریکا کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے، جبکہ امریکی نگرانی کی فہرست میں افغانستان اب بھی پہلے نمبر پر موجود

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے دہشت گردی کے خلاف جاری کوششوں میں پاکستان کو ایک اہم اور کلیدی شراکت دار قرار دیتے ہوئے خطے میں امن و استحکام کے لیے اس کے کردار کو سراہا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر نے سینیٹ کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان انسداد دہشت گردی کے میدان میں ایک قابل اعتماد اتحادی ثابت ہوا ہے۔ ایڈمرل بریڈ کوپر کے مطابق پاکستان خطے میں داعش خراسان کے خلاف جنگ میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے، جبکہ اسلام آباد کے ساتھ فوجی شراکت داری کے نتیجے میں دہشت گردوں کے خلاف ٹھوس اور موثر نتائج حاصل ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں پاکستان اور امریکا کے درمیان دوستی، تعاون اور مشترکہ عزم کا براہِ راست عکس ہیں۔

چائنہ ونڈو میں ادبی و فکری محفل سج گئی، پروفیسر ڈاکٹر زیڈ اے قریشی کی دو کتب کی رونمائی

سفرنامے تہذیبوں، انسانوں اور معاشروں کی روح کو اجاگر کرتے ہیں، مقررین کا خراجِ تحسین

آسمان تلے بکھرے موتی مختلف مشاہدات، یادوں اور فکری احساسات کا مجموعہ ہے

پشاور (این این آئی) پشاور میں قائم چینی ثقافتی مرکز کے زیر اہتمام ممتاز براڈکاسٹر، دانشور، استاد اور ادیب پروفیسر ڈاکٹر زیڈ اے قریشی کی دو اہم کتب آسمان تلے بکھرے موتی اور سکونِ صبح و طلوع آفتاب کی سرزمین کی پروقار تقریب رونمائی منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت اسلامی نظریاتی کونسل کے سابق چیئرمین اور سابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز نے کی جبکہ علمی، ادبی، صحافتی اور سماجی حلقوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت (بقیہ نمبر 30)

برطانیہ میں انگریز نسل پرستوں کی ریلی میں برقعوں کی توہین، ویڈیو وائرل

لندن (این این آئی) برطانیہ میں انگریز نسل پرستوں کی ریلی کے دوران ایک متنازع واقعہ سامنے آیا جب چند خواتین نے اسٹیج پر آ کر اپنے برقعے اتار دیے جس کے بعد برطانیہ میں سیاسی اور سماجی بحث شدت اختیا (بقیہ نمبر 29)

اسرائیل کے حوالے سے تقسیم ڈیموکریٹس کے بعد ریپبلکنز میں بھی آ گئی

رائے عامہ کے سروے غزہ جنگ میں اسرائیل کی حمایت پر دونوں جماعتوں کے اندر تفریق کو ظاہر کر رہے، رپورٹ

اسرائیل کی حمایت پر بحث اب صرف ڈیموکریٹک پارٹی تک محدود نہیں رہی

واشنگٹن (این این آئی) حالیہ برسوں کے دوران مشرقِ وسطیٰ کے بارے میں امریکی پالیسی میں تیزی سے تبدیلیاں دیکھنے میں آئی ہیں کیونکہ اسرائیل کی حمایت پر بحث اب صرف ڈیموکریٹک پارٹی تک محدود نہیں رہی بلکہ امریکی نیوز ویب سائٹ کی جانب سے سامنے (بقیہ نمبر 31)

انکم ٹیکس ریٹرن ڈرافٹ میں 23 سے زائد تکنیکی خامیوں کی نشاندہی

ٹیکس بارز، ٹیکس ماہرین کو تجاویز دینے کے لیے کم از کم ایک ماہ کا وقت دیا جائے، ٹیکس بار کے زیر اہتمام سیمینار

مجوزہ ڈرافٹ پر صرف سات دن کے اندر اعتراضات طلب کرنا غیر سنجیدہ اور ناقابل عمل اقدام ہے، مقررین

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے انکم ٹیکس ریٹرن 2026 کے مجوزہ ڈرافٹ میں 23 سے زائد تکنیکی خامیوں کی نشاندہی اور تبدیلیاں تجویز کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیکس بارز اور ٹیکس ماہرین کو تجاویز دینے کے لیے کم از کم ایک ماہ کا وقت دیا جائے، انکم ٹیکس ریٹرن 2026 کے مجوزہ ڈرافٹ کو سو فیصد درستگی کے بعد آئرس کے پورٹل پر آنا چاہیے۔ لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام انکم ٹیکس ریٹرن 2025 اور 2026 کا تقابلی جائزہ کے عنوان سے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ بار کے صدر رانا ثاقب منیر، جنرل سیکرٹری فاروق گجر، نائب صدر میاں عثمان جاوید، جوائنٹ سیکرٹری علی رضا چیمہ اور فنانس سیکرٹری سعد ایوب خان اور دیگر مقررین نے کہا کہ ایف بی آر کی جانب سے (بقیہ نمبر 29)

بدقسمتی سے ہم نے منشیات کے مسئلے کو سنجیدگی سے نہیں لیا، شرجیل میمن

پنکی زہر بیچتی تھی، اس زہر کے استعمال سے کئی قیمتی جانیں ضائع ہو رہی تھیں،

کراچی میں منشیات کے عادی ایک نوجوان نے اپنے ہی گھر والوں پر فائرنگ کر دی تھی

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پنکی زہر بیچتی تھی، اس زہر کے استعمال سے کئی قیمتی جانیں ضائع ہو رہی تھیں، بدقسمتی سے ہم نے منشیات کے مسئلے کو سنجیدگی سے نہیں لیا، منشیات فروشی ایک سنگین سماجی ناسور بن چکی ہے اور گرفتار ملزمہ انمول عرف پنکی محض ایک فرد نہیں بلکہ ایک منظم نیٹ ورک کا حصہ تھی جو نوجوان نسل کو تباہ کر رہا تھا۔ سینئر وزیر سندھ نے اتوار کو بی آر ٹی ریڈ لائن منصوبے کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جار (بقیہ نمبر 28)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق سے سربراہ اویس شاہ نورانی ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:40
فجر	4:40
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:45

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی بین الاقوامی میڈیکل کانفرنس 2028 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صحت کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی اور تحقیق ناگزیر ضرورت بن چکی ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں

پنجاب حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے انقلابی اقدامات کر رہی ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

کووڈ سمیت عالمی وباؤں کے دوران ڈاکٹرز، نرسز اور طبی عملے نے بے مثال خدمات انجام دے کر انسانیت کی خدمت کی نئی مثال قائم کی۔ سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ طب کا شعبہ انسانیت کی خدمت کا عظیم ترین ذریعہ ہے اور جدید دور میں مصنوعی ذہانت، ٹیلی میڈیسن، جینومک ریسرچ اور روبوٹک سرجری صحت کے نظام میں انقلابی تبدیلیاں لا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید طبی ترقی کے ساتھ ساتھ انسانی ہمدردی، اخلاقیات اور مریضوں کو مساوی طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا بھی ناگزیر ہے۔ وہ لاہور میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی بین الاقوامی میڈیکل کانفرنس 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں چین کے قونصل جنرل سن یون، یونیسیف پنجاب کے سربراہ رامیز بہبودوف، پروفیسر ڈاکٹر اختر سہیل چغتائی، پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف نظامی، پروفیسر ڈاکٹر شاہد شوکت ملک سمیت ملک و بیرون ملک سے ممتاز ڈاکٹرز، محققین اور طبی ماہرین نے شرکت کی۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ کووڈ سمیت عالمی وباؤں کے دوران ڈاکٹرز، نرسز اور طبی عملے نے بے مثال خدمات انجام دے کر انسانیت کی خدمت کی نئی مثال قائم کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبے میں صحت کے شعبے میں تاریخی اصلاحات متعارف کروائی گئی ہیں جن کے تحت 200 موبائل کلینکس کے ذریعے شہری اور دیہی علاقوں میں مفت طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں جبکہ بنیادی مراکز صحت کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جا رہا ہے۔ ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پنجاب حکومت نے پہلی مرتبہ جدید Co-Ablation مشین متعارف کروائی ہے جس کے ذریعے بغیر آپریشن کینسر کا مفت علاج ممکن بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایئر ایمبولینس سروس اور موٹر ویز پر ریسکیو 1122 سروس کا آغاز عوامی فلاح کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بڑھتی آبادی، نئے امراض اور طبی سہولیات کی ضروریات کے باعث مزید مستند اور تربیت یافتہ ڈاکٹروں کی ضرورت ہے۔ باصلاحیت ڈاکٹرز کا بیرون ملک منتقل ہونا قومی صحت کے نظام کیلئے بڑا چیلنج بنتا جا رہا ہے۔ انہوں نے نوجوان ڈاکٹرز پر زور دیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو ملک و قوم کی خدمت کیلئے بروئے کار لائیں۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ پاکستان کے طبی ماہرین اپنی صلاحیت، محنت اور پیشہ ورانہ خدمات کے باعث عالمی سطح پر نمایاں مقام رکھتے ہیں اور بین الاقوامی میڈیکل کانفرنسز تحقیق، طبی تعلیم اور عالمی تعاون کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ کانفرنس کی سفارشات طبی تحقیق، صحت پالیسی اور عوامی فلاح کے شعبوں میں مثبت پیش رفت کا باعث بنیں گی۔

چینی صدر اور ولادیمیر پوتن کے 10 ویں چین۔ روس نمائش کے موقع پر تہنیتی خطوط

بیجنگ (شنہوا) چینی صدر شی جن پھنگ اور ان کے روسی ہم منصب ولادیمیر پوتن نے اتوار کے روز چین کے شمال مشرقی صوبے حئی لونگ جیانگ کے دارالحکومت ہاربن میں شروع ہونے والی 10 ویں چین۔ روس ایکسپو کے موقع پر تہنیتی خطوط ارسال کئے ہیں۔ اپنے پیغام میں شی جن پھنگ نے کہا کہ اس سال چین اور روس کی تزویراتی شراکت داری کے 30 برس اور اچھی ہمسائیگی و دوستانہ تعاون کے معاہدے کی 25 ویں سالگرہ منائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی مشترکہ کوششوں سے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مسلسل مضبوط ہوا ہے اور اس کے نتیجے میں نمایاں کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ چینی صدر نے اپنے خط میں امید ظاہر کی کہ یہ نمائش دونوں ممالک کے مختلف شعبوں کے لئے جغرافیائی قربت اور باہمی فوائد سے بھرپور استفادہ کرنے، عملی تعاون کو مزید فروغ دینے، اقتصادی وسماجی ترقی تیز کرنے اور دونوں ممالک کے عوام کی خوشحالی میں اضافہ کرنے کا موقع فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے نئے دور میں چین۔ روس جامع تزویراتی شراکت داری کو مستحکم اور طویل المدتی بنیادوں پر آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ اپنے پیغام میں روسی صدر پوتن نے کہا کہ یہ نمائش دونوں ممالک کے درمیان سب سے بڑی نمائش کی صورت اختیار کر چکی ہے جو دونوں فریقوں کے درمیان براہ راست اور گہرے مکالمے کے لئے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے۔ روسی صدر نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ یہ نمائش مثبت نتائج دے گی، باہمی مفاد پر مبنی تعاون کے نئے مواقع پیدا کرے گی اور دونوں ممالک کے عوام کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگی۔

سربراہ اقوام متحدہ کا لبنان اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی میں توسیع کا خیر مقدم

اقوام متحدہ (شنہوا) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے لبنان اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی میں 45 دن کی توسیع کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔ پریس آفس کی جانب سے نامہ نگاروں کو بھیجے گئے نوٹ میں کہا گیا ہے کہ انتونیو گوتریس نے ان تمام کوششوں کی اقوام متحدہ کی طرف سے حمایت کا اعادہ کیا ہے جو مخاصمت کے خاتمے اور دونوں جانب بلیو لائن کے علاقوں میں رہنے والی آبادی کی مشکلات کم کرنے کے لئے کی جا رہی ہیں۔ بلیو لائن وہ سرحدی حد بندی ہے جو اقوام متحدہ نے 2000 میں لبنان اور اسرائیل کے درمیان قائم کی تھی۔ پریس آفس کے مطابق سیکرٹری جنرل نے زور دیا کہ فریقین جنگ بندی کے معاہدے کا مکمل احترام کریں، مزید حملے بند کریں اور ہر وقت بین الاقوامی قانون، بشمول بین الاقوامی انسانی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ پریس آفس کے مطابق اقوام متحدہ سفارتی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا تاکہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد 1701 پر مکمل عملدرآمد کو آگے بڑھایا جا سکے جس کا مقصد 2006 کی لبنان جنگ کو حل کرنا تھا جو حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان لڑی گئی تھی۔

چین میں مجسم روبوٹس کے لئے قومی پیشہ ورانہ تربیتی مرکز کا آغاز

ہانگ ژو (شنہوا) چین کے مشرقی صوبے ژے جیانگ کے دارالحکومت ہانگ ژو میں مجسم روبوٹ ایپلی کیشنز کے ایک قومی تجرباتی مرکز کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ یہ شہر روبوٹکس بنانے والی کمپنیوں کا گڑھ ہے جس میں تیزی سے ابھرتی ہوئی کمپنی یونی ٹری بھی شامل ہے۔ قومی آزمائشی مرکز برائے مجسم اے آئی ایپلیکیشنز میں 130 سے زائد روبوٹس موجود ہیں جو 30 سے زائد پیشہ ورانہ شعبوں میں کام کر رہے ہیں جن میں کھانا فراہم کرنا، بغیر عملے کے ریٹیل شاپنگ، تقاریب میں پرفارمنس سے لے کر بجلی کی لائنوں کا معائنہ، پھل توڑنا اور زمین دوز آپریشنز شامل ہیں۔ اس مرکز کو چلانے والی کمپنی ہانگ ژو ایمبا ڈیڈ انٹیلی جنس پائلٹ بیس ٹیکنالوجی کمپنی لمیٹڈ کے ڈپٹی جنرل مینیجر لی شنگ تینگ نے کہا کہ اس آزمائشی مرکز کا مقصد ایک ایسا پلیٹ فارم تیار کرنا ہے جو ملک بھر میں روبوٹکس فرموں کے ساتھ ساتھ صنعتی سلسلے میں شامل دیگر متعلقہ کمپنیوں کے درمیان گہرے تعاون کو فروغ دے تاکہ انفرادی صلاحیتوں کو ایک مشترکہ قوت میں تبدیل کیا جا سکے۔ انسان نما روبوٹس کی ترقی مصنوعی ذہانت کی ورچوئل دنیا سے حقیقی دنیا میں منتقلی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ ٹیکنالوجی چین کی لیبارٹریوں سے نکل کر تیزی سے صنعتی مصنوعات کی شکل اختیار کر رہی ہے جسے چین کے 15 ویں 5 سالہ منصوبے (2026-2030) میں تزویراتی دور اندیشی کے حامل ایک مستقبل کے اہم شعبے کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔

چین کے مشرقی صوبے ژے جیانگ کے شہر جیان دے کے شیایا قصبے کے گاؤں ژی جیانگ میں ایک شخص کھلی فضا میں منعقدہ آرٹ نمائش میں فن پارے دیکھ رہا ہے۔ (شنہوا)

شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق ڈیفنس میں مبشر سے 5 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون، گوالمنڈی میں خالد سے 5 لاکھ روپے اور موبائل فون، گرین ٹاؤن میں دانش سے 4 لاکھ 70 ہزار روپے اور موبائل فون، اسلام پورہ میں جبران سے 4 لاکھ 45 ہزار روپے اور موبائل فون، اقبال ٹاؤن میں رمیز سے 4 لاکھ روپے اور موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ مصری شاہ اور باغبانپورہ سے گاڑیاں جبکہ لاری اڈا انارکلی اور مانگا منڈی سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔

ایس پی کینٹ اختر نواز نے تیزا گاؤں باٹا پور مویشی منڈی کا دورہ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی کینٹ اختر نواز نے تیزا گاؤں باٹا پور مویشی منڈی کا دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او باغبانپورہ، ایس ایچ او باٹا پور اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ایس پی کینٹ اختر نواز نے ڈیوٹی پر موجود جوانوں کو الرٹ رہنے، مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھنے اور شہریوں کو بھرپور تحفظ فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے جوانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ مویشی منڈیوں میں آئے بیوپاریوں اور خرید و فروخت کے لیے آنے والے تمام افراد کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مویشی منڈی کے گرد و نواح میں پٹرولنگ کو مزید سخت بنایا جائے

کھلی کچہری میں اوورسیز پاکستانی خاتون کی جانب سے دی گئی شکایت پر فوری نوٹس

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور نے کھلی کچہری میں اوورسیز پاکستانی خاتون کی جانب سے دی گئی شکایت پر فوری نوٹس لیتے ہوئے اے ایس پی ڈیفنس کو شفاف انکوائری کا حکم دے دیا۔ شکایت میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ باوردی پولیس اہلکاروں نے ڈرائیونگ سیکھتی خاتون کو روک کر غیر ضروری سوالات کیے اور نامناسب رویہ اختیار کیا ترجمان آپریشنز ونگ کے مطابق انکوائری مکمل ہونے پر دونوں پولیس اہلکار قصوروار پائے گئے، جس کے بعد فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ تھانہ ہیئر میں دونوں اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کر کے کانسٹیبلان جاوید اور راحیل کو حوالات میں بند کر دیا گیا ہے جبکہ مزید محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اختیارات سے تجاوز اور شہریوں کے ساتھ غیر قانونی یا غیر اخلاقی رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر سے ڈی جی نادرا پنجاب کی ملاقات

صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر کی قاسم علی شاہ فاؤنڈیشن آمد، نوجوانوں سے خطاب

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت و آبادی صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر سے ڈی جی نادرا پنجاب فضا شاہد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز محسن مطلوب اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سی آر وی ایس پنجاب رضوان علی بھٹی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران پیدائش، وفات اور دیگر شہری ریکارڈ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صحت اور آبادی کے شعبے میں نادرا اور محکمہ صحت کے باہمی تعاون کو فروغ دینے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ شہریوں کو بروقت اور معیاری سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے جدید اور مربوط نظام ناگزیر ہے۔ انہوں نے نادرا اور محکمہ صحت کے درمیان ڈیجیٹل کوآرڈینیشن کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات میں عوامی فلاح اور سروس ڈیلیوری کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مختلف تجاویز اور مشترکہ اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ قبل ازیں صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر نے قاسم علی شاہ فاؤنڈیشن کا دورہ کیا جہاں انہوں نے فیوچر لیڈرز پروگرام کے شرکاء سے خصوصی ملاقات اور خطاب کیا۔ اس موقع پر معروف موٹیویشنل سپیکر قاسم علی شاہ بھی موجود تھے۔ خواجہ عمران نذیر نے نوجوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہم سب کا وطن ہے اور اس کی ترقی کے لیے سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر کردار ادا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی اثاثہ اور روشن مستقبل کے معمار ہیں، اس لیے انہیں مثبت سوچ، محنت، دیانت اور مستقل مزاجی کو اپنا شعار بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ انسان کو اپنے ماضی پر شرمندہ نہیں ہونا چاہیے کیونکہ مستقبل کی مضبوط بنیاد ہمیشہ ماضی کے تجربات پر استوار ہوتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ناکامی انسان کو سکھاتی ہے اور کامیابی کے راستے متعین کرتی ہے۔ انہوں نے البرٹ آئن اسٹائن کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کامیابی میں ایک فیصد کردار ذہانت جبکہ ننانوے فیصد کردار محنت کا ہوتا ہے۔ صوبائی وزیر نے قاسم علی شاہ فاؤنڈیشن کی نوجوانوں کی کردار سازی اور قیادت کی تربیت کے حوالے سے خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ نئی نسل کو مثبت سمت فراہم کر رہا ہے۔ تقریب کے دوران شرکاء نے مختلف موضوعات پر سوالات بھی کیے جبکہ تعلیم، شخصیت سازی، قیادت اور قومی ترقی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر قاسم علی شاہ نے نوجوانوں کے ساتھ نشست میں شرکت پر خواجہ عمران نذیر کا شکریہ ادا کیا۔ پریس ریلیز وزیر اعظم کے داماد علی عمران کی خواجہ شاہ زیب کی رہائش گاہ آمد، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال لاہور: وزیر اعظم پاکستان کے داماد علی عمران معروف صنعتکار خواجہ شاہ زیب کی رہائش گاہ گئے جہاں صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں وسیم افضل، خواجہ جہانزیب اکرم اور رانا عمران علی منج سمیت دیگر شخصیات نے بھی شرکت کی۔ شرکاء نے علی عمران کو سیاسی مقدمات میں بریت پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے انصاف کی فتح قرار دیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ خود ساختہ تبدیلی سرکار کے دور میں سیاسی انتقام کی سیاست کو فروغ دیا گیا تاہم علی عمران اور ان کے خاندان نے بہادری اور استقامت سے حالات کا مقابلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی انتقام کی سیاست نے ملک و قوم کو نقصان پہنچایا جبکہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ہمیشہ آئین، قانون اور جمہوری اقدار کی سربلندی کے لیے جدوجہد کی۔ علی عمران نے مشکل وقت میں ساتھ دینے والوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی اور عوامی خدمت کے سفر کو مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائے گا۔ ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

چین کے مشرقی شنگھائی میں واقع شنگھائی وائی گاؤچھیاؤ شپ بلڈنگ کمپنی لمیٹڈ کے گھاٹ سے کروز جہاز اڈورا فلورا سٹی آزمائشی سفر پر روانہ ہو رہا ہے۔ (شنہوا)

پنجاب پولیس کے لاہور سمیت صوبہ بھر میں امن و امان کی صورتحال کو مزید موثر بنانے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ اور کومبنگ آپریشنز تسلسل کے ساتھ جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس کے لاہور سمیت صوبہ بھر میں امن و امان کی صورتحال کو مزید موثر بنانے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ اور کومبنگ آپریشنز تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ رواں سال کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر میں 152 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے جن کے دوران 11 ہزار سے زائد افراد سے پوچھ گچھ کی گئی جبکہ 160 جرائم پیشہ افراد کو حراست میں لیا گیا۔ رواں سال کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر میں 77 ہزار 501 کومبنگ آپریشنز بھی کیے گئے جن کے دوران 23 لاکھ 41 ہزار سے زائد افراد سے پوچھ گچھ کی گئی اور 10 ہزار 771 جرائم پیشہ و مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا۔ کومبنگ آپریشنز کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے قبضہ سے 58 کلاشنکوف، 213 رائفلز، 999,1 پسٹلز، 152 بندوقیں، 44 ریوالور اور ہزاروں کی تعداد میں گولیاں برآمد کی گئیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ کومبنگ آپریشنز کے دوران 900,3 منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے 890,3 مقدمات درج کیے گئے۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 536,2 کلوگرام چرس، 278 کلوگرام ہیروئن، 102 کلوگرام آئس، 47 کلوگرام افیون اور 43 ہزار 514 لیٹر شراب برآمد کی گئی۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے کہا ہے کہ ملک دشمن اور جرائم پیشہ عناصر کا محاسبہ کرنے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ اور کومبنگ آپریشنز بلا تعطل جاری رکھے جائیں۔

جنوبی بحیرہ چین میں چین کے ہوانگ یان ڈاؤ کے علاقائی پانیوں میں چائنہ کوسٹ گارڈ (سی سی جی) کا جہاز چھوان شان گشت پر مامور ہے۔ (شنہوا)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق واسا لاہور مون سون سیزن میں شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے متحرک

لاہور (رپورٹ علی حسین شیرازی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق واسا لاہور مون سون سیزن میں شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے متحرک ایم ڈی واسا لاہور غفران احمد کا چھٹی کے روز رائل ریزیڈنس ڈسپوزل کا دورہ، نکاسی آب کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ اس کے علاوہ ایم ڈی واسا لاہور نے فیروزپور روڈ پر روڈ سائیڈ ڈرین کی ڈی سلٹنگ کا معائنہ کیا ڈائریکٹر نشتر ٹاؤن شمس ایوب نے ایم ڈی واسا کو کاموں کی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ایم ڈی واسا غفران احمد نے افسران کو ہدایت کی کہ تمام ڈسپوزل اسٹیشنز اور ڈرینز کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے۔ ایم ڈی واسا مون سون سے قبل روڈ سائیڈ نالوں کی صفائی اور ڈی سلٹنگ کا کام ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ ایم ڈی واسا مشینری، ڈی واٹرنگ سیٹس اور آپریشنل عملہ ہمہ وقت تیار رکھا جائے۔ ایم ڈی واسا غفلت یا سستی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔

والٹن کنٹونمنٹ بورڈ میں مبینہ کرپشن، اختیارات کے ناجائز استعمال اور ذہنی ہراسانی کا خوفناک انجام، ملازم نے تیسری منزل سے کود کر خودکشی کی کوشش کر دی

با اثر افسران کی پشت پناہی، گالم گلوچ اور دباؤ کے الزامات، ملازمین میں خوف و ہراس، شہری حلقوں کا شفاف تحقیقات کا مطالبہ

رانا عادل

ملازم واجد

لاہور (تخلیق صدیقی سے) والٹن کنٹونمنٹ بورڈ ایک بار پھر سنگین الزامات کی زد میں آ گیا، جہاں مبینہ کرپشن، اختیارات کے ناجائز استعمال، ذہنی دباؤ اور غیر اخلاقی رویوں کے باعث ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا۔ ذرائع کے مطابق واجد نامی شخص نے مبینہ طور پر افسران کے ناروا سلوک اور مسلسل ذہنی اذیت سے تنگ آ کر خودکشی کرنے کی کوشش کی۔ واقعہ کنٹونمنٹ بورڈ کی تیسری منزل پر پیش آیا جہاں متاثرہ شخص عمارت کے آخری حصے میں موجود وینٹیلیشن ایریا تک پہنچ گیا اور نیچے کودنے کی کوشش کی، تاہم موقع پر موجود اہلکاروں اور دیگر افراد نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے اسے پکڑ لیا اور اس کی جان بچا لی۔ ذرائع کے مطابق اس سارے واقعے کے پیچھے رانا عادل کا مبینہ غیر اخلاقی اور توہین آمیز رویہ تھا۔ بتایا جا رہا ہے کہ رانا عادل نے واجد کے ساتھ سخت بدزبانی کی، نازیبا الفاظ استعمال کیے اور مبینہ طور پر دفتر میں اس کی تضحیک کی گئی جس سے اس کی عزت نفس بری طرح مجروح ہوئی۔ عینی شاہدین کے مطابق واقعے سے قبل دفتر میں شدید تلخ کلامی ہوئی جس کے بعد واجد شدید ذہنی دباؤ اور اضطراب میں مبتلا دکھائی دیا۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ معاملہ صرف بدتمیزی تک محدود نہیں بلکہ کنٹونمنٹ بورڈ کے بعض حلقوں میں مبینہ کرپشن، اختیارات کے ناجائز استعمال اور با اثر افسران کی پشت پناہی کے الزامات بھی گردش کر رہے ہیں۔ ملازمین کے مطابق چند افسران مبینہ طور پر اپنے اثر و رسوخ کے ذریعے ماتحت عملے کو دباؤ میں رکھتے ہیں جبکہ شکایات سامنے آنے کے باوجود کارروائی نہیں کی جاتی۔ اس سارے معاملے میں رانا عمیر کا نام بھی سامنے آ رہا ہے، جنہیں لاہور کنٹونمنٹ بورڈ میں ایک با اثر افسر تصور کیا جاتا ہے۔ ذرائع کے مطابق رانا عمیر مبینہ طور پر اپنے بھائی رانا عادل کی پشت پناہی کرتے ہیں جس کے باعث متعدد شکایات کے باوجود اس کے خلاف کوئی موثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ بعض ملازمین کا دعویٰ ہے کہ دفاتر میں خوف کی فضا قائم ہے اور کئی اہلکار دباؤ کے باعث کھل کر بات کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد بھی متاثرہ شخص کو انصاف فراہم کرنے کے بجائے اس کے خلاف شوکاز نوٹس جاری کروانے اور اسے ذہنی مریض ظاہر کرنے کی مبینہ کوشش کی گئی تاکہ اصل معاملے سے توجہ ہٹائی جا سکے۔ اس اقدام پر ملازمین اور شہری حلقوں میں شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔ سماجی اور شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اس افسوسناک واقعے کی اعلیٰ سطح پر غیر جانبدارانہ تحقیقات کروائی جائیں اور اگر الزامات درست ثابت ہوں تو ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری اداروں میں اختیارات کا ناجائز استعمال، ذہنی ہراسانی اور مبینہ کرپشن جیسے معاملات نہ صرف اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہے ہیں بلکہ انسانی جانوں کو بھی خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ اس حوالے سے تنویر خان سے موقف لینے کے لیے بار بار رابطہ کیا گیا اور متعدد فون کالز کی گئیں، تاہم ان کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ جبکہ رانا عادل سے بھی رابطے کی کوشش کی گئی مگر ان کا موقف سامنے نہ آ سکا۔ اگر رانا تنویر خان یا رانا عادل اس خبر کے حوالے سے اپنا موقف دینا چاہیں تو ان کا موقف بھی شائع کیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی کی ہدایات پر مویشی منڈیاں قائم

مویشی منڈی بیوپاریوں کو پانی و لائٹ سمیت مکمل سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ چیف میونسپل آفیسر زبیر وٹو

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ضلع سیالکوٹ میں شہریوں اور بیوپاریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے قربانی کے جانوروں کی خرید و فروخت کے 5 باقاعدہ سیل پوائنٹس قائم کر دیے گئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں قائم کیے گئے یہ سیل پوائنٹس میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ کے چوک اکبر آباد، ضلع کونسل کی گولو پھالہ، ڈسکہ کے شیراں دا کوٹ جیسر والہ، پسرور نزد جنرل بس اسٹینڈ جبکہ سمبڑیال میں یونیورسٹیز روڈ پر ای پی زیڈ کے قریب قائم کیے گئے ہیں، جہاں بڑے اور چھوٹے جانوروں کی خرید و فروخت کیلئے تمام بنیادی اور ضروری سہولیات مہیا کر دی گئی ہیں۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن محمد زبیر وٹو نے بتایا کہ صباء اصغر علی کی ہدایات پر تمام سیل پوائنٹس پر جانوروں کیلئے کشادہ سائبان، صاف پینے کے پانی، چارے کے انتظام، صفائی ستھرائی، مناسب نکاسی آب اور روشنی کے خصوصی انتظامات مکمل کیے گئے ہیں تاکہ جانوروں اور بیوپاریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے بتایا کہ جانوروں کی صحت اور بروقت طبی امداد کیلئے محکمہ لائیو اسٹاک کے ویٹرنری میڈیکل کیمپ قائم کیے گئے ہیں جہاں ماہر ڈاکٹرز جانوروں کا معائنہ کر رہے ہیں، جبکہ شہریوں اور بیوپاریوں کیلئے ہیلتھ کیمپ بھی قائم کیے گئے ہیں جہاں بنیادی طبی سہولیات اور ضروری ادویات مفت فراہم کی جا رہی ہیں۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے Rescue 1122 کی ٹیمیں ہمہ وقت موجود ہیں۔ سکیورٹی کے مؤثر انتظامات کیلئے پولیس چیک پوسٹس قائم کی گئی ہیں جبکہ رات کے اوقات میں بلا تعطل بجلی کی فراہمی کیلئے جنریٹرز بھی نصب کیے گئے ہیں۔ شہریوں کی سہولت کیلئے بینکنگ سروسز، اے ٹی ایم سہولت، انتظار گاہیں، پنکھے، بیٹھنے کا انتظام اور صاف پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے تحت ان منڈیوں میں فراہم کی جانے والی تمام سہولیات مکمل طور پر مفت ہیں اور جانوروں کی خرید و فروخت پر کسی قسم کی فیس، ٹیکس یا اضافی چارجز وصول نہیں کیے جائیں گے۔ تمام سیل پوائنٹس 24 گھنٹے فعال رہیں گے اور عید الاضحیٰ کے تیسرے روز تک شہریوں اور بیوپاریوں کو خدمات فراہم کرتے رہیں گے۔

Invitation to Bids

Punjab Saaf Pani Authority (PSPA) (hereinafter referred to as the "client"), invites E-Bids (by uploading PDF File) for framework Contract for 1 Year (extendable to further 02 years) from professional as well as financially sound Firms registered with **FBR & PRA (NTN and PNTN)** who are on Active Tax Payers list of FBR & PRA, for E-Procurement on "e-Pak Acquisition and Disposal system (e-PADS)". All e-bids must be submitted through e-PADS concerning **Framework Contract for the Procurement of Executive Rental Vehicles Services for Punjab Saaf Pani Authority.**

2. The intending bidder(s) shall download the bidding documents from the E-PADS / website of the Authority and participate in the procurement process without paying any cost or fee. The Uniform Resource Locator (URL) of the website of the Authority and E-PADS are as follows:

https://eproc.punjab.gov.pk
https://punjab.eprocure.gov.pk

The response time shall be calculated exclusively from the date of publication of advertisement on the website of the Authority.

3. All E-bids must be accompanied by a Bid-Security in the shape of CDR / Bank Guarantee from any Scheduled Bank in Pakistan in favor of Director (Procurement & Contracts), PSPA for amounting to **Rs. 472,500/-**.

4. Original Bid Security instrument (2% of the estimated cost), as mentioned above, must be submitted in an envelope clearly marked with the Tender Title, before the E-bid Submission deadline at the Office of **Director (Procurement & Contracts)** situated at 4th Floor, EFU House, Main Gulberg, Jail Road, Lahore.

5. **The bidders shall complete and authenticate their complete E-bids (by uploading PDF File) and it must be submitted online on e-Procurement System (EPADS) website i.e. https://punjab.eprocure.gov.pk as per the following schedule:**

E-Bids Submission Date & Time	08th June, 2026 at 01:00 PM
E-Bids Opening Date & Time	08th June, 2026 at 01:30 PM

6. In case e-bid or proposal including record submitted on the e-PADS found corrupt, un-readable or contain virus, the e-bid or proposal shall be rejected.

7. **Single stage two envelopes** bidding procedure will be adopted. Submission of encrypted electronic file shall be deemed submission in "envelope" as mentioned in the rules.

8. Only technically responsive bidder(s) will be qualified for opening of financial bid(s). Financial bid(s) of bidder(s) found technically nonresponsive shall remain unopened in the e-PADS.

9. The procuring Authority may reject all bids or proposals at any time prior to the acceptance of a bid or proposal under Punjab PP Rules 2014 **(Rule-35)**.

10. Conditional tender will not be accepted.

11. Tendered rates and amount should be filled in figures as well as in words.

12. In case, the last date of bid submission falls in / within the official holiday(s), the last date for submission of the bids shall be the next working day.

13. The bids will be valid for 120 days.

14. Estimated cost is Rs. **23,625,000/-** (Technical Sanction issued vide no. No. Dir(P&C)/1941-43 Dated: 14.05.2026).

15. Bidders are advised to ensure uploading the Bids on E-PADS Portal, well before the submission deadline, and not wait for the last date and time to upload the bid. Bid submission on E-PADS Portal shall entirely be the responsibility of the bidder. Punjab Saaf Pani Authority shall not be held responsible for any issue thereof. For any assistance regarding E-PADS Portal, system support email and phone numbers are provided hereunder:

E-PADS Helpline: 051-111-137-237 **IPL:4959**

لوہاری گیٹ کے علاقہ میں بیوی کا اپنے ہی شوہر پر قاتلانہ حملہ

پولیس حکام کے مطابق مقدمے میں نامزد ملزمہ صبور عدالت سے پری اریسٹ بیل حاصل کر چکی ہے، جس کے باعث قانونی تقاضے پورے کیے جا رہے ہیں اور کیس کی تفتیش میرٹ پر جاری ہے

لاہور (خالد صمدانی سے) لوہاری گیٹ کے علاقہ میں بیوی کا اپنے ہی شوہر پر قاتلانہ حملہ۔ ذرائع کے مطابق حمزہ بٹ پر اس کی بیوی نے چھریوں سے وار کرتے ہوئے شدید زخمی کر دیا۔ پولیس زخمی کو ہسپتال منتقل کرتے ہوئے مقدمہ درج کر لیا۔ انوسٹی گیشن پولیس کی جانب سے تاحال ملزمہ کو گرفتار نہ کیا گیا مدعی مقدمہ کا کہنا ہے کہ میرے بیٹے کو جان سے مارنے کی کوشش کرنے والی میری بہو صبور کو گرفتار کیا جائے لوہاری گیٹ انویسٹیگیشن پولیس ملزمہ کی گرفتاری کے لیے ٹال مٹول سے کام لے رہی ہے جبکہ میرا بیٹا زندگی اور موت کے کشمکش میں جھول رہا ہے کیس کا تفتیشی افسر نہ کوئی بات سن رہا ہے اور نہ ہی ملزمہ کی گرفتاری کے لیے کوئی چھاپہ مار رہا ہے میری وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ آئی جی پنجاب عبدالکریم ڈی آئی جی انویسٹی گیشن اور ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید صاحب سے اپیل ہے کہ ملزمہ کے خلاف سخت کارروائی کی جائے

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

روزنامہ قوت لاہور

"روزنامہ قوت لاہور" (3) 18 مئی 2026ء

فخرِ فیصل آباد صوفی فنکار قدیر احمد خان کے لیے صدارتی ایوارڈ برائے حسن کارکردگی

فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے اور گزشتہ پچیس برس سے اسپین میں مقیم معروف نعت خواں، صوفی اور لوک فنکار قدیر احمد خان نے یورپ بھر میں پاکستانی ثقافت، صوفی روایات اور لوک موسیقی کو متعارف کرانے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) یورپ میں مقیم پاکستانی نژاد صوفی فنکار قدیر احمد خان کو صدارتی ایوارڈ برائے حسن کارکردگی عطا قدیر احمد خان کو حکومتِ پاکستان کی جانب سے فن، ثقافت اور صوفی موسیقی کے فروغ میں گراں قدر خدمات کے اعتراف میں "صدارتی ایوارڈ برائے حسن کارکردگی" (Pride of Performance) سے نواز دیا گیا۔ یہ اعزاز گزشتہ بدھ گورنر ہاؤس لاہور میں منعقدہ ایک پروقار سول ایوارڈ تقریب میں عطا کیا گیا۔ فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے اور گزشتہ پچیس برس سے اسپین میں مقیم معروف نعت خواں، صوفی اور لوک فنکار قدیر احمد خان نے یورپ بھر میں پاکستانی ثقافت، صوفی روایات اور لوک موسیقی کو متعارف کرانے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور یونیسکو کے پلیٹ فارمز پر منعقد ہونے والے مختلف عالمی ثقافتی میلوں میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے اپنی فنکارانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ قدیر احمد خان اسپین سمیت یورپ کے مختلف ممالک میں بے شمار ثقافتی اور مذہبی پروگراموں میں شرکت کر چکے ہیں، جہاں انہوں نے نعتیہ کلام، صوفی موسیقی اور پاکستانی لوک فن کو عالمی سطح پر اجاگر کیا۔ وہ بارسلونا کے تاریخی چرچ "ساتا ماریا" میں منعقدہ عالمی ثقافتی میوزک ایونٹ میں بھی پاکستان کی نمائندگی کر چکے ہیں، جہاں ان کی صوفیانہ پرفارمنس کو بے حد سراہا گیا۔ انہوں نے اسپینش ٹیلی ویژن پر پاکستانی کمیونٹی سے متعلق تیار کی جانے والی ڈاکومنٹری میں بھی پرفارم کیا، جبکہ اسپین کی وزارت داخلہ کی خصوصی دعوت پر مختلف جیلوں میں مقیم ایشیائی اور مسلمان قیدیوں کے لیے خصوصی روحانی و ثقافتی پروگرام بھی پیش کیے۔ پاکستانی کمیونٹی اور ثقافتی حلقوں نے قدیر احمد خان کو ملنے والے اس اعلیٰ قومی اعزاز کو یورپ میں مقیم پاکستانیوں کے لیے باعثِ فخر قرار دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وہ یورپ میں مقیم پہلے پاکستانی فنکار ہیں جنہیں حکومتِ پاکستان کی جانب سے "پرائیڈ آف پرفارمنس" جیسے ممتاز سول اعزاز سے نوازا گیا ہے۔

پروفیشنل میڈیا الائنس گروپ صحافیوں کے حقوق و احترام کا علمبردار ہے۔ چیئرمین عثمان بٹ

گرین جرنلزم کے فروغ کیلئے عملاً سرگرم عمل ہیں۔ ملک ممتاز اعوان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) صحافیوں کے حقوق کے تحفظ اور صحافی برادری کے وقار اور گرین جرنلزم کے فروغ کیلئے پروفیشنل میڈیا الائنس گروپ سرگرم عمل ہے۔ ہماری کوشش ہے اپنے صحافیوں کے حقوق کی جنگ کرنے کیساتھ شہریوں کے مسائل و مشکلات اور انکی دادرسی کیلئے انکی توانا آواز بنیں۔ ان باتوں کا اظہار چیئرمین پروفیشنل میڈیا الائنس عثمان بٹ اور ملک ممتاز اعوان نے آفس میں دوران گفتگو کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا میڈیا فورم معاشرے کے پسے ہوئے طبقے اور ان مظلوموں کی آواز ہے جن کا طاقتور طبقات و بااثر لوگ معاشی استحصال کر رہے ہیں۔ عثمان بٹ نے کہا کہ پروفیشنل میڈیا الائنس کا مقصد اپنے قومی سلامتی و ریاستی اداروں اور پاکستان کے مثبت تعمیری کردار کو دنیا پر آشکار کرنے کیلئے افواج پاکستان و وطن عزیز کا بہترین تشخص دنیا کو دکھانا ہے۔

چنیوٹ، جامعہ محمدی شریف، دارالحدیث آڈیٹوریم میں مجاہد ملت مولانا محمد ذاکر رحمہ اللہ سیمینار منعقد ہوا،

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ، جامعہ محمدی شریف، دارالحدیث آڈیٹوریم میں ※※ مجاہد ملت مولانا محمد ذاکر رحمہ اللہ سیمینار ※※ منعقد ہوا، جس کا موضوع ※※ بزرگان دین کا منہج رجال سازی ※※ تھا۔ مولانا امجد اقبال نے افتتاحی کلمات کہے۔ کلیدی مقرر، ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان، جناب ڈاکٹر نجم الحسن نے مولانا محمد ذاکر رحمہ اللہ کی ملی خدمات اور دعوت دین میں ان کی مساعیوں کو اجاگر کیا۔ آخر میں صدر نشین جامعہ محمدی شریف صاحبزادہ محمد قمر الحق ضیائی نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

شہر بھر میں پیرا فورس کی چیرہ دستیاں اور مظالم عروج پر پہنچ گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) شہر بھر میں پیرا فورس کی چیرہ دستیاں اور مظالم عروج پر پہنچ گئے۔ پولیس سے آئے بدنام زمانہ اور کرپٹ ملازمین کے ساتھ ساتھ پیرا فورس کے انچارج نے ضلع بھر میں مار دھاڑ شروع کر دی جبکہ پولیس سے آئے بعض ملازمین نے دوکانداروں کو بھتہ دینے پر مجبور کرنا شروع کر دیا۔ دوسری جانب گذشتہ روز پیرا فورس کے ایس ڈی او نے خود ایک غریب محنت کش کو تھپڑ مار کر سر عام تشدد کا نشانہ بنا ڈالا جس نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کو خاک میں ملا دیا۔

چیف سول ڈیفنس کی زیر قیادت معرکہ حق و بنیان المرصوص کی سالگرہ کی تقریب منعقد ہوئی

قوم فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے شانہ بشانہ کھڑی تھی۔ طاہر مجید کپور

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیف سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی زیر قیادت سول ڈیفنس ایگزیکٹو والنٹیرز نے معرکہ حق و آپریشن بنیان المرصوص کی سالگرہ کے سلسلہ میں مسلح افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے پروقار تقریب کا منعقد کی اس موقع پر کیک کٹنگ کے بعد شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے چیف سول ڈیفنس طاہر مجید کپور نے کہا کہ دوران جنگ سول ڈیفنس ریزیلنس کور کا جذبہ دیدنی تھا ہمہ وقت تیار کے نعرہ کو لیکر مشقوں کے دوران قومی یکجہتی و جذبہ ایمانی سے سرشار تمام رضا کاران ہر قسم کے ہنگامی حالات کیلئے تیار تھے۔ انہوں نے کہا کہ سول ڈیفنس سیالکوٹ انشاء اللہ قوم کی حفاظت کیلئے ہم اپنی مسلح افواج پاکستان کے ہمرکاب تھے ہیں اور رہیں گے۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے گندم کی غیر قانونی سمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی روکنے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے گندم کی غیر قانونی سمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی روکنے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دیں۔ ضلعی انتظامیہ محکمہ ریونیو کے افسران اور پیرا فورس پر مشتمل ٹیموں نے ضلع کے تمام داخلی و خارجی رستوں پر مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ شروع کر دی اور اس سلسلہ میں تمام خارجی رستوں پر عارضی چیک پوسٹیں بھی قائم کر دی گئی ہیں جبکہ افسران کی جانب سے مختلف رائس ملز کے گوداموں کو بھی چیک کیا جا رہا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تویر یاسین، اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد نرجس خاتون جعفری، اے سی پنڈی بھٹیاں محسن اقبال ڈھلوں نے محکمہ ریونیو کے اہلکاروں اور پیرا فورس کے ہمراہ خانقاہ ڈوگراں موٹروے انٹرچینج کوٹ سرور انٹرچینج، پنڈی بھٹیاں، قادرآباد بیراج، اقبال نگر اور ضلع کے دیگر داخلی، خارجی راستوں کی سخت نگرانی کرتے ہوئے تمام مال بردار گاڑیوں کی تفصیلی سے چیکنگ کی علاوہ ازیں ضلعی افسران نے مختلف رائس ملز کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے گندم۔ کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزی روکنے کے لیے گوداموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ گندم کی غیر قانونی اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کرنے کی کسی صورت اجازت نہیں، ذخیرہ اور اسمگل کی جانے والی تمام گندم قبضہ میں لے لی جائیگی۔ ڈپٹی کمشنر ضلعی انتظامیہ اور پیرا فورس کو ہدایت کی ہے کہ گندم۔ کی نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھی جائے۔

ڈی ڈی ایچ او پسرور کا عطائی ڈاکٹروں و اسپتالوں کیخلاف زبردست کریک ڈاؤن

ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر اسلم چوہدری کی ہدایات پر عمل پیرا ہیں۔ ڈاکٹر طارق جاوید

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی سیالکوٹ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ کی ہدایات پر عمل پیرا ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ آفیسر پسرور ڈاکٹر طارق جاوید کا ہیلتھ ٹیم کے ہمراہ پسرور و گردو نواح میں گلی محلوں میں غیر قانونی کلینک چلانے والے عطائی ڈاکٹروں و عطائی ڈاکٹروں کے غیر قانونی اسپتالوں کی کیخلاف زبردست کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس دوران مختلف جگہوں پر موجود بغیر ڈگری بیٹھے جعلی عطائی ڈاکٹروں کے کلینکس کو سیل کرتے ہوئے ان کے خلاف محکمانہ قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائیاں جاری ہیں دوسری جانب ڈاکٹر طارق جاوید کا میڈیا سے گفتگو کے دوران کہنا ہے کہ شہریوں کو عطائی ڈاکٹروں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ کریک ڈاؤن کے دوران بغیر لائسنس میڈیکل سٹوروں کو بھی سیل کیا جارہا ہے۔

ماہ ذوالحجہ صبر استقامت سب کچھ اللہ کے لئے قربان کردینا فلسفہ قربانی ہے: مولانا راحیل احمد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خدام فکر اسلاف چنیوٹ کے زیر اہتمام ماہانہ درس قرآن وحدیث کا انعقاد جامع مسجد شاہ برہان مسجد مقتیاں والی میں شرکا سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین خدام فکر اسلاف پیر طریقت مولانا قاری محمد یامین گوہر چنیوٹی مولانا احمد اللہ مولانا راحیل احمد نے کہا کہ ماہ ذوالحجہ صبر استقامت سب کچھ اللہ کے لئے قربان کردینا فلسفہ قربانی ہے حج بیت اللہ عالمی اخوت ورواداری کا پیغام فریضہ حج ارکان اسلام کا عظیم رکن مخیر حضرات پر فرض ہے اسلام سچا اور کامل مزہب روز محشر تک امت کے لئے مکمل ضابطہ حیات دین اسلام قرآن وسنت پر عمل پیرا ہونے کا درس دیتا ہے خود کو مکمل دین میں داخل کرنے کے لئے قرآن وسنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے قرآن وحدیث پر عمل کے بغیر کامیابی ممکن نہیں ہمیں چاہیئے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کریں دنیا وآخرت کی کامیابی احکام خداوندی کی پیروی اطاعت رسول میں ہے

تھوہا راجگان تا بادشاہ پور سڑک کے بقیہ حصے کی تعمیر کا کام شروع

جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ نواز پی پی 21 راجہ عدنان مسعود جنجوعہ نے موقع کا وزٹ کرکے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا



چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) سابق صوبائی وزیر و رکن صوبائی اسمبلی پنجاب ملک تنویر اسلم اعوان کی خصوصی کاوشوں سے تھوہا راجگان تا بادشاہ پور سڑک کے بقیہ حصے کی تعمیر کا کام شروع کر دیا گیا، جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ نواز پی پی 21 راجہ عدنان مسعود جنجوعہ نے موقع کا وزٹ کرکے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور کام کو معیاری بنانے کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں، دوسری جانب روڈ کی تعمیر کا کام شروع کروانے پر علاقائی عوام نے ملک تنویر اسلم اعوان کا خصوصی شکریہ ادا کیا ہے، واضح رہے تھوہا راجگان تا بادشاہ روڈ پروجیکٹ ملک تنویر اسلم اعوان کی خصوصی کاوشوں سے ہی منظور ہوا جبکہ کچھ کام ادھورا رہ گیا تھا جس پر دوبارہ کام شروع کر دیا گیا ہے*

فوٹو جرنلسٹس مرحوم محمد صادق نے صحافت میں باوقار مقام بنایا: پرویز خالد شیخ

وہ نہ صرف وعدہ اور وقت کی پابندی کرتے تھے بلکہ اسکے ساتھ ساتھ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے ادا کرتے تھے

انجمن اسلامیہ رجسٹرڈ فیصل آباد کے زیر اہتمام تعزیتی ریفرنس کی صدارت ڈاکٹر ریاض مجید نے کی: مہمان خصوصی پرویز خالد شیخ تھے

تعزیتی ریفرنس کے اختتام پر محمد صادق کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی: اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطاء فرمائے: شرکاء

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن فیصل آباد کے صدر مرحوم محمد صادق کا شمار شہر کے ان عظیم فوٹو جرنلسٹس میں ہوتا ہے جنہوں نے شعبہ صحافت میں باوقار زندگی گزاری اور کبھی بھی اپنے شعبے سے وابستہ فرد کیساتھ ایسا رویہ اختیار نہیں کیا۔ جس سے انکے بارے میں منفی پہلو نظر آتا ہو۔ انہوں نے بطور فوٹو جرنلسٹس ایسی مثبت روایات قائم کیں کہ جن کا ختم ہونا ناممکن دکھائی دیتا ہے۔ وہ نہ صرف وعدہ اور وقت کی پابندی کرتے تھے بلکہ اسکے ساتھ ساتھ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے ادا کرتے تھے۔ انہوں نے چار دہائیوں کے دوران مختلف قومی اخبارات میں بطور فوٹو جرنلسٹس کام کیا جس ادارے میں بھی رہے انہوں نے کام کو سراہا۔ ان خیالات کا اظہار انجمن اسلامیہ رجسٹرڈ فیصل آباد کے زیر اہتمام محمد صادق مرحوم کے تعزیتی ریفرنس سے ڈاکٹر ریاض مجید ※ پرویز خالد شیخ ※ میاں بشیر اعجاز ※ میاں رفعت قادری ※ حمید شاکر ※ اصغر علی انجم ※ شہزاد بیگ ※ کامران رشید ※ نعیم چوہدری ※ ڈاکٹر نعیم اشرف ※ سعید سومی ※ چوہدری محمد امین نے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تعزیتی ریفرنس کی صدارت ڈاکٹر ریاض مجید نے کی میزبان اور مہمان خصوصی پرویز خالد شیخ صدر انجمن اسلامیہ تھے۔ مرحوم کے فرزند محمد آصف ※ محمد ساجد نے کہا کہ ہم اپنے والد کے رفقاء سے حسب سابق پیشہ ورانہ تعلقات قائم رکھیں گے۔ تعزیتی ریفرنس کے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

پارکوں کی بدحالی اور ناقص صورتحال ہونے کی وجہ سے شہری تفریحی سرگرمیوں سے محروم ہیں

جبکہ بچے سڑکوں پر کھیلنے پر مجبور ہیں۔ شہر کو خوبصورت بنانے کیلئے قائم کئے گئے 200 سے زائد پارکس تباہی اور بدحالی کا شکار بن چکے ہیں

فیصل آباد (اشرف خان) جماعت اسلامی کے راہنماؤں چوہدری محمد کلیم، میاں طاہر ایوب، شیخ افضال شاہین نے شہر بھر کے پارکوں میں پی ایچ اے کی ناقص کارکردگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارکوں کی بدحالی اور ناقص صورتحال ہونے کی وجہ سے شہری تفریحی سرگرمیوں سے محروم ہیں ٹوٹے جھولے بچوں کا منہ چڑا رہے ہیں جبکہ بچے سڑکوں پر کھیلنے پر مجبور ہیں۔ شہر کو خوبصورت بنانے کیلئے قائم کئے گئے 200 سے زائد پارکس تباہی اور بدحالی کا شکار بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارکوں میں تعینات پی ایچ اے کے عملے کا بھی ڈیوٹیوں سے غائب رہنا معمول ہے، بہتر نگہداشت نہ ہونے اور بروقت پانی نہ ملنے کی وجہ سے پودے خراب ہو رہے ہیں۔ صوبائی حکومت کی طرف سے متعدد بار فنڈز کے اجراء کے باوجود بھی پارکوں کی صورتحال بہتر نہ بنایا جانا انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایچ اے کے زیر انتظام چلنے والے 350 سے زائد پارکوں میں سے 200 سے زائد پارک ایسے ہیں جہاں نہ تو واک کرنے کیلئے ٹریک موجود ہیں اور نہ ہی پارک میں گھاس اور پودے بہتر حالت میں موجود ہیں۔ پی ایچ اے حکام کی جانب سے تباہ شدہ اور خستہ حال پارکوں کی تعمیر و مرمت کیلئے کئے گئے وعدوں کو عملی جامہ نہ پہنایا گیا۔ جماعت اسلامی کے راہنماؤں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری توجہ دینے کا مطالبہ کیا ہے۔

حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عید الضحیٰ کے سلسلہ میں مویشی منڈی قائم۔ کردی گئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عید الضحیٰ کے سلسلہ میں مویشی منڈی قائم کر دی گئی۔ مدھریانوالہ روڈ ہاؤسنگ کالونی میں قائم کی جانے والی مویشی منڈی میں چھوٹے بڑے جانور خرید و فروخت کے لیے لائے گئے ہیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی خرم حمید اور سی او ایم سی اکرام اللہ سندھو نے قائم کی جانے والی مویشی منڈی کا دورہ کیا اور وہاں مختلف محکموں کی جانب سے کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔

بہاولنگر شہر میں چند سو روپے کے لین دینکی وجہ سے نوجوان قتل

اس طرح کے واقعات بہاولنگر شہر میں پچھلے ایک مہینے میں تقریباً 29 قتل ہوئے ہیں

بہاولنگر (بیورو چیف) بہاولنگر شہر میں چند سو روپے کے لین دینکی وجہ سے نوجوان قتل اس طرح کے واقعات بہاولنگر شہر میں پچھلے ایک مہینے میں تقریباً 29 قتل ہو※ ہیں رپورٹ (علی عمران اختر بیورو چیف) بہاولنگر بہاولنگر شہر کے علاقہ فیصل کالونی میں منشیات کی خریداری میں 250 روپے کے لین دین وجہ تنازعہ بنا خاور وٹو عرف خاوری اور فخر شاہ عرف فخری شاہ نے عادل عرف سنی چشتی کے گھر کا دروازہ کھٹکھٹایا اور عادل عرف سنی اور اس کا بھائی جب باہر آ※ تو الزام علیہ نے سیدھی فائرنگ شروع کر دی جس سے عادل عرف سنی کے فائر لگے اور عادل عرف سنی شدید زخمی ہو گئے اور ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔

قانون کی حکمرانی کیلئے وکلاء برادری کی خدمات لازوال ہیں۔ ملک شہباز اعوان ایڈووکیٹ

عدالت میں بہترین پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہیں۔ معروف لاء آفیسر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایک قابل وکیل بہتر عدالتی معاون کیساتھ اپنے موکل کی کورٹس میں بہترین نمائندگی کرتے ہوئے کیسز میں کامیابی حاصل کرتا ہے۔ قانون کی کتب بینی کرکے قانون کی ڈگری حاصل ہوتی ہے جبکہ قابل وکیل بننے کیلئے لاء آفیسر کو محنت و جہد مسلسل کرنا ہوتی ہے ان باتوں کا اظہار معروف سنئیر لاء آفیسر وریسورس پرسن ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے قائد اعظم لاء کالج میں قانون کے طلباء کو لیکچر دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دور حاضر میں قابل وکیل کو انٹرنیشنل لاء کیساتھ عدلیہ کی ججمنٹس کو باریک بینی سے مطالعہ کرنا چاہیے تا کہ اسکی استعداد کار کیساتھ ساتھ پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں بھی اضافہ ہو۔

ڈائریکٹر انفارمیشن ساہیوال ڈویژن عقیل اشفاق اور نوجوان صحافی حافظ حبیب اللہ مغل کے اعزاز میں تقریب

مدت ملازمت ختم ہونے پر عقیل اشفاق کو سٹی پریس کلب اوکاڑہ کی طرف سے ایوارڈ سے نوازا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈائریکٹر انفارمیشن ساہیوال ڈویژن عقیل اشفاق اور نوجوان صحافی حافظ حبیب اللہ مغل کے اعزاز میں تقریب، مدت ملازمت ختم ہونے پر عقیل اشفاق کو سٹی پریس کلب اوکاڑہ کی طرف سے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پریس کلب اوکاڑہ کے زیر اہتمام ڈائریکٹر انفارمیشن ساہیوال ڈویژن عقیل اشفاق اور نوجوان صحافی حافظ حبیب اللہ مغل کے اعزاز میں تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں آمد پر ڈائریکٹر آرٹس کونسل حماد چیمہ، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن اوکاڑہ سید سلمان شاہ، سیکرٹری جنرل پنجاب یونین آف جرنلسٹس پاکستان عابد حسین مغل، صدر سٹی پریس کلب اوکاڑہ عباس علی جٹ، جنرل سیکرٹری محسن محمود چوہدری، فنانس سیکرٹری حسنین نثار، سیکرٹری اطلاعات رانا آصف جبار، جنرل سیکرٹری آر یو جے اوکاڑہ راؤ غلام قادر و دیگر نے عقیل اشفاق اور حافظ حبیب اللہ مغل کا استقبال کیا۔ مقررین نے عقیل اشفاق کی دوران ملازمت محکمہ اطلاعات اور صحافیوں کے لیے خدمات پر ان کو خراج تحسین پیش کیا اور اچھے تعلقات پر ان کو ایوارڈ دیا گیا۔

عوام کو ریلیف کی فراہمی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا مشن ہے: امجد نذیر بٹ

عوامی مسائل کا خاتمہ کر کے صوبہ کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنانے کے ویژن پر کاربند ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر چیئرمین انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی وامیدوار پی پی 141 امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا مشن ہے جو عوامی مسائل کا خاتمہ کر کے صوبہ کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنانے کے ویژن پر کاربند ہیں، (ن) لیگ ملکی معیشت کی بحالی کے ایجنڈہ کی جلد تکمیل چاہتی ہے جس کیلئے وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں بھرپور جدو جہد کی جارہی ہے جس کے نتیجہ میں بیرونی سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہو رہا ہے جس کے ملکی معیشت پر نہایت مثبت نتائج مرتب ہو رہے ہیں (ن) لیگ ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے جس کا ویژن عوامی خدمت ہے، وقت نے ثابت کیا ہے کہ ملکی ترقی وخوشحالی (ن) لیگ کی مرہون منت ہے ملک کے اندر سرمایہ کاری کا فروغ ملکی معیشت کیلئے ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ہے، اب مہنگائی اور بے روزگاری کے خاتمہ سمیت تمام مسائل حل ہو رہے ہیں عوام سے کیے گئے تمام تر وعدوں کی تکمیل (ن) لیگ کی قیادت کی اولین ترجیح ہے، محنت اور جدو جہد جاری رکھی جائے تو کامیابی قدم چومتی ہے عوامی خدمت کے جذبہ سے سرشار نواز لیگ کی قیادت قوم سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل کی خاطر دن رات کوشاں ہے۔

پنجاب آرٹس کونسل کی زیر اہتمام تقریری مقابلہ جات، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد تحسین وسطرو کی بطور مہمان خصوصی شرکت

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب آرٹس کونسل کی زیر اہتمام تقریری مقابلہ جات، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد تحسین وسطرو کی بطور مہمان خصوصی شرکت۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق پنجاب آرٹس کونسل کی جانب سے یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں "ہم مائیں، ہم بہنیں، ہم بیٹیاں۔ قوموں کی عزت ہم سے ہے" ※ کے عنوان سے تقریری مقابلے کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات نے بھرپور شرکت کی شرکا نے اپنی تقاریر کے ذریعے معاشرے میں خواتین کے کردار، عزت و وقار اور معاشرتی اہمیت کو اجاگر کیا اور انتہائی منظم انداز میں نوجوان مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد تحسین وسطرو نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کسی بھی معاشرے کی بنیاد اور طاقت ہوتی ہیں۔ انہوں نے حکومت پنجاب اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے اس نوعیت کے پروگرامز نہایت اہم ہیں۔ تقریب کے ججز میں ڈاکٹر شعیب سلیم اور ڈاکٹر بلال زاہد تھے جنہوں نے شرکاء کی تقاریر کا تفصیلی جائزہ لیا۔ مقابلے میں بالترتیب پہلی دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والوں کو 30,000، 25,000 اور 20,000 روپے انعام دیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس حماد احمد چیمہ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر پروگرام زاہد عقیل نے طلبہ وطالبات کی شاندار صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ تقریری مقابلے نوجوان نسل میں اعتماد، شعور اور مثبت اظہار خیال کو فروغ دیتے ہیں۔ تقریب میں اساتذہ کرام طلبہ و طالبات اور ان کے والدین کے علاوہ معززین شہر اور میڈیا کے احباب نے شرکت کی اور پنجاب آرٹس کونسل کی مثبت سرگرمیوں کے سلسلہ میں خصوصی کاوشوں کی تعریف کی۔

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا جس میں جاری ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت اور مختلف منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد سعید نے ترقیاتی منصوبوں، فنڈز کے استعمال اور جاری سکیموں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر مختلف محکموں کی کارکردگی اور ترقیاتی کاموں کی رفتار کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایکسین ہائی ویز محمد احمد، ایکسین بلڈنگ محمد عدنان سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی شریک ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے اور کام کے معیار پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

دیپالپور میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے "ستھرا پنجاب پروگرام" کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے

شہریوں اور بچوں کیلئے بنائے گئے اس پارک کی ابتر صورتحال نے حکومتی کارکردگی پر بھی کئی سوالات کھڑے کر دیے ہیں

دیپالپور (نمائندہ خصوصی/تحصیل رپورٹر) دیپالپور میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے "ستھرا پنجاب پروگرام" کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے، جبکہ گورنمنٹ کالونی میں قائم واحد تفریحی پارک انتظامیہ کی غفلت اور لاپرواہی کے باعث کھنڈرات کا منظر پیش کرنے لگا۔ شہریوں اور بچوں کیلئے بنائے گئے اس پارک کی ابتر صورتحال نے حکومتی کارکردگی پر بھی کئی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ کالونی دیپالپور میں واقع پارک عرصہ دراز سے صفائی اور دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث بدحالی کا شکار ہے۔ پارک میں نصب بچوں کے جھولے ٹوٹ پھوٹ چکے ہیں اور کئی جگہوں پر لوہا باہر نکل آنے سے بچوں کے زخمی ہونے کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ پارک کے اندر جگہ جگہ جڑی بوٹیاں اور خودرو گھاس اُگ آئی ہے جبکہ سیوریج کا گندا پانی جمع ہونے سے تعفن پھیل رہا ہے، جس کے باعث اہل علاقہ شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف حکومت پنجاب "ستھرا پنجاب پروگرام" کے تحت صفائی اور خوبصورتی کے بلند و بانگ دعوے کر رہی ہے جبکہ دوسری طرف دیپالپور میں متعلقہ حکومتی احکامات کو ہوا میں اڑا رہی ہیں۔ شہریوں کے مطابق پارک میں صفائی نہ ہونے اور گندے پانی کے جمع رہنے سے مچھروں کی افزائش بڑھ رہی ہے، جس سے مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ پارک بچوں اور خاندانوں کیلئے تفریح کا واحد ذریعہ تھا مگر انتظامیہ کی مسلسل عدم توجہ نے اسے تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ، اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارک کی فوری صفائی، جھولوں کی مرمت، سیوریج پانی کی نکاسی اور خوبصورتی کے اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور محفوظ تفریحی ماحول میسر آسکے۔ شہریوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو وہ احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت گندم ٹارگٹ کے حصول بارے اہم اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا

ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر نے گندم کے ٹارگٹ اور ترسیل بارے اجلاس کو بریفنگ دی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت گندم ٹارگٹ کے حصول بارے اہم اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ماہین فاطمہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سفیان دلاور، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ ڈاکٹر ندا اقبال، اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل اسامہ امانت، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر، متعلقہ افسران سمیت انجمن آڑھتیاں کے نمائندے بھی اجلاس میں شریک تھے۔ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر نے گندم کے ٹارگٹ اور ترسیل بارے اجلاس کو بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ آڑھتی حضرات گندم کی ذخیرہ اندوزی کرنے سے باز رہیں۔ ضلعی انتظامیہ حکومت پنجاب کی جانب سے دیے گئے ٹارگٹ کو ہر صورت مکمل کرے گی گندم ٹارگٹ کو مکمل کرنے کے لیے آڑھتی حضرات ضلعی انتظامیہ سے تعاون کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ گندم کی دوسرے اضلاع میں منتقلی پر مکمل پابندی عائد ہے، ضلع کے داخلی اور خارجی راستوں پر چیک پوسٹیں قائم ہیں گندم ذخیرہ کرنے اور دوسرے اضلاع میں منتقلی کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن ہوگا۔

مرکزی صدر وحدت امپلائز ونگ پاکستان سلیم عباس صدیقی نے علامہ مقصود علی ڈومکی کو مجلس وحدت المسلمین پاکستان سندھ زون کا صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی

انہوں نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ علامہ مقصود علی ڈومکی ایک مدبر، باصلاحیت اور عوامی سوچ رکھنے والی شخصیت ہیں

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) مرکزی صدر وحدت امپلائز ونگ پاکستان سلیم عباس صدیقی نے علامہ مقصود علی ڈومکی کو مجلس وحدت المسلمین پاکستان سندھ زون کا صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ ان کا انتخاب تنظیم کے لیے ایک بہترین اور مثبت فیصلہ ثابت ہوگا۔ انہوں نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ علامہ مقصود علی ڈومکی ایک مدبر، باصلاحیت اور عوامی سوچ رکھنے والی شخصیت ہیں، جنہوں نے ہمیشہ دینی، ملی اور قومی معاملات میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان کی قیادت میں سندھ زون میں تنظیم مزید مضبوط، فعال اور منظم ہوگی سلیم عباس صدیقی نے کہا کہ نو منتخب صدر، سربراہ مجلس وحدت المسلمین پاکستان علامہ راجہ ناصر عباس کے وژن اور فکر کے مطابق تنظیمی استحکام، اتحاد امت اور عوامی خدمت کے مشن کو مزید آگے بڑھائیں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ علامہ مقصود علی ڈومکی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تنظیم اور قوم کے وسیع تر مفاد میں اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں گے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نو منتخب قیادت کو دین و ملت کی خدمت اور عوامی فلاح کے لیے مزید کامیابیاں عطا فرمائے۔

ممنا گاؤں ک قریب پولیس اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان میں مبینہ مقابلہ

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ممنا گاؤں ک قریب پولیس اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان میں مبینہ مقابلہ۔ دو ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی پولیس نے زخمی ملزمان کو گرفتار کر کے ٹراما سنٹر منتقل کر دیا۔ پولیس کی پریس ریلز کے مطابق صدر پولیس نے ممنا کے قریب دو موٹر سائیکلوں پر سوار ملزمان کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجہ میں پولیس نے بھی اپنے دفاع میں فائرنگ کی۔ اس دوران دو ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو گئے جنکی شناخت فراز حیدر اور میسب ولد غلام عباس نیکو کارہ سکنہ بھک مقید الدین کے ناموں سے ہوئی جو کہ پولیس کو موٹر سائیکل چھیننے اور راہزنی کی وارداتوں میں مطلوب تھے۔ پولیس دیگر دو فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مار رہی ہے۔ جبکہ اس ضمن میں پولیس نے تھانہ صدر میں مقدمہ بھی درج کر لیا ہے۔

گندم کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے غریب عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا

جبکہ کسانوں سے اونے پونے داموں گندم خریدنے والے آڑھتیوں اور مڈل مینوں نے لاکھوں روپے منافع کمانا شروع کر دیا

نارنگ منڈی (نامہ نگار) گندم کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے غریب عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا، جبکہ کسانوں سے اونے پونے داموں گندم خریدنے والے آڑھتیوں اور مڈل مینوں نے لاکھوں روپے منافع کمانا شروع کر دیا کسانوں اور شہریوں نے انتظامیہ کی خاموشی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی اور گردونواح میں آڑھتیوں نے فصل کی کٹائی کے دوران کسانوں سے تقریباً 3100 روپے فی من کے حساب سے گندم خرید کر اپنے گودام بھر لیے جبکہ اب یہی گندم 3800 سے 4000 روپے فی من تک فروخت کی جا رہی ہے کسانوں زمینداروں کا کہنا تھا کہ غریب کسان سارا سال قرض لے کر محنت مشقت سے فصل تیار کرتا ہے لیکن فصل تیار ہوتے ہی اسے مجبوری کے باعث کم قیمت پر فروخت کرنا پڑتی ہے جبکہ مڈل مین اور سرمایہ دار ذخیرہ اندوزی کر کے من مانے نرخ وصول کر رہے ہیں اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ جب کوئی کسان اپنی گندم چند روز کیلئے ذخیرہ کرنے کی کوشش کرتا ہے تو انتظامیہ فوری متحرک ہو جاتی ہے مگر اب بڑے سرمایہ داروں اور آڑھتیوں نے ہزاروں من گندم گوداموں میں ذخیرہ کر رکھی ہے تو متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں شہریوں اور کسان تنظیموں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ گندم کی مصنوعی قلت اور منافع خوری کا فوری نوٹس لیا جائے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

دریائے راوی میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر انسانی جانوں اور املاک کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

اور اس مقصد کیلئے حساس علاقوں میں حفاظتی انتظامات، مشینری کی دستیابی، ریلیف سرگرمیوں اور متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطہ کو ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے: رانا اورنگزیب

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس رانا اورنگزیب نے کہا ہے کہ دریائے راوی میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر انسانی جانوں اور املاک کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کیلئے حساس علاقوں میں حفاظتی انتظامات، مشینری کی دستیابی، ریلیف سرگرمیوں اور متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطہ کو ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دریائے راوی میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر متعلقہ محکموں کی جانب سے کی گئی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایکسین اریگیشن حافظ محمد طلحہ، ای او ایجوکیشن محمد خالد عالم سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ایکسین اریگیشن حافظ محمد طلحہ نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ موضع داد بلوچ، کرم بلوچ اور شہامند بلوچ کے علاقے گزشتہ سیلاب میں متاثر ہوئے تھے۔ ان آبادیوں کو دریا کے کٹاؤ سے بچانے کیلئے حفاظتی بند تعمیر کیے گئے تھے جو توقع سے زیادہ بڑا سیلابی ریلا آنے کی وجہ سے معمولی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوئے جن کی مرمت کا کام شروع کیا جا رہا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس رانا اورنگزیب نے ہدایت کی کہ مرمت کا کام جلد مکمل کیا جائے اور کام کے دوران سرکاری و قانونی تقاضوں کے ساتھ ساتھ مقامی آبادیوں کو ریلیف کی فراہمی ہر صورت ملحوظ خاطر رکھی جائے۔

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چونیاں بدانتظامی کا گڑھ بن گیا، عملے کا مریضوں سے ناروا سلوک عروج پر

چونیاں (نامہ نگار) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چونیاں میں انسانیت دم توڑنے لگی۔ ہسپتال کا عملہ مسیحا بننے کے بجائے غریب اور لاچار مریضوں کے لیے وبالِ جان بن گیا۔ ذرائع کے مطابق ہسپتال میں تعینات خواتین عملہ اور دیگر ملازمین کی جانب سے دور دراز سے آئے ہوئے بوڑھے مریضوں اور خواتین کے ساتھ بدتمیزی اور نازیبا رویہ معمول بن چکا ہے۔ خاص طور پر آؤٹ ڈور (OPD) پرچی کاؤنٹر پر تعینات کاشف نامی شخص کے خلاف شکایات کے انبار لگ گئے ہیں۔ متاثرہ مریضوں کا کہنا ہے کہ مذکورہ شخص کا پرچی کے حصول کے لیے آنے والے سائلین سے انتہائی بدتمیزی سے پیش آنا مریضوں کی تذلیل کرنا روز کا معمول بن گیا ہے۔ حیران کن امر یہ ہے کہ ان تمام شکایات کے باوجود ہسپتال کا ایم ایس (MS) خاموش تماشائی بنے ہوا ہے عوامی سماجی حلقوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ کیا ہسپتال انتظامیہ نے بدتمیز عملے کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے؟ شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور کاشف نامی اہلکار سمیت بدتمیز عملے کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے تاکہ غریب مریضوں کو ذلت سے بچایا جا سکے۔

ادارہ معارف فخر المشائخ آستانہ عالیہ شرقپور شریف کے زیر اہتمام "قومی فخر المشائخ کانفرنس" منعقد ہوئی

شرقپور شریف (نمائندہ خصوصی شیخ ماجد اقبال) ادارہ معارف فخر المشائخ آستانہ عالیہ شرقپور شریف کے زیر اہتمام "قومی فخر المشائخ کانفرنس" منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر کی دس سے زائد معروف جامعات کے ممتاز محققین، علماء اور دانشوروں نے شرکت کی۔ کانفرنس میں حضرت فخر المشائخ میاں جمیل احمد شرقپوری کی دینی، علمی، اصلاحی اور رفاہی خدمات پر تحقیقی مقالات پیش کیے گئے۔ کانفرنس میں سابق وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے بطور مہمان خصوصی اور پروفیسر ڈاکٹر عقیل احمد نے منتظم اعلیٰ قومی فخر المشائخ کانفرنس بلور کانفرنس کی صدارت سابق رکن قومی اسمبلی اور سجادہ نشین آستانہ عالیہ شرقپور شریف صاحبزادہ میاں جلیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی نے کی۔ میاں جلیل احمد شرقپوری نے صدارتی خطاب میں کہا کہ خانقاہ شرقپور شریف نے قیام پاکستان سے قبل اور بعد مسلم فکر و تہذیب کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کیا، جبکہ حضرت فخر المشائخ میاں جمیل احمد شرقپوری نے پاکستان کے نظریاتی مقاصد کے ابلاغ کیلئے مختلف جہات میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ سابق وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے کہا کہ حضرت فخر المشائخ علم دوست اور علم پرور شخصیت تھے، جن کا عطیہ کردہ نادر علمی ذخیرہ آج بھی پنجاب یونیورسٹی کی مرکزی لائبریری میں ملکی و غیر ملکی محققین کیلئے باعث استفادہ ہے۔ ممتاز مذہبی سکالر پروفیسر ڈاکٹر عقیل احمد نے کہا کہ حضرت فخر المشائخ میاں جمیل احمد شرقپوری نے فکر مجدد الف ثانی کے نہج پر اصلاح احوال کیلئے جو خدمات انجام دیں، وہ خانقاہی نظام کی روشن مثال ہیں۔ تقریب سے پروفیسر ڈاکٹر مجیب احمد، پروفیسر ڈاکٹر علی اکبر الازہری، پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد جامی، پروفیسر ڈاکٹر سید حسن شکیل شاہ، پروفیسر ڈاکٹر مفتی محمد حبیب قادری، پروفیسر ڈاکٹر محمد شفیق نقشبندی، پروفیسر ڈاکٹر محمد علی کریمی اور پروفیسر خالد بشیر نے بھی خطاب کیا۔ کانفرنس کی اختتامی دعا سجادہ نشین آستانہ عالیہ شرقپور شریف صاحبزادہ میاں جلیل احمد شرقپوری نے کرائی۔

شیخ فواد اکرم نے لولے شاہ کے علاقے میں عوامی فلاح و بہبود کے لیے محسن نول شہید واٹر فلٹریشن پلانٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

اس واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب کا بنیادی مقصد غریب اور مستحق عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت شیخ فواد اکرم نے لولے شاہ کے علاقے میں عوامی فلاح و بہبود کے لیے محسن نول شہید واٹر فلٹریشن پلانٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شیخ فواد اکرم کا کہنا تھا کہ اس واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب کا بنیادی مقصد غریب اور مستحق عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے اور اس نیک عمل کا ثواب ہمیشہ محسن نول شہید کو ملتا رہے گا انہوں نے واضح کیا کہ یہ فلٹریشن پلانٹ کسی سرکاری جگہ یا فنڈز سے تیار نہیں کیا گیا بلکہ یہ مکمل طور پر ان کی اپنی ذاتی ملکیتی جگہ پر اپنی ذاتی حلال کمائی سے نصب کیا گیا ہے تاکہ علاقے کے لوگوں کو صاف پانی جیسی بنیادی سہولت میسر آسکے تقریب میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور شیخ فواد اکرم کے اس فلاحی اقدام کو زبردست الفاظ میں سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے منصوبے موجودہ وقت کی اہم ضرورت ہیں تقریب کے اختتام پر محسن نول شہید کے درجات کی بلندی اور ملک و قوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی

نوٹ: کالم نگاروں کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پٹرولیم محصولات اور اثرات

عالمی عوامل اپنی جگہ مگر ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی مہنگائی کی ایک بڑی وجہ حکومتی محصولات ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایشیا کے دیگر ممالک کی نسبت ملکِ عزیز میں پٹرول اور ڈیزل کے نرخ غیر معمولی طور پر زیادہ اور غیر مستحکم ہیں۔اس سلسلے میں پٹرولیم لیوی قابلِ ذکر ہے جس کی مد میں رواں مالی سال کے دوران تقریباً ڈیڑھ ہزار ارب روپے وصولی کا امکان ہے' جو کہ 1468 ارب روپے کے سالانہ ہدف سے نمایاں طور پر زیادہ ہے۔تاہم آئی ایم ایف کی جانب سے آئندہ مالی سال کیلئے پٹرولیم لیوی کی مد میں 1730 ارب روپے اکٹھے کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔رواں مالی سال کے دوران پٹرولیم لیوی کی مد میں حکومت کی جارحانہ وصولیوں کے نتیجے میں مالی سال کے ساڑھے نو ماہ کے دوران ہی پٹرولیم لیوی کی مد میں 1234 ارب روپے وصول کیے جا چکے تھے۔اس حساب سے اندازہ لگایا جاتا ہے کہ جون کے اختتام تک پٹرولیم لیوی کی مد میں وصولی 1550 ارب روپے سے بھی تجاوز کر سکتی ہے۔یہ پٹرولیم مصنوعات پر جارحانہ وصولی کی عکاسی کرتا ہے' جس کے نتیجے میں افراطِ زر میں نمایاں اضافہ ہو چکا ہے اور کاروبار' صنعتیں اور عوام شدید معاشی دباو? کا سامنا کر رہے ہیں۔تاہم یہ سلسلہ آنے والے مالی سال کے دوران بھی اسی طرح جاری رہنے کا اندیشہ موجود ہے۔اس وقت پٹرول پر فی لٹر 117 روپے جبکہ ڈیزل پر 43 روپے پٹرولیم لیوی وصول کی جا رہی ہے تاہم آئندہ مالی سال 1730 ارب روپے کا ہدف حاصل کرنے کیلئے پٹرولیم لیوی کی شرح میں مزید اضافہ کیا جا سکتا ہے کیونکہ اس مد میں مزید دو ڈھائی سو ارب روپے کی وصولی کی دوسری کوئی صورت نہیں۔پٹرولیم مصنوعات کی شدید مہنگائی کی وجہ سے پٹرول اور ڈیزل کی کھپت پہلے ہی کم ہو چکی ہے۔رواں سال اپریل کے پہلے 15 دنوں کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ سال کے انہی دنوں کی نسبت پٹرول کی فروخت میں 14 فیصد اور ڈیزل میں 26 فیصد کمی آئی۔پٹرول اور ڈیزل کی کم ہوتی کھپت کی صورت میں لیوی کی شرح بڑھائے بغیر ریونیو کے مفروضہ اہداف حاصل ہونے کی امید نہیں اور لیوی بڑھانے سے قیمتوں میں جو اضافہ ہوگا اس کے نتیجے میں پٹرول اور ڈیزل کی کھپت میں مزید کمی واقع ہو سکتی ہے اور کھپت میں کمی کا نتیجہ لیوی کی شرح میں مزید اضافے کی صورت میں سامنے آ سکتا ہے؛ چنانچہ بعید نہیں کہ آئی ایم ایف کی جانب سے دیے گئے نئے اہداف کے حصول میں پٹرول اور ڈیزل پر لیوی بالترتیب 117 روپے اور 43 روپے سے بڑھ جائے۔اگر ایسا ہوتا ہے' جس کے اندیشے کو رد نہیں کیا جا سکتا' تو افراطِ زر کی شرح میں نمایاں اضافہ بھی خارج از امکان نہیں رہ جاتا۔مہنگائی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا بدیہی نتیجہ ہے۔رواں سال کے معاشی اشاریے واضح طور پر یہ ثابت کر رہے ہیں کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں پچھلے تین ماہ کے دوران ہونے والے اضافے کی وجہ سے افراطِ زر سالانہ بنیادوں پر 11 فیصد تک پہنچ چکا ہے اور سٹیٹ بینک شرح سود میں ایک فیصد اضافہ کر چکا ہے۔پٹرولیم مصنوعات کی عالمی منڈی میں قیمتوں میں اتار چڑھاو? بھی ایک مسئلہ ہے تاہم پٹرولیم لیوی کی مد میں غیر معمولی اضافہ اور ہدف سے بھی آگے نکل جانا یہ ثابت کرتا ہے کہ منہ زور مہنگائی اور معاشی کساد بازاری کی بنیاد کہاں ہے۔اگر ہمارے معاشی منصوبہ سازوں کی نظر میں پٹرولیم لیوی کو بڑھاتے جانا محصولات جمع کرنے کا سستا اور آسان حل ہے تو انہیں اس تصویر کے دوسرے رخ کو بھی نظرانداز نہیں کرنا چاہیے' جو معاشی حوالے سے بڑی مہیب منظر کشی کرتا ہے۔پٹرولیم مصنوعات پر حکومتی محصولات کو بڑھاتے چلے جانے سے حکومت کو آسانی سے مالی وسائل حاصل ہو رہے ہیں مگر اس سہل طلبی نے ہماری معیشت کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے' اس حقیقت کو بھی ساتھ لے کر چلنا ہوگا۔

بڑھتی آبادی کا دباو!

وزیر اعظم شہباز شریف نے بڑھتی ہوئی آبادی کے پیشِ نظر ہاو? سنگ سیکٹر میں جامع اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا ہے۔حکومت کا یہ عزم ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب آبادی کا بے ہنگم پھیلاو?' سکڑتی زرعی زمین اور شہری پھیلاو? بڑے ملکی چیلنجز بن چکے ہیں۔2023ء کی ڈیجیٹل مردم شماری کے مطابق ملک کی مجموعی آبادی 24 کروڑ سے متجاوز ہے اور اس میں سالانہ 55.2 فیصد کی شرح سے اضافہ ہو رہا' جو نہ صرف جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ ہے بلکہ ملکی وسائل پر ایک ایسا بوجھ ثابت ہو رہا ہے جسے برداشت کرنا اب معیشت کے بس میں نہیں رہا۔ہاو? سنگ سیکٹر کا براہِ راست تعلق زمین کے استعمال سے ہے' لہٰذا اس سیکٹر میں اصلاحات کی اہمیت محض رہائش کی فراہمی تک محدود نہیں بلکہ ملک کی غذائی ضروریات کا تحفظ بھی اسی کے ذریعے ممکن بنایا جا سکتا۔ جب تک رہائشی منصوبوں کو ایک ضابطے کے تحت نہیں لایا جاتا' تب تک آبادی کے سیلِ رواں کو منظم کرنا اور اسکے معاشی و سماجی اثرات سے نمٹنا ممکن نہ ہوگا۔ ہاو سنگ سیکٹر کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ملک کو اس وقت تقریباً سوا کروڑ رہائشی یونٹس کی قلت کا سامنا ہے۔اس قلت کو پورا کرنے کیلئے پے بہ پے رہائشی سکیموں کا جو طریقہ اختیار کیا گیا' اس نے ملک کے ماحولیاتی اور زرعی توازن کو درہم برہم کر کے رکھ دیا ہے۔ہماری زرعی زمینیں' جو کبھی ملک کی فوڈ باسکٹ کہلاتی تھیں' اب تیزی سے کنکریٹ کے جنگلات میں تبدیل ہو رہی ہیں۔زراعت پاکستان کی معیشت کا سب سے بڑا ستون ہے' یہ شعبہ جی ڈی پی میں تقریباً 24 فیصد کا حصہ دار ہے۔اگر زرعی زمین رہائشی استعمال میں آ جائے گی تو نہ صرف خوراک کی پیداوار کم ہو گی بلکہ زرعی خام مال پر انحصار کرنے والی صنعتیں بھی مفلوج ہو کر رہ جائیں گی۔اس کا ایک نتیجہ خوراک کے بحران اور زرعی درآمدات کے اربوں ڈالر کے بل کی صورت میں ہم پہلے ہی بھگت رہے۔زرعی زمین کے نقصان کیساتھ بے ہنگم شہری پھیلاو? ماحولیاتی اور انتظامی مسائل کو دوچند کرنے کا بھی سبب بن رہا ہے۔حالیہ برسوں میں ملک کے تمام بڑے شہروں کو اربن فلڈنگ کے بدترین تجربات سے گزرنا پڑا ہے۔اس کی بنیادی وجہ قدرتی ندی نالوں' نکاسی? آب کے راستوں اور گرین بیلٹس پر غیر قانونی تعمیرات ہیں۔فضائی آلودگی اور سموگ سمیت روزانہ گھنٹوں ٹریفک جام جیسے متعدد مسائل بے ہنگم آبادی کے مسئلے سے جڑے ہوئے ہیں۔تیزی سے بڑھتی آبادی صرف رہائش کا مسئلہ ہی نہیں پیدا کر رہی بلکہ تعلیم' صحت اور روزگار کے مواقع کو بھی سکیڑ رہی ہے۔پاکستان کی دو تہائی سے زائد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے' جو ملک کیلئے قیمتی معاشی اثاثہ ثابت ہو سکتے لیکن مناسب منصوبہ بندی کی عدم موجودگی میں یہ کثیر طبقہ معاشی بوجھ بنتا جا رہا ہے۔ہر سال دسیوں لاکھ نئے نوجوان روزگار مارکیٹ میں داخل ہوتے لیکن سست معاشی شرح نمو اور محدود صنعتی ترقی کے باعث انہیں نوکریاں نہیں ملتیں' نتیجتاً بیروزگاری اور جرائم کی شرح میں خطرناک شرح سے اضافہ ہو رہا۔اس ہولناک صورتحال سے نکلنے کا واحد راستہ مناسب شہری منصوبہ بندی اور پائیدار زرعی حکمت عملی ہے۔افقی کے بجائے شہروں کی عمودی پھیلاو? اور بلند و بالا رہائشی عمارتوں کی تعمیر کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔روایتی کے بجائے جدید بلاکس تعمیرات نہ صرف لاگت میں کمی لا سکتی بلکہ بدلتے موسمی حالات سے بھی بہتر انداز میں نمٹ سکتی ہیں۔معاشی نقطہ نظر سے ہاو سنگ سیکٹر ملکی معیشت میں نئی روح پھونکنے کی صلاحیت رکھتا ہے' کیونکہ اس کے ساتھ 40 سے زائد صنعتیں وابستہ ہیں' لہٰذا ہاو سنگ سیکٹر میں اصلاحات محض ایک انتظامی ضرورت نہیں بلکہ ملک کے معاشی اور ماحولیاتی تحفظ کا معاملہ ہے۔اگر آج ہم نے اپنی زمین' اپنی زراعت اور اپنے شہروں کو بچانے کیلئے جرات مندانہ فیصلے نہ کیے تو غذائی قلت' ماحولیاتی تباہی اور معاشی ابتری جیسے مسائل ہمارے پیروں کی مستقل بیڑیاں بنے رہیں گے۔

پڈعیدن موٹروے انٹرچینج بحال کیا جائے'' (سکھر۔حیدرآباد موٹروے)

تحریر: ڈاکٹر اکبر علی بھٹی

عوامی سہولت، علاقائی ترقی اور معاشی بہتری کا اہم مطالبہ

سیٹھ اصغر علی وسیر چیئرمین، پیر سید رکن دین شاہ چیئرمین ٹاون کمیٹی پڈعیدن محمد اسحاق بلوچ، محمد بلال بلوچ، اکبر علی آرائیں جنرل اسٹور، عبدالحکیم ارائیں، شکیل احمد ارائیں، نیاز احمد راجپر ڈاکٹر محمد اقبال انصاری ڈاکٹر عبداللطیف ارائیں، چوھری غلام شبیر آرائیں ڈاکٹر غلام رسول وسوانا، ڈاکٹر عبدالباری، ڈاکٹر فدا حسین بھربجو اور ڈاکٹر عبدالرشید راجپر محمد ارشد آرائیں اور پڈعیدن اور گردونواح کے تمام لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ پڈعیدن کا موٹر وے انٹرچینج بحال کیا جائے سکھر۔حیدرآباد موٹر وے پاکستان کے بڑے ترقیاتی منصوبوں میں شمار کی جا رہی ہے، جس سے سندھ کے مختلف شہروں اور دیہی علاقوں کو جدید سفری سہولیات میسر آئیں گی۔یہ منصوبہ نہ صرف سفر کو آسان اور محفوظ بنائے گا بلکہ تجارت، معیشت اور علاقائی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔تاہم پڈعیدن کے عوام میں اس وقت شدید تشویش پائی جا رہی ہے کیونکہ اطلاعات کے مطابق پڈعیدن کے مقام پر مجوزہ موٹر وے انٹرچینج کو ختم کرنے یا بند کرنے کی بات کی جا رہی ہے، جس سے مقامی آبادی میں بے چینی پیدا ہو گئی ہے۔پڈعیدن ایک اہم علاقہ ہے جہاں بڑی تعداد میں آبادی موجود ہے۔یہاں کے لوگ روزگار، تعلیم، علاج اور کاروبار کے سلسلے میں روزانہ مختلف شہروں کا سفر کرتے ہیں۔اگر موٹروے پر پڈعیدن انٹرچینج موجود نہ ہوا تو شہریوں کو کئی کئی کلومیٹر اضافی سفر کرنا پڑے گا، جس سے نہ صرف وقت ضائع ہوگا بلکہ پٹرول، کرایوں اور دیگر اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا۔غریب اور متوسط طبقہ پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے، ایسے میں سفری مشکلات میں اضافہ عوام کے لیے مزید پریشانی کا باعث بنے گا۔مقامی تاجروں اور کاروباری حلقوں کا کہنا ہے کہ موٹروے انٹرچینج کسی بھی علاقے کی معاشی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔جہاں انٹرچینج بنتے ہیں وہاں کاروبار، ہوٹلنگ، ٹرانسپورٹ، پیٹرول پمپس اور دیگر تجارتی سرگرمیاں فروغ پاتی ہیں۔اگر پڈعیدن کو اس سہولت سے محروم کیا گیا تو علاقے کی ترقی رک سکتی ہے اور نوجوانوں کے روزگار کے مواقع بھی کم ہو جائیں گے۔عوامی حلقوں کا یہ بھی موقف ہے کہ موٹروے منصوبے صرف بڑے شہروں کے لیے نہیں بلکہ دیہی اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لیے بھی بنائے جاتے ہیں۔اگر آبادی والے اہم مقامات کو نظر انداز کیا جائے گا تو ترقی کا یہ سفر نامکمل رہ جائے گا۔پڈعیدن کے عوام کو بھی وہی سہولتیں ملنی چاہئیں جو دیگر علاقوں کو دی جا رہی ہیں۔اہلیانِ پڈعیدن نے حکومتِ پاکستان، وزارتِ مواصلات اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی سے اپیل کی ہے کہ پڈعیدن موٹر وے انٹرچینج کو فوری طور پر بحال کیا جائے اور اسے مستقل منصوبے کا حصہ بنایا جائے۔عوام کا کہنا ہے کہ یہ صرف ایک انٹرچینج نہیں بلکہ ہزاروں لوگوں کی ضرورت، سہولت اور مستقبل کا مسئلہ ہے۔

جذباتی اخباری لائن:

''راستے وہی کامیاب ہوتے ہیں جو عوام کو قریب لائیں، اور ترقی وہی حقیقی ہوتی ہے جو ہر علاقے تک پہنچے۔''

ریاستِ ڈوما، ڈوما کافر کی نسلی حقیقت اور اخوند سالاک

تحریر و تحقیق: نجیم شاہ

تاریخ کا دھارا بعض اوقات بڑی ریاستوں کو محض چند گمنام چوٹیوں اور لوک داستانوں میں سمیٹ دیتا ہے، ایسی ہی ایک ریاست ''ڈوما'' تھی جو سترھویں صدی تک دریائے سندھ کے کناروں، بونیر، شانگلہ اور تورغر کے دشوار گزار پہاڑوں پر محیط تھی۔ ریاستِ پختونخواہ کے 1520ء کے ایک قدیم نقشے میں اسے ریاستِ ترک ''ڈوماں کافر'' کے طور پر درج کیا گیا ہے، جو اِس حقیقت کی ٹھوس دلیل ہے کہ ریاستِ پکھلی کی طرح ڈوما بھی ترکوں کی حمایت یافتہ اور اُن کی حلیف ریاست تھی۔ یہی وجہ تھی کہ جب 1644ء میں اِس ریاست کے خلاف لشکر کشی ہوئی تو پکھلی سرکار کے ترک ڈوما کی مدد کو پہنچے، جس نے اخوند سالاک کو مغلوں کیخلاف جنگ کے دوران اس اتحاد کو خصوصی نشانہ بنانے پر مجبور کیا۔

ریاستِ ڈوما کا مرکز ایک ناقابلِ تسخیر قلعہ تھا جو ایک بلند چوٹی پر واقع تھا اور اس کے آخری غیر مسلم بادشاہ کا نام ''ڈوما سنگ'' تھا، جسے تاریخی روایات میں ''ڈوما کافر'' کے لقب سے پکارا گیا۔ محمد اکبر شاہ المعروف اخوند سالاک جو سترھویں صدی کے عظیم عالم، فقیہہ، صاحبِ تصانیف اور غازی تھے، اُنہوں نے اپنے پیر و مرشد سید عبدالوہاب المعروف اخوند پنجو بابا کے حکم پر اس علاقے میں جہاد اور اشاعتِ دین کا آغاز کیا۔ اِس مہم میں یوسف زئیوں کے نامور سردار بہا کو خان اُن کے شانہ بشانہ رہے، جن کی مشترکہ کوششوں سے ڈوما کے علاقے کو غیر مسلم تسلط سے آزاد کرایا گیا۔ معرکے کے دوران ڈوما سنگ ایک تیر لگنے سے ہلاک ہوا، جبکہ اُس کی ملکہ ''شنڈی'' اور بیٹی ''گورجیت'' (اسلامی نام جمیلہ بی بی) قیدی بنیں۔ ڈوما سنگ کی نسلی شناخت کے حوالے سے مو?رخین کی اکثریت نے اسے ''تاتاری النسل'' قرار دیا ہے، کیونکہ تاتاری قبائل مختلف ادوار میں اِن وادیوں میں حملہ آور بن کر آئے اور یہاں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی۔ بعض روایات میں اسے ''کالاشی حکمران'' بھی لکھا گیا اور بعض نے ہندومت سے تعلق جوڑا، مگر گہری تحقیق اور لسانی شواہد کی روشنی میں قرین قیاس یہی ہے کہ ڈوما سنگ کا تعلق دراصل ''چھلیس خیل'' قوم سے تھا، جو ایک قدیم ''دارد'' قبیلہ ہے۔ یہ پورا خطہ اس وقت ''دردستان'' کہلاتا تھا جو چترال سے کشمیر تک پھیلا ہوا تھا۔ کوہستان اور گلگت میں آباد چھلیس خیل کی ذیلی شاخیں آج بھی ڈوما سنگ کو اپنا جدِ اعلیٰ اور دارد قبائل کا آخری عظیم بادشاہ تسلیم کرتی ہیں۔

ڈوما سنگ کی نسل اُس کے دس بیٹوں سے آگے بڑھی جن میں بچے، پشے، لشرے، کھیروے، دم سنگ، میئنہ، شانرہ، نسرہ، زگر اور کھوٹو شامل تھے، جن کے ناموں سے آج بھی متعدد ذیلی قبیلے موسوم ہیں۔ قدیم زمانے میں یہ پورا علاقہ ''کافرستان'' کا حصہ سمجھا جاتا تھا جہاں کے باشندے اپنی مخصوص تہذیب اور جنگجویانہ مزاج کے باعث مشہور تھے۔ اخوند سالاک جیسے جلیل القدر بزرگ کی تبلیغ اور جہادی مساعی نے نہ صرف ڈوما کی سیاسی حیثیت کو ختم کیا بلکہ یہاں کے لوگوں کے دلوں میں اِسلام کی ایسی شمع روشن کی کہ صدیوں گزرنے کے بعد بھی یہ خطہ اسلامی تعلیمات کا گہوارہ ہے۔ ڈوما تاتاری نہیں بلکہ ایک قدیم دارد قبیلے کا آخری حکمران تھا۔

تاریخی دستاویزات کے مطابق ریاستِ ڈوما کا جغرافیہ انتہائی دشوار گزار تھا جس نے اسے بیرونی حملوں سے طویل عرصے تک محفوظ رکھا۔ یہ علاقہ قدیم دور میں ''دارد'' تہذیب کا گڑھ تھا اور قدیم نقشہ جات میں اسے ''ڈوماں کافر'' لکھنا اِس بات کی طرف اشارہ تھا کہ یہاں کا حکمران طبقہ اگرچہ ترکوں کا حلیف تھا، مگر مذہبی طور پر وہ اپنے قدیم عقائد پر قائم تھا۔ اخوند سالاک نے جب اس قلعے کی دیواروں تلے جہاد کا پرچم بلند کیا تو یہ معرکہ حق و باطل کی کشمکش کے ساتھ ساتھ ایک سیاسی انقلاب کا پیش خیمہ بھی ثابت ہوا، جس نے مغلوں کے زیرِ اثر پکھلی کے ترکوں اور ڈوما کافر کے اس قدیم دفاعی گٹھ جوڑ کو ہمیشہ کے لیے توڑ کر رکھ دیا۔

ڈوما کافر کی ہلاکت کے بعد اس کے خاندان اور ریاست کا نظم و ضبط بکھر گیا، مگر اس کی نسل نے کوہستان، چترال اور گلگت کے دشوار گزار پہاڑوں میں اپنی بقا کو یقینی بنایا۔ محققین کا خیال ہے کہ تاتاریوں کا نام اس قبیلے کے ساتھ محض اِس لیے جڑا کہ وہ جنگجو صفت تھے، ورنہ لسانی بنیادوں پر چھلیس خیل ہونا ہی اُن کی اصل پہچان ہے۔ ڈوما کی بیٹی گورجیت (جمیلہ بی بی) اور ملکہ کی قید کے بعد کی زندگی بھی تاریخ کا حصہ بنی۔ ڈوما ریاست کا خاتمہ دراصل اس وسیع تر اصلاحی تحریک کا حصہ تھا جس کا مقصد پورے دردستان کو ظلمت سے نکال کر نورِ اسلام سے آشنا کرنا اور اس دشوار گزار خطے کو ایک نئی شناخت دینا تھا۔

اخوند سالاک کی شخصیت اس پورے منظر نامے میں ایک درخشندہ ستارے کی مانند ہے۔ وہ صرف ایک سپہ سالار نہیں تھے بلکہ ایک ایسے صوفی منش بزرگ تھے جنہوں نے تلوار کے ساتھ ساتھ علم و حکمت سے بھی دلوں کو فتح کیا۔ اُن کی تصانیف اور فقہی بصیرت نے کوہستان کے نومسلم قبائل کو اسلام کی ٹھوس اساس فراہم کی۔ اُن کی جہادی مہمات کا دائرہ کار ہزارہ، چترال اور گلگت تک وسیع ہوا۔ ڈوما کی فتح کے بعد انہوں نے نغر شو کافر اور بیرا کافر جیسے طاقتور سرداروں کو شکست دے کر توحید کا پرچم بلند کیا۔ حضرت اخوند سالاک سترہویں صدی کے وہ عظیم مصلح تھے جنہوں نے علمی و عسکری قوت سے اس خطے کی تقدیر بدل کر رکھ دی۔

آج جب ہم کوہستان اور سوات کے پہاڑوں کو دیکھتے ہیں تو ڈوما کا نام صرف چند مقامی روایات تک محدود رہ گیا ہے، مگر تاریخی اعتبار سے اس کی اہمیت مسلّم ہے۔ یہ ریاست ترکوں، تاتاریوں اور دارد قبائل کے ایک پیچیدہ تاریخی امتزاج کا نمونہ تھی۔ ڈوما سنگ کو ایک تاریخی حقیقت کے طور پر دیکھنا ضروری ہے جس نے اپنی ریاست کے دفاع کے لیے ترکوں کی حمایت حاصل کی تھی۔

اخوند سالاک اور بہا کو خان کی فتح نے نہ صرف اس ریاست کا خاتمہ کیا بلکہ اس خطے کو ایک نئی شناخت دی، جس کے اثرات آج بھی محسوس کیے جا سکتے ہیں۔ ڈوما سنگ کی داستان دیر کوہستان، سوات کوہستان اور انڈس کوہستان سے لے کر چترال اور گلگت تک کے سینوں میں آج بھی محفوظ ہے۔

امریکہ کے لیے صدر شی جن پنگ کا دوٹوک پیغام

تحریر: سید مجاہد علی

صدر ڈونلڈ ٹرمپ چین کا دو روزہ دورہ کر کے واشنگٹن واپس روانہ ہو گئے ہیں۔اس دورے کے بارے میں متعدد اندازے قائم کیے جا رہے تھے تاہم دونوں ملکوں کے سربراہان کی ملاقات کے بعد کوئی مشترکہ اعلامیہ سامنے نہیں آیا۔اس کی بجائے امریکہ اور چین نے اپنے اپنے طور پر بات چیت کے بارے میں میڈیا کو معلومات فراہم کی ہیں۔

اس ملاقات کو دو حوالوں سے اہم سمجھا جا رہا تھا۔ایک تو ڈونلڈ ٹرمپ نے اقتدار سنبھالنے کے بعد سے متعدد ممالک پر بھاری ٹیرف لگانے کا سلسلہ شروع کیا تھا جس کے ذریعے وہ تجارتی خسارہ کنٹرول کرنے اور امریکہ کے قومی خزانے کی آمدنی میں اضافے کے خواہش مند تھے۔تاہم چین نے ٹرمپ کے سامنے ہتھیار ڈالنے کی بجائے ٹیرف کا جواب امریکی مصنوعات پر جوابی ٹیرف عائد کر کے دیا۔ایک وقت میں دونوں ملکوں کے درمیان تناو? کی کیفیت پیدا ہو گئی تھی اور قیاس کیا جا رہا تھا کہ دنیا کی دو بڑی معیشتوں کے درمیان تصادم کی وجہ سے عالمی معاشی صورت حال متاثر ہوگی۔ تاہم دونوں ملکوں نے باہمی افہام و تفہیم سے اس معاملہ کو سنبھال لیا تھا۔اس دورہ میں توقع کی جا رہی تھی کہ اس معاملہ پر امریکہ اور چین کسی بہتر مفاہمت تک پہنچ سکیں گے۔

تاہم اس دورے کے حوالے سے سب سے اہم معاملہ ایران جنگ سمجھی جا رہی تھی۔امریکہ نے اسرائیل کے ساتھ مل کر 28 فروری کو ایران پر بمباری شروع کی تھی اور شدید تباہی پھیلائی تھی۔اس کے جواب میں ایک تو ایران نے مشرق وسطیٰ میں امریکی حلیف ممالک کو نشانہ بنایا لیکن سب سے بڑھ کر پاسداران انقلاب کی بحری فورس نے آبنائے ہرمز کو بند کر دیا۔یہ آبی گزرگاہ عرب ممالک کے تیل کی برآمد میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔اس راستے کے بند ہونے سے تیل کی ترسیل متاثر ہوئی جس کے اثرات پوری دنیا کی معیشت پر مرتب ہوئے ہیں۔ٹرمپ یہ دعوے کرنے کے باوجود کہ ایرانی بحریہ کو تباہ کر دیا گیا، آبنائے ہرمز میں بحری ٹریفک بحال کرانے میں کامیاب نہیں ہو سکے۔لہٰذا اپریل کے شروع میں اسلام آباد میں ایران کے ساتھ براہ راست مذاکرات کی ناکامی کے بعد سے امریکہ نے بھی ایران کا بلاکیڈ شروع کر دیا۔ اس حکمت عملی سے ٹرمپ حکومت ایران کی معاشی شہ رگ دبا کر اسے کسی معاہدے پر مجبور کرنا چاہتی تھی۔

ڈونلڈ ٹرمپ کسی بھی طرح چین جانے سے پہلے ایران کے ساتھ حتمی جنگ بندی کا معاہدہ طے کرنا چاہتے تھے لیکن ایران نے آبنائے ہرمز کا ہتھکنڈا استعمال کرتے ہوئے امریکہ کو اس تنازعہ سے نکلنے کا کوئی مناسب راستہ دینے سے انکار کیا ہوا ہے۔چین نے ایران میں بھاری سرمایہ کاری کی ہے اور وہ ایرانی تیل کا سب سے بڑا خریدار بھی ہے۔اس لیے مبصرین یہ اندازے قائم کر رہے تھے کہ دونوں سربراہوں کی ملاقات میں ایران جنگ کے بارے میں کوئی اتفاق رائے پیدا ہو سکے گا۔امریکہ کو توقع تھی کہ چینی صدر شی جن پنگ ایران پر دباو? ڈال کر اسے کسی معاہدے پر آمادہ کرنے میں معاونت کریں گے۔ٹرمپ کے دورہ کے دوران ایران تنازعہ پر بات چیت کے باوجود بیجنگ نے کوئی ایسا وعدہ نہیں کیا ہے جس سے یہ ظاہر ہو سکے کہ وہ ایران کو کسی بھی قیمت پر امریکہ کے ساتھ معاہدہ کرنے پر آمادہ کرے گا۔اگرچہ چینی صدر نے جنگ کے خاتمے، آبنائے ہرمز کھولنے، ایران کو جنگ کے دوران ہتھیار فراہم نہ کرنے اور اس اصول پر اتفاق کیا کہ ایران مستقبل میں جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر سکتا۔ تاہم یہ ساری معلومات امریکی صدر اور سرکاری ذرائع سے سامنے آئی ہیں۔چین نے ان کی تصدیق یا تائید میں کوئی بیان جاری نہیں کیا۔ البتہ اس کی طرف سے امریکہ کی طرف سے فراہم کردہ معلومات کی تردید بھی نہیں کی گئی۔ اس سربراہی ملاقات کے بعد یہ کہنا تو مشکل ہے کہ ایران جنگ کا خاتمہ ہو جائے گا لیکن یہ اشارے بہر حال موجود ہیں کہ چین اس تنازعہ کو ختم کرانے میں دلچسپی رکھتا ہے اور ایک خاص حد تک کے اندر اپنا اثر و رسوخ بھی استعمال کر رہا ہے۔اس میں سے ایک پہلو تو پاکستان کی سفارتی مصالحتی کوششوں کی حوصلہ افزائی ہے۔اس کے ساتھ ہی ایران کو امن قائم کرنے اور آبنائے ہرمز کھولنے کا پیغام دیا جا رہا ہے۔اس پس منظر میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے نئی دہلی میں برکس وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شرکت کے بعد بتایا کہ پاکستان کی سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران اگرچہ امریکہ پر اعتماد نہیں کرتا لیکن اگر معقول رویہ اختیار کیا جائے تو تہران سفارتی طریقے سے کسی مصالحت پر تیار ہے۔انہوں نے یہ وعدہ بھی دہرایا کہ ایران جوہری ہتھیار بنانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا۔موجودہ تنازعہ میں ایسا کوئی وعدہ بنیادی اہمیت کا حامل ہو سکتا ہے۔اگرچہ امریکہ اب بھی ایک تو ایران کی جوہری سہولتوں پر دس بیس سال کی پابندی لگانے کی بات کرتا ہے، دوسرے افزودہ یورینیم کے بارے میں بھی وہ واضح معاہدہ چاہتا ہے۔جبکہ ایران فی الوقت مستقل جنگ بندی کے بدلے آبنائے ہرمز کھولنے پر اتفاق کرنے کی بات کر رہا ہے۔ صدر ٹرمپ کے دورہ چین کے بعد آئندہ چند دنوں میں واضح ہو سکے گا کہ بیجنگ تہران کو کیا پیغام بھیجتا ہے اور ایرانی قیادت اس پر کیا رد عمل ظاہر کرتی ہے۔بصورت دیگر صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر جنگ میں شدت پیدا کرنے کی بات تو کی ہے۔

تاہم اس دورہ کے دوران چین کے صدر شی جن پنگ نے دو ایسی باتیں کی ہیں جنہیں پہلے اتنی صراحت سے بیان نہیں کیا گیا تھا۔ انہوں نے صدر ٹرمپ سے کہا کہ امریکہ کو تائیوان کے سوال پر معقول رویہ اختیار کرنا چاہیے۔کوئی غیر ذمہ دارانہ رویہ دونوں ملکوں کے درمیان تنازعہ بلکہ تصادم کا سبب بن سکتا ہے۔صدر ٹرمپ نے اس معاملے پر صحافیوں کے سوالوں کا جواب نہیں دیا لیکن صدر شی جن پنگ کا یہ پیغام بہت صاف اور دوٹوک تھا کہ 'تائیوان کی خود مختاری اور امن ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے'۔امریکہ کی طرف سے اگرچہ تائیوان کی خود مختاری کے اصول سے پیچھے ہٹنے کا کوئی اشارہ نہیں دیا گیا لیکن ٹرمپ نے تائیوان کو اسلحہ فراہم کرنے کے سوال پر صاف جواب دینے سے گریز کیا ہے۔اس کے علاوہ صدر شی جن پنگ کے واضح پیغام پر خاموشی اختیار کر کے امریکہ نے اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے کہ چین اب عسکری لحاظ سے اتنا طاقت ور ہے کہ اسے دھمکانے اور دباو? میں لانے کا کوئی طریقہ کامیاب نہیں ہوگا۔

اسی کے ساتھ صدر شی جن پنگ نے چین کو امریکہ کے مدمقابل برابر کی عالمی طاقت کے طور پر پیش کیا۔ان کا کہنا تھا کہ دو بڑے اور ذمہ دار ممالک کے طور پر دنیا کے امن کو یقینی بنانا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ان کا پیغام تھا کہ امریکہ کو چین کے ساتھ تعاون اور اشتراک کا راستہ اختیار کرنا چاہیے کیوں کہ تصادم سے کسی کا فائدہ نہیں ہوگا۔ یہ پیغام دیتے ہوئے بالواسطہ طور سے ہی سہی لیکن چین کے صدر نے واضح کیا ہے کہ ان کے خیال میں اب امریکہ کو دنیا کی واحد سپر پاور سمجھنے کے تاثر سے باہر نکلنا چاہیے۔چین اب برابری کی بنیاد پر امریکہ کے ہم قدم عالمی معاملات میں رائے رکھنے اور فیصلہ سازی میں حصہ لینے کا دعوے دار ہے۔چینی صدر کے یہ دو پیغامات دنیا پر امریکہ کی یک طرفہ بالادستی ختم ہونے کا اشارہ ہیں۔ایران کے خلاف جنگ نے امریکہ کی اخلاقی و سفارتی پوزیشن کمزور کی ہے جس کے نتیجے میں چین نے خاموش سفارتی کردار کے ذریعے اپنی اسٹریٹیجک پوزیشن مضبوط کی ہے۔اب وہ واشنگٹن کو مل کر باہمی مفادات اور عالمی امن کے لیے کام کرنے کا مشورہ دے رہا ہے۔

صدر ٹرمپ کے حالیہ دورہ چین کے دوران یہ حقیقت کھل کر سامنے آئی ہے۔ بیجنگ نے اپنی پوزیشن واضح کر دی ہے۔اب واشنگٹن اگر تصادم کا راستہ اختیار کرتا ہے تو چین نے مقابلہ کرنے کا واضح اشارہ دیا ہے۔

اردو کا ترقی پسند نسائی ادب: انگارے سے عورت مارچ تک

تحریر: مہناز رحمان

عجیب اتفاق ہے کہ جب جعفر احمد اور انیس زیدی صاحب کی زبانی مجھے انجمن ترقی پسند مصنفین کی نوے سالہ جوبلی کانفرنس کی اطلاع ملی تو ان ہی دنوں کراچی میں عورت مارچ کے حوالے سے پریس کلب کے سامنے شیما کرمانی اور دیگر فیمنسٹ خواتین کے ساتھ ہونے والے سلوک کے بارے میں ہنگامہ برپا تھا اور ہم سب غم و غصہ کا شکار تھے۔ اور تب مجھے خیال آیا کہ عورت مارچ کے نعرے "میرا جسم۔ میری مرضی" کہ خلاف دائیں بازو اور مذہبی حلقوں کا جو شدید رد عمل سامنے آیا ویسا ہی رد عمل 1932 میں شائع ہونے والی کتاب "انگارے" میں ڈاکٹر رشید جہاں اور دیگر کی تحریروں کے بارے میں سامنے آیا تھا۔ یہاں تک کہ برطانوی حکومت نے اس کتاب کو ضبط کر لیا تھا مگر یہی کتاب ترقی پسند ادبی تحریک کے آغاز کا ایک اہم محرک ثابت ہوئی۔ جی ہاں، رشید جہاں اردو کے ترقی پسند ادب کی اولین اور جرات مند ترین خواتین لکھنے والیوں میں شمار ہوتی ہیں۔ رشید جہاں نے طب کی تعلیم حاصل کی اور ڈاکٹر بنیں مگر ان کی اصل پہچان ادب اور سماجی بغاوت بنی۔ رشید جہاں نے اس زمانے میں متوسط طبقے کے مسلم گھرانوں کی گھٹن، مذہبی منافقت، جنسی جبر، جادو اور چار دیواری کی زندگی، اور عورت کی محرومیوں کے بارے میں لکھا جب ایسے موضوعات پر بات کرنا بھی معیوب سمجھا جاتا تھا۔ رشید جہاں کی تحریروں کی خاص بات یہ تھی کہ وہ عورت کو محض مظلوم کردار کے طور پر نہیں بلکہ سوچنے، سوال کرنے، اور مزاحمت کرنے والی ہستی کے طور پر پیش کرتی تھیں۔ ان کی زبان سادہ مگر کاٹ دار تھی۔ ان کے کردار حقیقی زندگی میں چلتے پھرتے نظر آتے تھے۔ انہوں نے نہ صرف لکھا بلکہ عملی طور پر بھی خواتین کی صحت، تعلیم اور سماجی شعور کے لئے کام کیا۔ عصمت چغتائی نے خود اعتراف کیا تھا کہ رشید جہاں نے ان کی فکری آنکھیں کھولیں۔ اسی لئے رشید جہاں کو اردو ادب میں نسائی شعور اور ترقی پسند سوچ کی بنیاد گزار شخصیت سمجھا جاتا ہے۔ آج جب میں سندھ میں لڑکیوں کو اپنی مرضی سے شادی کے جرم میں قتل ہوتے دیکھتی ہوں تو مجھے رشید جہاں کی تحریریں یاد آتی ہیں جنہوں نے نوے سال پہلے "خواتین کی بے کسی، مجبوری اور لاچاری کو موضوع بنایا کر سماجی شعور کو جھنجھوڑا تھا۔ "شوہر کا انتخاب یا دوسرے لفظوں میں مرضی کی شادی ان کے زمانے میں بھی ایک بہت بڑا مسئلہ تھی۔ ساحر لدھیانوی تو مرد تھے، اس لئے انہوں نے تو کہہ دیا تھا: اگر تم میں ہمت ہے تو دنیا سے بغاوت کر دو۔ ورنہ ماں باپ جہاں کہتے ہیں شادی کر لو۔ لیکن رشید جہاں نے اپنے افسانے "بے زبان" میں بتایا کہ ہمارا معاشرہ شادی بیاہ کے معاملے میں لڑکی کو بولنے کی اجازت نہیں دیتا۔ اور یہ آج بھی لڑکیوں کی اکثریت کو حاصل نہیں ہے۔ انسانی حقوق اور عورتوں کے حقوق کے لئے کام کرنے والے جانتے ہیں کی قبائلی اور جاگیر دارانہ ذہنیت رکھنے والے بااثر افراد اپنے جرگوں میں اس، جرم کی کیا سزا دیتے ہیں۔ اگر چہ ریاست نے اس ظلم کے خاتمے کے لئے قوانین بنائے ہیں مگر ان پر عمل درآمد نہیں ہو پاتا۔

پاکستان میں عورتوں کے حقوق کی تحریک خاص طور پر ویمنز ایکشن فورم اور عورت مارچ کی ایکٹیوسٹس کو ڈاکٹر رشید جہاں کا شکر گزار ہونا چاہیے جنہوں نے اپنی تحریروں میں "سماجی پابندیوں کے خلاف دوٹوک لہجے میں بات کی اور اس پر خار راہ پر چلنے کا حوصلہ پیدا کیا۔ انصاف اور مساوات پر مبنی معاشرے کی تشکیل کے لئے انہوں نے ہر طرح کی مصیبتیں برداشت کیں۔ جیل گئیں، گالیاں سنیں، اپنی صحت بلکہ اپنی زندگی بھی گنوا دی۔" رشید جہاں کی تمام تر توجہ خواتین کی صحت کی خرابی، اقتصادی بدحالی، معاشرتی فرسودگی، توہم پرستی اور جہالت پر تھی کیونکہ یہی وہ بنیادی اسباب تھے جو، عورتوں کی ترقی اور استحکام کی راہ میں رکاوٹ بن رہے تھے۔ "آج بھی پاکستان میں ناخواندگی ہی سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ مفت اور لازمی تعلیم کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے

اپنے آپ میں مگن آٹسٹک بچے اور ہمارا رویہ

تحریر: ڈاکٹر خرم نیازی

''یہ وہ بچے ہیں جو امی آپ کا ڈھیر سارا شکریہ' کہنے سے قاصر ہیں۔ ماو?ں کے لئے یہ انتہائی تکلیف دہ ہوگا۔ بیشتر مائیں رنجیدہ ہو جاتی ہوں گی کہ انہیں مدرز ڈے پر کوئی چھوٹا سا تحفہ یا چند پھول بھی نہیں ملتے۔ میں کبھی بھی ان ماو?ں کا کرب پوری طرح سمجھ نہیں پاو?ں گا۔ لیکن مجھے یہ ضرور علم ہے کہ یہ تمام بچے جو ایک دفعہ دل بھر کے اپنی ماو?ں کا شکریہ ادا نہیں کر سکتے۔ جو اپنی امی کا ہاتھ تھام کر کہہ دینا چاہتے ہیں کہ ہمیں آپ سے بے پناہ محبت ہے اور آپ ہمارے لئے جو کچھ کرتی ہیں ہم اس سب کے لئے بے حد شکر گزار ہیں لیکن یہ کر نہیں سکتے۔ میں بھی ایک ایسا ہی بچہ ہوں۔ میں تو ایک اتنا سا 'تھینک یو' بھی نہیں کہہ سکتا۔ کیسی بد نصیبی ہے اور کیسا ظلم ہے''۔

(جاپانی آٹسٹک بچے ناو? کی ہیگا شیڈا کی کتاب سات دفعہ گر کر آٹھویں بار کھڑا ہونا سے اقتباس)

پہلا منظر: سپر اسٹور پر ایک چھ سالہ بچہ والدین سے سنبھالے نہیں سنبھل رہا۔ وہ ان کی گرفت سے نکل کر مارکیٹ سے باہر بھاگ جانا چاہتا ہے۔ وہ ماں کو دھکا دیتا ہے اور باپ کے بازو میں ناخن گاڑ دیتا ہے۔ آپ سوچتے ہیں کہ ان والدین کو بچے پالنے اور تربیت دینے کی بالکل تمیز نہیں۔

دوسرا منظر: اس دفعہ بچہ کافی بڑا ہے شاید اٹھارہ یا بیس سال کا۔ آپ خود سے کہتے ہیں لاحول ولا قو?۔ کیسی گستاخ اور ناخلف اولاد ہے۔ یقیناً والدین کے گناہوں کی سزا ہے۔ شکر ہے میرے بچے ایسے فرمانبردار ہیں جیسے چابی سے چلنے والے کھلونے ہوں۔

غالباً ہم میں سے اکثر کے ذہن میں آٹسٹک کا یہی تصور ہے۔ حالانکہ یہ بے ترتیبی کا سپیکٹرم ہے۔ جس طرح دھنک میں دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں بالکل مختلف رنگ ہوتے ہیں اسی طرح ہر آٹسٹک بچہ دوسرے آٹسٹک بچے سے مختلف ہوتا ہے۔ ان تمام میں چند علامات مشترک ہو سکتی ہیں جیسے:

نام لے کر پکارنے پر کوئی رد عمل نہ ظاہر کرنا۔

بات کرتے ہوئے آنکھوں میں آنکھیں ڈالنے کے بجائے مسلسل نظریں پھیرے رکھنا۔

کوئی ذائقہ، خوشبو یا آواز پسند نہ آنے پر بری طرح مضطرب ہو جانا۔

بار بار ایک ہی قسم کی حرکات کی تکرار کرنا بالخصوص ہاتھوں کو اوپر نیچے مارنا، یا انگلیاں کھول بند کرنا۔ آگے پیچھے بے اختیار ڈولتے رہنا۔

اپنے ہم عمروں کی بہ نسبت کم بولنا یا بالکل نہ بولنا تین میں سے ایک آٹسٹک بچہ زندگی بھر کوئی بات نہیں کرتا۔

دوسرے بچوں کے ساتھ کھیل میں شریک ہونے کے بجائے پورے انہماک سے اپنی سرگرمی میں مصروف رہنا۔

بار بار وہی الفاظ یا فقرے دہرانا۔

بالکل احساس نہ ہونا کہ دوسرے کیا سوچ رہے ہیں یا محسوس کرتے ہیں۔

خود اپنے احساسات کا اظہار کرنے میں دشواری محسوس کرنا۔

روزانہ ایک بے لچک روٹین پسند کرنا اس میں ذرا سی تبدیلی پر بے قابو ہو جانا۔ کھلونوں یا جوتوں کو ایک ترتیب میں رکھنا اور ذرا بے ترتیبی پر برافروختہ ہو جانا۔ اسکول جانے کے لئے ہمیشہ ایک ہی راستہ اختیار کرنا۔

کچھ موضوعات اور سرگرمیوں میں انتہائی دلچسپی ظاہر کرنا۔

کوئی کام کرنے کا کہنے پر بہت پریشان ہو جانا۔

دوست بنانے میں دشواری محسوس کرنا یا تنہا رہنے کو ترجیح دینا۔

الفاظ کے صرف لغوی معنی سمجھنا۔ سادہ محاورے سمجھنے سے بالکل قاصر ہونا۔

آٹسٹک بچوں کا خاندان پر اثر

گھر کے ایک بچے میں آٹزم کی تشخیص صرف اس بچے کی نہیں بلکہ پورے گھرانے کی زندگی میں بھونچال برپا کر دیتا ہے۔ والدین صدمہ یا سوگواری کی لپیٹ میں آ جاتے ہیں۔ کچھ کے لئے یہ تشخیص اطمینان کا باعث بنتی ہے کہ ایک بے نام کیفیت کو نام مل گیا۔ اچھی خاصی تعداد خود کو ہی مورد الزام ٹھہراتی ہے۔

آٹزم ایک عمر بھر ساتھ چلنے والی کیفیت ہے۔ والدین ایک شدید سٹریس سے دوچار ہوتے ہیں۔ یہ سٹریس رشتہ? ازدواج کی بنیادوں کو ہلا سکتا ہے۔ والدین کے دل پر ہمہ وقت بوجھ سا رہتا ہے کہ بچہ کے مخصوص اظہار کی وجہ بھوک، پیاس، حاجت، درد، اضطراب ہے یا کچھ اور۔ معاشی بوجھ کا اندازہ اس سے لگائیں کہ امریکہ میں ہر آٹسٹک بچے پر آنے والا خرچہ سالانہ ساٹھ ہزار ڈالر ہے۔ آٹسٹک بچوں کے اہل خانہ سے رشتہ دار، عزیز و اقارب کنارہ کشی کر لیتے ہیں یا والدین خود اپنی سماجی زندگی محدود کر لیتے ہیں۔ ان والدین کے دوسرے بچے یہ احساس لئے پرورش پاتے ہیں کہ انہیں اتنی توجہ نہیں دی جا رہی جتنی آٹسٹک بچے کو ملتی ہے۔ وہ اپنے اس بھائی/بہن کو اپنے لیے شرمندگی کا باعث بھی سمجھتے ہیں۔

آٹزم اور پاکستان

پاکستان میں آٹزم کے حوالے سے کئی خیراتی و معلوماتی ادارے اور شخصیات فعال ہیں۔ کراچی یونیورسٹی سے منسلک محققین جویریہ فرخ اور گلناز انجم نے بھی ایک بہت معلوماتی سروے کیا ہے جو بین الاقوامی جرائد میں شائع ہوا۔ ان کی پیشگی اجازت سے کچھ نکات درج ذیل ہیں۔ اس سروے میں آٹسٹک بچوں کی نگہداشت کرنے والی جو مائیں شریک ہوئیں وہ تعلیم یافتہ اور متمول گھرانوں سے تھیں۔ سروے کے آغاز میں بتایا گیا ہے والدین اپنے اس سٹریس کے تدارک کے لئے کئی مختلف تدابیر اختیار کر سکتے ہیں جن میں مسائل سے فراریت، انکار اور مذہب میں پناہ تلاش کرنے سے والدین کا سٹریس، ٹینشن اور ڈپریشن مزید بڑھ جاتا ہے۔ مذہبی افراد ہر دکھ اور بیماری کو من جانب اللہ سمجھ کر قبول کرتے ہیں

خدا کی تاریخ' والی کیرن آرمسٹرانگ کی آپ بیتی'

تحریر: ڈاکٹر صنوبر الطاف

یوں تو کیرن آرمسٹرانگ کی شہرت کا سب سے بڑا عالمی حوالہ ان کی تصنیف "خدا کی تاریخ" ہے۔ مذہبیات اور تقابلی مذہبیات میں دلچسپی رکھنے والے تمام اسکالرز ان کے نام اور کام سے واقف ہیں۔ پچھلے دنوں میں نے ان کی سوانح StaircasespiralThe پڑھی جو میرے نزدیک مذہب، جستجو اور انسان دوستی کی ایک جدید کہانی ہے۔ عظیم لوگوں کی سوانح حیات میرے مطالعات کی ترجیحات میں سے ایک ہے اور خاص طور پر اگر وہ سوانح کسی خاتون کی ہو اور وہ بھی کیرن آرمسٹرانگ جیسی بڑی اسکالر کی تو یہ دلچسپی دوگنی ہو جاتی ہے۔ کیرن آرمسٹرانگ نے اس آپ بیتی سے پہلے بھی دو مرتبہ اپنی سوانح لکھنے کی کوشش کی۔ ان کی پہلی کوشش theThrough gatenarrow کے طور پر سامنے آئی تھی۔ staircasespiralThe اسی کا دوسرا حصہ ہے۔ درمیان میں انہوں نے اپنی زندگی پر ایک اور کتاب theBeginning world بھی لکھی تھی لیکن وہ خود ہی اس کو رد کر چکی ہیں۔

شاید بہت سے پڑھنے والوں کے لیے یہ بات حیران کن ہوگی کہ کیرن آرمسٹرانگ نے سترہ سال کی عمر میں باقاعدہ نن بننے کا فیصلہ کیا تھا اور اس فیصلے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے وہ سات سال چرچ میں رہی۔ یہ کتاب ان سات سالوں اور اس کے بعد کے واقعات پر مبنی ہے۔ اگرچہ چرچ کی زندگی کا مکمل احوال ان کی کتاب Through gatenarrowthe میں ملتا ہے لیکن اس کتاب میں بھی ان کی پچھلی زندگی کے واقعات موجود ہیں۔ یہاں پہلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیرن آرمسٹرانگ نے نن بننے کا فیصلہ کیوں کیا تھا؟ میرا خیال ہے کہ وہ خدا کے روپ میں کسی ایسی ہستی کو تلاش کرنا چاہتی تھی جو مکمل سچائی ہو، جو ان کے سوالات، تجسس اور جستجو کا جواب ہو۔ سترہ سال کی عمر میں چرچ میں داخل ہونے سے قبل انہیں لگتا تھا کہ کچھ ہی عرصے میں خدا ان کے سامنے ہوگا، ان کا باطن ان کے سامنے عیاں ہو جائے گا اور سارے جواب مل جائیں گے۔ لیکن ایسا نہیں ہوا بلکہ اس کی بجائے چرچ کے ڈسپلن، سخت روٹین اور مکمل تابعداری نے ان کی شخصیت کو مزید مسخ کر دیا۔ وہ لکھتی ہیں وہاں سوال کرنے کی اجازت نہیں تھی، ہنسنے بولنے، بھاگنے دوڑنے پر پابندی تھی، کھانے پینے اور عبادات میں سخت ڈسپلن سے کام لیا جاتا تھا۔ ایسی پابند جگہ پر خدا کا ملنا کہاں ممکن تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آخر سات سال بعد انہوں نے اپنی دنیاوی زندگی کا آغاز کیا اور انگریزی ادبیات کی تعلیم میں مکمل طور پر غرق ہو گئیں۔ باہر کی زندگی بھی ان کے لیے آسان نہیں تھی کیونکہ وہ چرچ کی زندگی سے یکسر مختلف اور کیرن کے لیے ویسی ہی شدت پسندانہ تھی۔ اگر چرچ میں روحانی زندگی پر ضرورت سے زیادہ زور تھا تو باہر کی دنیا میں مادی زندگی کی ایک دوڑ لگی ہوئی تھی۔ کیرن آرمسٹرانگ کو اس حصے میں کئی ایسے اچھے لوگ ملے جنہوں نے ان کی مدد کی۔ لیکن میرا خیال ہے انہوں نے سب سے زیادہ اپنی مدد خود ہی کی۔ یہاں وہ ایک واقعہ بیان کرتی ہیں کہ چرچ میں اگر کبھی ہال میں تاخیر سے پہنچا جائے تو انہیں فرش پر سجدہ کرتے ہوئے معذرت کرنی پڑتی تھی۔ انہوں نے آکسفورڈ کے ڈائننگ ہال میں بھی لاشعوری طور پر ایسے ہی کیا تو ان کے دوستوں نے بڑھ کر انہیں سنبھال لیا۔ لیکن اس حرکت سے ان کا وجود لوگوں کے لیے اور خود ان کے لیے ایک سوالیہ نشان بن گیا۔ یہاں ان کی شناخت پر سوال قائم ہوا کہ کیا وہ اب بھی ایک نن ہے یا وہ باہر کی زندگی کو قبول کر چکی ہے۔

کیرن آرمسٹرانگ نے اس دوران ملازمت کرنے کی بھی کوشش کی لیکن یہاں بھی کامیابی نہیں ملی۔ کتاب کے یہ حصے میرے لیے اس وجہ سے حیران کن رہے کہ مصنفہ نے ہر جگہ اپنی شکست یا failure کو قبول کیا۔ وہ اس پر شرمندہ نظر نہیں آئی۔ ہاں اس دور میں یقیناً یہ ان کے لیے دکھ کا باعث ہوگا، لیکن اب انہیں بغیر کسی شرمندگی کے قبول کرتی ہیں۔ جیسے انہوں نے بتایا کہ چرچ سے نکلنے کے بعد انہیں مرگی کے دورے پڑنے لگے۔

انٹرنیشنل

برڈلنگٹن: لوگ برڈلنگٹن کائٹ فیسٹیول کے دوران پتنگوں کو دیکھ رہے ہیں

ایرانی صدر نے 4500 سال پرانے درخت کی تصویر شیئر کردی

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے ایران میں موجود ساڑھے چار ہزار سال پرانے درخت کی تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کردی۔ مسعود پزشکیان نے اپنے بیان میں لکھا کہ سرو کا یہ درخت ایشیا کا قدیم ترین جاندار ہے۔ یہ اس دھرتی پر ہے جو ساڑھے چار ہزار سال پہلے بھی ایران کے نام سے جانی جاتی تھی۔ واضح رہے کہ چینی صدر شی جن پنگ نے دورہ چین پر امریکی صدر ٹرمپ کو چین کے انتہائی خفیہ اور نایاب حکومتی باغ کا دورہ کروایا تھا۔ صدر شی نے باغ کے 490 سال پرانے درخت بھی دکھائے تھے اور بتایا تھا کہ یہاں بعض درخت 1000 سال سے بھی زیادہ قدیم ہیں۔ صدر ٹرمپ نے اس جگہ کو سراہتے ہوئے کہا تھا کہ انہیں یہ ماحول بہت پسند آیا ہے۔

فالموت: ایونٹ کا کلیدی پیغام ورم چارمنگ چیمپئن شپ کے دوران کیڑوں کو "چارم ناٹ ہارم" کرنا ہے

لندن میں یہودی آبادی محفوظ نہیں، حملوں کی زد میں ہے، میٹ پولیس چیف

یہودی کمیونٹی پر ہونے والے حملوں کی افسران کی معاونت سے تحقیقات جاری ہیں، مارک رولی

لندن (این این آئی) میٹ پولیس کے چیف مارک رولی نے برطانیہ میں ہونے والے حالیہ حملوں کے بعد لندن میں یہودی آبادی کے حوالے سے اپنی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہاں یہود کمیونٹی محفوظ نہیں جو کسی صورت قابل قبول نہیں ہے۔ میٹ چیف نے ایک خط کے ذریعے اراکین پارلیمنٹ (کامنز کی ہوم افیئرز سلیکٹ کمیٹی) کے ساتھ اپنے خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دارالحکومت میں یہودی کمیونٹی گزشتہ چھ ہفتوں سے حملوں کی زد میں ہے۔ انہوں نے خط میں لکھا کہ یہودی کمیونٹی پر ہونے والے حملوں کی تحقیقات کیلئے انسداد دہشت گردی کے افسران کی معاونت سے تحقیقات جاری ہیں، اب تک 35 مشتبہ افراد کو حراست میں لیا جاچکا ہے 10 ملزمان پر فرد جرم عائد کی جاچکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گولڈرز گرین میں 29 اپریل کو ہونے والا حملے جس میں دو برطانوی یہودیوں کو چاقو سے مارا گیا جبکہ یہودی کمیونٹی کی ایمبولینسوں کو آگ لگانے کے واقعات بھی رونما ہوئے کی شفاف تحقیقات جاری ہیں۔ اس خط کا انکشاف اس وقت ہوا جب کنگ چارلس گزشتہ روز مغربی لندن میں گولڈرز گرین پہنچے اور کمیونٹی کے متاثرہ افراد سے ملاقات کی ہے۔ یہودی کمیونٹی پر ہونے والے حملوں کی افسران کی معاونت سے تحقیقات جاری ہیں، مارک رولی

لندن، سلاو کے زیر اہتمام بنیان مرصوص کے حوالے سے تقریب

تقریب دنیا کو امن، محبت اور بھائی چارے کا پیغام دیتی ہے، پاکستانی قونصل جنرل کا خطاب

لندن (این این آئی) پاکستان بزنس فورم سلاو کے زیر اہتمام لندن میں بنیان مرصوص اور نعرہ حق کے ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستانی کمیونٹی کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی قونصل جنرل برمنگھم فہد امجد تھے جبکہ صدارت پیر حضرت فیاض الحسن نے کی۔ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض ڈاکٹر محمد عرفات نے انتہائی خوبصورت اور مدلل انداز میں انجام دیے اور شرکا سمیت مہمانِ خصوصی کا تعارف پیش کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل فہد امجد نے کہا کہ آج کی تقریب نہایت اہمیت کی حامل ہے جو دنیا کو امن، محبت اور بھائی چارے کا پیغام دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حکومت نے بنیان مرصوص اور معرکہ حق کے ذریعے دنیا کو یہ پیغام دیا کہ صراطِ مستقیم پر چل کر ہی خوشحالی اور کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب پاکستان نے بنیان مرصوص اور معرکہ حق کا آغاز کیا تو دنیا بھر میں اس کی گونج سنائی دی اور قوم میں ایک نیا اعتماد پیدا ہوا۔ انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں پر زور دیا کہ وہ متحد اور منظم ہو کر اپنے ملک کی مضبوطی کے لیے کردار ادا کریں اور پاکستان میں سرمایہ کاری کریں کیونکہ آج کا پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور حکومت اوورسیز کمیونٹی کی رہنمائی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ صدرِ تقریب پیر حضرت فیاض الحسن نے اپنے خطاب میں کہا کہ بنیان مرصوص اور معرکہ حق قرآنی اصطلاحات ہیں جو اتحاد، استقامت اور حق و باطل کے درمیان واضح فرق کو بیان کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج امت مسلمہ کو سب سے زیادہ اتحاد، اخوت اور نظم و ضبط کی ضرورت ہے۔ اگر مسلمان ایک مضبوط دیوار کی مانند متحد ہو جائیں تو دنیا کی کوئی طاقت انہیں کمزور نہیں کر سکتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہے اور ہم سب پر لازم ہے کہ اپنے وطن کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے مل کر کام کریں۔ تقریب سے مورچپی، فیصل چپی، قیصر چپی، حافظ محفوظ اور عاقل چوہدری نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ اوورسیز پاکستانی دنیا بھر میں پاکستان کا چہرہ ہیں اور ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے ملک کا مثبت تشخص اجاگر کریں اور نئی نسل کو اپنی ثقافت، دین اور قومی اقدار سے جوڑے رکھیں۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، ترقی، افواجِ پاکستان کی کامیابی، امتِ مسلمہ کے اتحاد اور دنیا بھر میں امن و سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ شرکا نے پاکستان بزنس فورم سلاو کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں بھی ایسے مثبت اور تعمیری پروگراموں کا حصہ بنتے رہیں گے۔ معروف نعت خواں نور حسین شاہ نے نعت رسولِ مقبول ﷺ پیش کر کے شرکا سے خوب داد وصول کی۔ تقریب کے اختتام پر معروف صحافی وقار ملک نے چیئرمین پاکستان بزنس فورم قیصر چپی اور سجاد گجر کے ہمراہ بزنس فورم میں نئے شامل ہونے والے ممبران میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔

طالبان کی جانب سے کم عمری کی شادیوں کو باضابطہ طور پر تسلیم کرلیا گیا

کم عمر کنواری لڑکیوں کے لیے نابالغی میں شادی کے قواعد وضع کیے گئے ہیں، طالبان رہنما

کابل (این این آئی) طالبان کی طرف سے نئے خاندانی قانونی ضابطے کے تحت کم عمری کی شادیوں کو باضابطہ طور پر تسلیم کرلیا گیا ہے۔ طالبان کے مخصوص رہنما کی طرف سے نئے قائم کردہ اصولوں کے مطابق کم عمر کنواری لڑکیوں کے لیے نابالغی میں شادی کے قواعد وضع کیے گئے ہیں۔ 31 صفحات پر مشتمل آرٹیکل ریگولیشن جسے میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کے اصول کہا جاتا ہے مذہبی اور قانونی شرائط کی ایک نہ ختم ہونے والی فہرست کے تحت شادیوں کو تحلیل کرنے کے قوانین کا خاکہ بھی پیش کرتا ہے، اس میں بچپن کی شادی، دودھ پلانے کے تعلقات، جبری علیحدگی، گمشدہ شوہر، ارتداد اور حدود کے الزامات کی تشریح کی گئی ہے۔ آرٹیکل 5 کے مطابق اگر کسی بچے کی شادی ان کے والد یا دادا کے علاوہ رشتہ داروں کے ذریعے طے کی جاتی ہے تو یہ قانونی طور پر درست تسلیم کی جائے گی بشرطیکہ شریک حیات سماجی طور پر مطابقت رکھتا ہو اور جہیز مناسب ہو۔ آزاد افغان آوٹ لیٹ اموٹی وی کے مطابق ضابطے میں کہا گیا ہے کہ بچہ بلوغت کو پہنچنے کے بعد عدالت کے ذریعے منسوخی کی درخواست بھی کرسکتا ہے، کنواری لڑکی کی خاموشی کو رضامندی تعبیر کیا جاتا ہے مگر سزا کے خوف سے خواتین کے بولنے کے امکانات نہیں، نئی قانون سازی سے ان کے حقوق کا استحصال ہوسکتا ہے۔ کم عمر کنواری لڑکیوں کے لیے نابالغی میں شادی کے قواعد وضع کیے گئے ہیں، طالبان رہنما

گلاسگو: سیلٹک شائقین اسکاٹش پریمیئر شپ ٹائٹل جیتنے کے لیے اپنی ٹیم کی 1-3 سے فتح کے بعد جشن منا رہے ہیں

تل ابیب: اسرائیل کی دفاعی کمپنی کے قریب دھماکا، آگ کے شعلے دور تک دیکھے گئے

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی دفاعی کمپنی کے قریب دھماکا ہوا ہے جس سے آگ کے بادل میلوں دور تک دکھائی دیئے۔ عبرانی میڈیا کے مطابق دھماکا مقبوضہ بیت المقدس کے مغربی علاقے بیت شمیش میں ہوا اور فوج نے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے والی گاڑیوں کے داخلے پر بھی پابندی لگادی ہے۔ کہا جارہا ہے کہ دھماکا حساس تنصیب میں ہوا ہے۔ بعض اطلاعات کے مطابق فیکٹری میں ہیوی اور لائٹ راکٹ انجن بنائے جاتے ہیں جن میں ایروٹو، ایروتھری، سلور اسٹنکر راکٹ انجن، براک ایٹ اور براک ایم ایکس میزائلوں کے انجن بھی شامل ہیں۔ روسی میڈیا کے مطابق دھماکے کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی۔

لندن: لوگ 78 ویں نقبہ کی سالگرہ کے مارچ میں حصہ لے رہے ہیں

سپورٹس SPORTS

بریسبین: سن کارپ اسٹیڈیم میں ساؤتھ سڈنی ریبیٹوز اور ڈولفنز کے درمیان راؤنڈ 11 این آر ایل میچ کے دوران ڈولفنز کے جیک بوسٹاک نے ایک کوشش کی۔

اسپیشل اولمپکس پاکستان نیشنل گیمز اختتام پذیر، پنجاب نے پہلی، سندھ نے دوسری پوزیشن حاصل کرلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیشل اولمپکس پاکستان نیشنل گیمز شاندار مقابلوں کے انعقاد کے بعد اختتام پذیر ہوگئی۔ پاکستان اسپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں منعقدہ تین روزہ ایونٹ میں پنجاب نے بارہ گولڈ اور تیرہ سلور میڈلز کیساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی۔ سندھ نے 9 گولڈ اور 10 سلور میڈلز کے ساتھ دوسری جبکہ وفاقی ریجن 8 گولڈ اور 9 سلور میڈلز کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اختتامی تقریب میں وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ اور ڈائریکٹر جنرل پاکستان اسپورٹس بورڈ محی الدین احمد وانی تھے جنہوں نے اسپیشل اولمپکس پاکستان کی چیف ایگزیکٹو رونک لاکھانی، سابق ڈی جی پاکستان اسپورٹس بورڈ اختر نواز گنجیرا، سیکرٹری اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن رضوان الحق رازی کے ہمراہ کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔

کارڈف: انگلینڈ کی ایلس کیپسی صوفیہ گارڈنرز میں انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے درمیان تیسرے ویمنز میٹرو بینک ون ڈے میچ سے قبل نیٹ سیشن کے دوران بیٹنگ کررہی ہیں

فیفا کی پاکستان میں باسکٹ بال کی ترقی کیلئے بھرپور تعاون کی پیشکش

فیفا وفد کی حکومت، پی او اے، فیڈریشن حکام سے اہم ملاقاتیں

اسلام آباد (این این آئی) باسکٹ بال کی عالمی تنظیم فیبا کے اعلیٰ سطح کے وفد کا دورہ پاکستان مکمل ہوگیا، وفاقی حکومت، پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن اور پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے حکام سے ہونیوالی ملاقاتوں میں پاکستان میں باسکٹ بال کے فروغ اور ترقی کیلئے بھرپور تعاون کرنے کی پیشکش کردی۔ تفصیلات کے مطابق فیبا کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایشیا ہیگوپ خاجیریان کی قیادت میں وفد نے وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ اور پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل محی الدین وانی، پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے صدر بریگیڈیئر (ر) منصور افتخار، سیکرٹری خالد بشیر، سینئر نائب صدر امتیاز رفیع بٹ، فیڈرل باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے سیکرٹری اوج ظہور سمیت پاکستان اولمپک ایسوسی کی قیادت سے ملاقاتیں کی جس میں پاکستان میں باسکٹ بال کھیل کے فروغ اور ترقی کیلئے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر ہیگوپ خاجیریان نے کہا کہ پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کو مزید مضبوط اور بااختیار بنانا فیبا کی حکمتِ عملی کا اہم ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں ایک اہم قومی فیڈریشن کی حیثیت رکھتا ہے اور فیبا پاکستان میں باسکٹ بال کے فروغ کے لیے مکمل تعاون جاری رکھے گا۔ پاکستان کی کھیلوں کے اسٹیک ہولڈرز کیساتھ انتہائی مثبت اور نتیجہ خیز بات چیت ہوئی، جس میں پاکستان کو بین الاقوامی باسکٹ بال کے نقشے پر نمایاں مقام دلانے کے لیے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔ فیبا ریجنل آفس ایشیا نے پاکستان میں باسکٹ بال کی ترقی کے لیے اپنی مکمل حمایت جاری۔

آئی سی سی نے گورننس سے متعلق مسائل پر اہم کرکٹ بورڈ کی فنڈنگ روک دی

آئی سی سی نے تاحال ان گورننس مسائل کی مکمل تفصیلات جاری نہیں کیں، رپورٹ

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے گورننس سے متعلق سنگین خدشات کے باعث کرکٹ کینیڈا کی فنڈنگ چھ ماہ کے لیے معطل کردی ہے جس کے بعد کینیڈین کرکٹ بورڈ کو بڑا مالی دھچکا پہنچا ہے۔ آئی سی سی نے رواں ہفتے کرکٹ کینیڈا کو اس فیصلے سے آگاہ کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فنڈنگ کی معطلی سے قومی ٹیموں کی کرکٹ سرگرمیوں یا ہائی پرفارمنس پروگرامز پر فوری اثر نہیں پڑے گا، تاہم کرکٹ کینیڈا کی آمدنی کا بڑا حصہ آئی سی سی فنڈز پر مشتمل ہے۔ 2024 کے مالیاتی گوشواروں کے مطابق بورڈ کی کل آمدنی میں تقریباً 63 فیصد حصہ آئی سی سی کی جانب سے فراہم کردہ فنڈنگ کا تھا جو تقریباً 3.6 ملین کینیڈین ڈالر بنتا ہے۔ آئی سی سی نے تاحال ان گورننس مسائل کی مکمل تفصیلات جاری نہیں کیں، تاہم کینیڈا میں نشر ہونے والے ایک تحقیقاتی پروگرام میں کرکٹ کینیڈا میں مالی نگرانی کی کمی اور آئی سی سی پالیسیوں کی مبینہ خلاف ورزیوں کا انکشاف کیا گیا تھا۔ کرکٹ کینیڈا گزشتہ کچھ عرصے سے مختلف تنازعات کی زد میں ہے۔ حال ہی میں کینیڈا اور نیوزی لینڈ کے درمیان ٹی 20 ورلڈ کپ میچ بھی آئی سی سی کے اینٹی کرپشن یونٹ کی تحقیقات کا حصہ بنا جبکہ سابق ہیڈ کوچ خرم چوہان کی ایک مبینہ آڈیو لیک کے بعد بھی تحقیقات جاری ہیں جس میں سابق بورڈ اراکین پر کھلاڑیوں کے انتخاب میں دباؤ ڈالنے اور میچ فکسنگ سے متعلق الزامات سامنے آئے تھے ادھر کرکٹ کینیڈا کی انتظامیہ پہلے ہی سابق چیف ایگزیکٹو سلمان خان سے متعلق الزامات سامنے آئے تھے ادھر کرکٹ کینیڈا کی انتظامیہ پہلے ہی سابق چیف ایگزیکٹو سلمان خان

ایشین چیمپئن پاکستان انڈر 19 ٹیم ستمبر میں سیریز کھیلنے کے لیے انگلینڈ کا دورہ کرے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈر 19 اور انگلینڈ انڈر 19 کے درمیان سیریز 2 سے 16 ستمبر تک کھیلی جائے گی۔ دورے میں ایک چار روزہ میچ اور چار ایک روزہ میچز شامل ہوں گے۔ پاکستان انڈر 19 اور انگلینڈ انڈر 19 کے درمیان واحد چار روزہ میچ 2 سے 5 ستمبر تک آرنڈل میں کھیلا جائے گا۔ سیریز کا پہلا ایک روزہ میچ 9 ستمبر کو آرنڈل میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان انڈر 19 اور انگلینڈ انڈر 19 کے درمیان دوسرا ون ڈے میچ 12 ستمبر کو گلڈفورڈ میں ہوگا۔ سیریز کے تیسرے اور چوتھے ون ڈے میچز 14 اور 16 ستمبر کو ورمزلے میں کھیلے جائیں گے۔ پاکستان انڈر 19 نے دسمبر 2025 میں دبئی میں بھارت کو 191 رنز سے شکست دے کر اے سی سی مینز انڈر 19 ایشیا کپ جیتا تھا۔ پاکستان انڈر 19 نے جنوری 2026 میں زمبابوے میں افغانستان اور میزبان زمبابوے پر مشتمل تین ملکی سیریز بھی اپنے نام کی تھی۔ پاکستان انڈر 19 نے رواں سال آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ میں پانچ میچز میں تین کامیابیاں حاصل کی تھیں۔

این سی اے وائٹ بال کیمپ، نیٹ سیشن، کھلاڑیوں کا بیٹنگ، بولنگ اسکلز پر کام

بنگلہ دیش ٹیسٹ سیریز سے قبل ریڈ بال کھلاڑیوں کے لیے کیمپ لگایا گیا تھا، عاقب جاوید

لاہور (این این آئی) نیشنل کرکٹ اکیڈمی (این سی اے) وائٹ بال کیمپ میں کھلاڑیوں نے نیٹ سیشن میں حصہ لیا اور بیٹنگ و بولنگ اسکلز پر کوچز کے ساتھ کام کیا۔ این سی اے لاہور میں وائٹ بال کیمپ میں کھلاڑیوں نے کوچز کی نگرانی میں ٹریننگ کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس سینٹر عاقب جاوید نے کہا کہ بنگلہ دیش ٹیسٹ سیریز سے قبل ریڈ بال کھلاڑیوں کے لیے کیمپ لگایا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ کیمپ آسٹریلیا وائٹ بال سیریز کو مدنظر رکھ کر منعقد کیا گیا ہے، جاری کیمپ میں 28 کھلاڑیوں کو مدعو کیا گیا ہے جبکہ مجموعی پروگرام میں تقریباً 36 ریڈ اور وائٹ بال کھلاڑی شامل ہیں۔ ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس سینٹر نے مزید کہا کہ کیمپ پروگرام ستمبر کے اختتام تک جاری رہے گا، جہاں اسکل ڈیولپمنٹ اور فٹنس پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کوچز، ٹرینرز اور میڈیکل اسٹاف نے کھلاڑیوں کی گیم، فٹنس اور مجموعی بہتری کے لیے منصوبے تیار کیے ہیں، ریجنل اور ہائی پرفارمنس کوچز بھی پروگرام میں فعال کردار ادا کریں گے تاکہ ٹریننگ کے طریقہ کار میں تسلسل برقرار رکھا جا سکے۔ جاری کیمپ میں 28 کھلاڑیوں کو مدعو کیا گیا ہے جبکہ مجموعی پروگرام میں تقریباً 36 ریڈ اور وائٹ بال کھلاڑی شامل ہیں بنگلہ دیش ٹیسٹ سیریز سے قبل ریڈ بال کھلاڑیوں کے لیے کیمپ لگایا گیا تھا

جشن بہاراں فٹ بال ٹورنامنٹ میں شاہین کلب ٹانک نے اگلے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرلیا

بنوں (این این آئی) ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن بنوں کے زیر اہتمام جاری جشن بہاراں فٹ بال ٹورنامنٹ میں شاہین کلب ٹانک نے اگلے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ گزشتہ روز بنوں سپورٹس کمپلیکس میں کھیلے گئے ٹورنامنٹ کے ایک اہم میچ میں شاہین کلب ٹانک نے آزاد کلب 45 پنلٹی ککس سے ہرا دیا۔ مقررہ وقت میں دونوں ٹیمیں 2-2 گول سے برابر رہیں۔ مقررہ وقت میں شاہین کلب ٹانک کی جانب سے بجیل نے دو گول جبکہ آزاد کلب کی جانب سے نعمان ڈابلہ اور ڈاکٹر نے ایک، ایک گول کیا میچ کا فیصلہ پنلٹی ککس پر ہوا جس میں شاہین کلب ٹانک نے آزاد کلب کو 45 پنلٹی ککس پر ہرادیا۔

سیلفورڈ: جزیرہ نما اسٹیڈیم میں سیلفورڈ سٹی اور گرمزبی ٹاؤن کے درمیان لیگ ٹو پلے آف سیمی فائنل سیکنڈ لیگ میچ کے دوران سیلفورڈ سٹی کے ڈینیل اڈوہ نے اپنی ٹیم کا پہلا گول

سنسناٹی: جاپان کی میہو یاماشیتا میکبیٹھ اہ کنٹری کلب میں 2026 P&G کی طرف سے پیش کردہ کروگر کوئین سٹی چیمپئن شپ کے دوسرے راؤنڈ کے دوران ساتویں ٹی سے شاٹ کھیل رہی ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

پنجاب آرٹس کونسل ساہیوال ڈویژن میں جاری تین روزہ ثقافتی وادبی جشن ''ہم مائیں، ہم بہنیں، ہم بیٹیاں'' کے سلسلے میں تقریری مقابلہ نہایت شاندار اور باوقار انداز میں منعقد ہوا

ساہیوال (مہرائے ڈی نیسم سپراسے) پنجاب آرٹس کونسل ساہیوال ڈویژن میں جاری تین روزہ ثقافتی وادبی جشن ہم مائیں، ہم بہنیں، ہم بیٹیاں'' کے سلسلے میں تقریری مقابلہ نہایت شاندار اور باوقار انداز میں منعقد ہوا۔تقریب میں مختلف تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے طلبہ وطالبات نے عورت کی عظمت، کردار اور معاشرتی اہمیت کے موضوع پر مدلل اور پرجوش تقاریر پیش کیں۔تقریب کی مہمان خصوصی معروف ادبی دانشور پروفیسر نیلم شعیب تھیں جنہوں نے طلبہ کی تقاریر کو بے حد سراہتے ہوئے کہا کہ نئی نسل کا اتنے اہم اور حساس موضوعات پر شعوری انداز میں اظہار خیال کرنا ایک خوش آئند امر ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسی تقریبات نوجوان نسل میں اعتماد، اظہار اور شعور پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔تقریری مقابلے کے ججز میں ڈاکٹر نوید عظمت، پروفیسر مسعود فریدی اور ڈاکٹر رانی کاش شامل تھے جنہوں نے شرکاء کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے مقابلے کو اعلیٰ معیار کا قرار دیا۔مقابلے میں پہلی پوزیشن زہرہ بتول، دوسری پوزیشن عائشہ لطیف جبکہ تیسری پوزیشن حافظہ قدسیہ ہاشمی نے حاصل کی۔ کامیاب مقررین کو حاضرین کی جانب سے بھرپور داد دی گئی۔اختتامی کلمات میں ڈاکٹر ریاض حمدانی نے ججز، شرکاء، والدین، اساتذہ اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ''ہم مائیں، ہم بہنیں، ہم بیٹیاں'' جیسے موضوعات صرف تقریبات نہیں بلکہ معاشرتی شعور کی تحریک ہیں۔انہوں نے اس موقع پر الیاس اکبر سگلہ اور پنجاب آرٹس کونسل کی تمام سٹاف کی شب وروز محنت اور بہترین انتظامات کو خصوصی طور پر سراہا جن کی کاوشوں سے یہ تین روزہ جشن نہایت منظم، خوبصورت اور کامیاب انداز میں پایۂ تکمیل تک پہنچا۔

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کے مشکور ہیں

وزیر ریلوے وزیر اعظم پاکستان کے ویژن کے تحت پاکستان ریلوے میں جو مثبت تبدیلیاں لا رہے ہیں

نارنگ منڈی (نامہ نگار) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کے مشکور ہیں انہوں نے ڈرائیورز رنگ روڈ خانیوال اور راولپنڈی جن کی حالت نہایت بوسیدہ اور بنیادی سہولیات کا فقدان تھا، کو ورلڈ اسٹینڈرڈ کے مطابق اپ گریڈ کرنے کا حکم صادر فرمایا وزیر ریلوے وزیر اعظم پاکستان کے ویژن کے تحت پاکستان ریلوے میں جو مثبت تبدیلیاں لا رہے ہیں ہم ان کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ پاکستان ریلوے کے باقی ڈرائیورز رنگ روڈ کو بھی خانیوال اور راولپنڈی کی طرز پر ورلڈ اسٹینڈرڈ کے مطابق اپ گریڈ کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار صدر ٹرین ڈرائیورز ویلفیئر ایسوسی ایشن لاہور، محمد گلفام اشرف اور جنرل سیکرٹری طارق علی نے سینئر ٹرین ڈرائیورز تنویر حسین، عبدالحفیظ، مظفر محمود، رشید احمد، سجاد رضا کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ریلوے کی تعمیر و ترقی میں ہم ٹرین ڈرائیورز وزیر ریلوے حنیف عباسی کے ساتھ شانہ بشانہ ساتھ ہیں اور دعا کرتے ہیں اللہ پاک حنیف عباسی صاحب کو ریلوے ملازمین کی فلاح و بہبود اسی جذبے سے کرنے کی استقامت دے۔

ڈینگی کی روک تھام کیلئے تمام متعلقہ ادارے فیلڈ میں اپنی سرگرمیوں کو مزید موثر بنائیں

ساہیوال (مہرائے ڈی نیسم سپراسے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) صبیح اللہ فاروق نے کہا ہے کہ ڈینگی کی روک تھام کیلئے تمام متعلقہ ادارے فیلڈ میں اپنی سرگرمیوں کو مزید موثر بنائیں اور انسداد ڈینگی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی صورتحال سے بروقت نمٹا جاسکے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے منٹگمری ہال میں ضلع بھر میں جاری انسداد ڈینگی مہم کے حوالے سے متعلقہ اداروں کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر نقوی، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد طاہر چوہدری سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ اس وقت صوبہ بھر میں ڈینگی کے 25 کنفرم کیسز موجود ہیں جبکہ ضلع ساہیوال میں ابھی تک کوئی ایک بھی کنفرم کیس رپورٹ نہیں ہوا جبکہ ہر قسم کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال، ڈی ایچ کیو، ٹی ایچ کیو اور آر ایچ سیز میں ڈینگی کے مریضوں کیلئے بیڈ مختص کر دیئے گئے ہیں۔

ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کے سالانہ انتخابات برائے سیشن 2026 سینیئر نائب صدر کی نشست پر میاں شفیق احمد نے اپنے مدمقابل ریاض قریشی کو ہرا کر بھاری اکثریت سے کامیاب ہو گئے

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کے سالانہ انتخابات برائے سیشن 2026 سینیئر نائب صدر کی نشست پر میاں شفیق احمد نے اپنے مدمقابل ریاض قریشی کو ہرا کر بھاری اکثریت سے کامیاب ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کے سالانہ انتخابات برائے سیشن 2026 میں سینیئر نائب صدر کی نشست پر مقابلہ کے بعد میاں شفیق احمد نے اپنے مخالف امیدوار ریاض قریشی کو پچھاڑ کر بھاری اکثریت سے کامیاب ہو گئے علاوہ ازیں سید عرفان احمد شاہ صدر اور سید تنویر اقبال جنرل سیکرٹری، سردار عابد ڈوگر نائب صدر، رانا منصور احمد صدر پریس کلب اور رانا فضل رسول جوائنٹ سیکرٹری الیکٹرانک میڈیا ڈسٹرکٹ قصور منتخب ہو گئے ہیں نو منتخب عہدے داران نے کہا کہ ہم قلم قرطاس کی حرمت صحافی برادری کی کے حقوق کی بحالی اور زرد صحافت کے خاتمے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے انہوں نے کہا ہماری کامیابی راز اللہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا کرم اور اور ہمارے مخلص دوستوں کی شبانہ روز کی جدوجہد کا نتیجہ ہے سٹی پریس کلب رجسٹرڈ چھانگا مانگا کے سینئر صحافی ملک شریف ارشد منیر احمد خان ریاض ارشد جاوید مصطفائی، رانا محمد الیاس خاں، عابد حسین ناگی، ملک ناظم، ملک بشارت، نوید انجم، عمر رضوی یسین درانی، عثمان علی، صفدر عادل راؤ افضل اسلم جھارا، نے ضلع بھر کے تمام صحافی بھائیوں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے سٹی پریس کلب رجسٹرڈ چھانگا مانگا کے اراکین کو ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کے لیے عہدے دار منتخب کیا۔

محکمہ ریونیو اور محکمہ ہائی وے کی مشترکہ کاروائی، کروڑوں روپے مالیت کی سرکاری اراضی ناجائز قابضین سے واگزار کروالی گئی

عارفوالا (سٹی رپورٹر) تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کے وژن کے مطابق کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر پاکپتن کی احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر عارفوالا رائے فیصل عمران کی قیادت میں نائب تحصیلدار حاجی مختیار احمد نے بوریوالا روڈ پر واقع 163 ای بی اڈہ محمد نگر پر ریونیو عملہ اور ایس ڈی او محکمہ ہائی وے زیشان الحق اور نوریز اسلم سب انجینئر کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے چھے مرلے سرکاری اراضی واگزار کروالی قبضہ گروپ اس سرکاری زمین پر عمارت بنا کر عرصہ کئی سالوں سے ناجائز کرایہ وصول کر رہے تھے مشینری کی مدد سے سرکاری زمین پر بنائی گئی پختہ عمارت کو بھی مسمار کر دیا گیا ہے اس کاروائی میں پیراآفرس ای ای او میڈم آصفہ نذیر نے بھی اپنی ٹیم کے ہمراہ حصہ لیا سرکاری اراضی واگزار کرانے پر اہل علاقہ نے ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے افسران، محکمہ ہائی وے کے افسران اور پیراآفرس کی ٹیم کو خوب سراہا

جہلم پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، ضروریات زندگی کی اشیاء کی روز، بروز بڑھتی قیمتوں نے عوام کی چیخیں ساتویں آسمان تک پہنچا دیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، ضروریات زندگی کی اشیاء کی روز، بروز بڑھتی قیمتوں نے عوام کی چیخیں ساتویں آسمان تک پہنچا دیں، حکمرانوں نے عوامی مشکلات سے لاتعلقی اختیار کر لی، عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز، ایران امریکہ، اسرائیل جنگ نے اقوام عالم کو متاثر کیا لیکن پاکستان کے جہاز یا کارگو، کو تاحال نہیں روکا گیا جبکہ سعودیہ اور قطر سے گیس اور پیٹرول بمطابق معاہدات برابر پہنچ رہا ہے، ان خیالات کا اظہار شہریوں نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کے دوران کیا۔

معروف روحانی بزرگ سید معراج علی شاہ کا 28واں عرس

صوفیاء کرام کی تعلیمات سے ہی عصر حاضر میں پھیلے معاشرتی انتشار پر قابو پایا جاسکتا ہے پروفیسر (ر) سیدہ تابندہ معراج

منڈی صادق گنج (نامہ نگار) علاقے کی معروف روحانی شخصیت سید معراج علی شاہ کے 28ویں سالانہ عرس کی دو روزہ تقریبات اختتام پذیر ہوگئیں عرس کی تقریبات زیر نگرانی پروفیسر (ر) سیدہ تابندہ معراج دختر سید معراج علی شاہ ہوئیں جس میں علاقے بھر سے عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی سید معراج علی شاہ دینی اور روحانی علوم کے ساتھ ساتھ طب میں بھی معتبر نام رکھتے تھے ان کے 28ویں سالانہ عرس پر محلہ قصاباں میں ان کی آبائی رہائش گاہ پر ختم شریف پڑھا گیا اور بعد ازاں مین روڈ پر واقع دربار سید معراج علی شاہ پر قرآن خوانی اور محفل نعت اور ختم شریف پڑھا گیا جس کی نقابت معروف نقیب ونعت خواں نذیر احمد ڈھکو نے کی جس کے بعد شہر کے معروف عالم دین قاری محمد اقبال نے خطاب اور ختم شریف پڑھا عرس پر شرکت کرنے والے شہریوں کے لئے عام لنگر کا اہتمام کیا گیا تھا اس موقع پر سید معراج علی شاہ کی صاحبزادی پروفیسر (ر) تابندہ معراج کا کہنا تھا صوفیاء اکرام کی تعلیمات سے معاشرے کی موجودہ کیفیت میں بہتری لائی جاسکتی ہے اور صوفیاء اکرام کے نظریات ہی معاشرے میں امن رواداری بھائی چارے اور سلامتی کی راہ ہموار کرسکتے ہیں۔

ستھرا پنجاب کو چرند کے کچرا بھرے گندے تالاب نے مات دے دی

3 سالہ ننھی کلی حورین کچرے بھرے چھپڑ میں ڈوب کر جاں بحق ہوگئی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کے نواحی گاؤں چرنڈ ہندل روڈ میں دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا جہاں 3 سالہ معصوم بچی حورین فاطمہ پانی سے بھرے چھپڑ میں ڈوب کر زندگی کی بازی ہار گئی۔اہلِ خانہ کے مطابق ننھی حورین گھر سے کھیلنے کے لیے باہر نکلی مگر کافی دیر تک واپس نہ آئی۔تشویش بڑھنے پر اہلِ خانہ اور مقامی پولیس نے تلاش شروع کی تو قریبی چھپڑ میں گرنے کا خدشہ ظاہر کیا گیا، جس پر فوری طور پر ریسکیو 1122 کو اطلاع دی گئی۔ ریسکیو 1122 کی ڈائیونگ ٹیم نے فوری سرچ آپریشن کرتے ہوئے بچی کو پانی سے نکال کر علامہ اقبال میموریل ہسپتال منتقل کیا، تاہم ڈاکٹرز نے معائنے کے بعد اس کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی۔ یہ افسوسناک واقعہ والدین کیلئے ایک بڑا سبق ہے کہ چھوٹے بچوں کو نہروں، تالابوں اور پانی والی جگہوں کے قریب اکیلا ہرگز نہ جانے دیں تاکہ ایسے المناک حادثات سے بچا جاسکے۔

ساہیوال: ڈپٹی کمشنر چیئوٹ، عائشہ رضوان کا اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر محمد انس سعید کے ہمراہ لیڈیز پارک لالیاں کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے پارک کی بہتری و بحالی کے حوالے سے کیے گئے کاموں کا جائزہ لیا

لالیاں (ممتاز حسین جرمنی سے) تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر چیئوٹ عائشہ رضوان نے اسسٹنٹ کمشنر لالیاں ڈاکٹر محمد انس سعید و دیگر عملہ کے ہمراہ لالیاں میں لیڈی پارک کا اچانک وزٹ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پارک کی بہتری و بحالی کے حوالے سے کیے گئے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے کنٹریکٹر کو پارک کے تمام امور جن میں واش رومز، پینے کے صاف پانی، بینچز، جھولوں سمیت جلد بہتر بنانے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے کنٹریکٹر کو واضح کیا کہ اگر بہتر کام نہ ہوا تو سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر لالیاں کو ہدایات جاری کیں، کہ پارک کے تمام امور کی سخت نگرانی جاری رکھیں اور لیڈیز پارک میں تمام تر کاموں میں سستی برتنے والوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائیں

جہلم شہر سمیت گردونواح میں سموسوں، پکوڑوں اور فاسٹ فوڈ میں ناقص غیر معیاری گھی کے استعمال پر شہریوں میں تشویش، شہری معدے جگر کی بیماریوں مبتلا ہونے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت گردونواح میں سموسوں، پکوڑوں اور فاسٹ فوڈ میں ناقص غیر معیاری گھی کے استعمال پر شہریوں میں تشویش، شہری معدے جگر کی بیماریوں مبتلا ہونے لگے، پنجاب فوڈ اتھارٹی کے زمہ داران کی خاموشی سوالیہ نشان، تفصیلات کے مطابق شہر اور گردونواح کے بازاروں گلی محلوں میں سموسے، پکوڑے اور فاسٹ فوڈز میں استعمال ہونے والے مبینہ طور پر ناقص اور غیر معیاری گھی کے استعمال کے باعث شہریوں کی بڑی تعداد صحت کے مسائل میں مبتلا اور ہسپتالوں میں رش بڑھنے کی اطلاعات سامنے آرہی ہیں ذرائع کے مطابق کم معیار اور مبینہ طور پر مکمل پراسیسنگ کے بغیر تیار کیا جانے والا تلا گھی دکاندار خرید کر استعمال کرتے دکھائی دیتے ہیں جبکہ لوکل برانڈز کے گھی کا استعمال ہوٹلوں، میرج ہالز، مارکیز اور چھوٹے فوڈ پوائنٹس پر استعمال کرتے دیکھا جارہا ہے۔ اسی صورتحال کو سماجی حلقے بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب قرار دے رہے ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے گھی ملز کے نمونہ جات کی باقاعدہ جانچ اور معیار کی مسلسل نگرانی نہ ہونے سے غیر معیاری مصنوعات فروخت کرنے والوں کے حوصلے بلند ہوتے ہیں

جہلم پریس کلب کے صحافی ہر دور میں اپنی ذمہ داریاں بطریق احسن سرانجام دیتے رہے اور دے رہے ہیں: صمد مہر محمد الیاس

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کے صدر مہر محمد الیاس چیمہ، چوہدری عابد محمود نے اپنے مشترکہ بیان کہا ہے کہ جہلم پریس کلب کے صحافی ہر دور میں اپنی ذمہ داریاں بطریق احسن سرانجام دیتے رہے اور دے رہے ہیں، اسوقت ملک میں پیکا ایکٹ سمیت دیگر بیشمار نئے قوانین لائے گئے اور لائے جارہے ہیں جو صحافیوں کی اواز کو دبانے کی مکروہ چال ہے، بدقسمتی سے کرنہ کچھ میں صحافیوں کی جانیں گئی ہیں، وقت کے تقاضوں کے مطابق چلنا عقل مین ضروری ہے کہ آواز بند نہیں ہونی چاہیے، جدید طریقوں کو اپنانا ہیں قدغن سے نکلنے کے لئے اقدامات کریں، علاقائی صحافت روز بروز مکمل ہوتی جارہی ہے صحافی عدم تحفظ کا شکار ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوہاوہ پریس کلب کے چیئرمین معروف سینئر صحافی چوہدری بشیر احمد تارڑ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کو اجاگر کرنا ہماری ذمہ داری ہے، جرائم کو بے نقاب کرنے والے صحافیوں کے جرائم پیشہ افراد جانی دشمن بن جاتے ہیں، آزادی اظہار رائے کے راستے میں رکاوٹیں بھی نہیں کریں گے، سچ کی آواز تواتر سے پہنچاتے رہینگے ہم آواز بلند کرتے رہیں گے، الیکٹرانک میڈیا کے صدر عام کہانی کا کہنا تھا کہ صحافت کی آزادی کسی تحریر پلیٹ میں نہیں ملتی، اس کیلئے قربانیاں دینی پڑتی ہیں، اس وقت بڑا مسئلہ پیکا ایکٹ ہے جو صحافیوں سمیت ہر فرد لاگو کر دیا گیا ہے

نوجوان سوشل میڈیا پر چلنے والی فیک خبروں سے متاثر ہونے کے بجائے مستند ذرائع سے معلومات حاصل کریں اور تحقیقی سوچ اپنائیں: ڈی پی او ساہیوال

ساہیوال (مہرائے ڈی نیسم سپراسے) ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے رفاہ یونیورسٹی ساہیوال میں طلبا و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان سوشل میڈیا پر چلنے والی فیک خبروں سے متاثر ہونے کے بجائے مستند ذرائع سے معلومات حاصل کریں اور تحقیقی سوچ اپنائیں۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی معاملے کے دونوں رخ جاننے کے بعد رائے قائم کریں۔ اس موقع پر انہوں نے طلبا کو محنت اور مثبت سوچ اپنانے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ ساہیوال پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دن رات کوشاں ہے۔

ساہیوال سی سی ڈی پولیس ان ایکشن دو ڈاکوؤں سمیت 4 سے ناجائز اسلحہ برآمد مقدمات درج

ساہیوال (بیورو رپورٹ) ساہیوال سی سی ڈی پولیس ان ایکشن دو ڈاکوؤں سمیت 4 سے ناجائز اسلحہ برآمد مقدمات درج مجرمان گرفتار ساہیوال کے شہریوں نے سی سی ڈی پولیس کی کاروائی کو خوب سراہا تفصیلات کے مطابق 1) سی سی ڈی پولیس نے مزائل چوک سے دن ڈھائی بجے چک نمبر 33/12L کے محمد نعمان ولد محمد مشتاق دھوبی کو گرفتار کر لیا ملزم کے قبضہ سے پسٹل 9 ایم ایم برآمد کر لیا، 2) تھانہ سی سی ڈی نے دربار بابا ابراہیم پولیس مقابلہ کے خطرناک ملزم عرفان محمود ولد محمود احسن سید کو بھی گرفتار کر لیا، اور ناجائز پسٹل برآمد کر لیا، 3) سی سی ڈی پولیس نے چک نمبر 98/6R سے دو ڈاکوؤں عبد الستار خاں اور حسین علی مغل کو گرفتار کر لیا، گرفتار ڈاکوؤں نے 15 اپریل کو تھانہ سٹی کے علاقہ میں ڈکیتی کی واردات کی تھی گرفتار ڈاکوؤں نے درجنوں وارداتوں کا اعتراف کر لیا، ملزموں کے قبضہ سے دو ناجائز پسٹل بھی برآمد کر لیے۔ مجرمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج مزید تحقیقات جاری ساہیوال کے شہریوں نے سی سی ڈی پولیس کی اس کاروائی کو خوب سراہا

ساہیوال پولیس ڈکیت گینگ کو لگام دینے میں ناکام

ساہیوال (بیورو رپورٹ) ساہیوال پولیس ڈکیت گینگ کو لگام دینے میں ناکام ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر بیوپاریوں، زمینداروں سے 5 لاکھ 62 ہزار روپے نقدی، زیورات، 5 موبائل لوٹ کر رفو چکر تفصیلات کے مطابق ساہیوال پولیس کی ناکامی کے باعث ضلع بھر میں ڈکیت گینگ بے لگام ڈاکو سرعام دندناتے لگے ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر محلہ راجپورہ میں محمد عمر امین سے موبائل نقدی 60 ہزار روپے۔ ویو ہوٹل موڑ پر مسلم بن عقیل کالونی کے قمر عباس اور اسکی بیوی سے نقدی 12 ہزار دو لاکھ 22 ہزار روپے کے زیورات - آشیانہ ہاؤسنگ کالونی جھال روڈ گیٹ پر محمد عرفان سے موبائل نقدی 60 ہزار 500 روپے۔ چک 138 نوائیل کے قریب علی شیر سے 18 ہزار روپے نقدی۔ چک 115 بارہ ایل کے قریب سلمان حسن زمیندار سے نقدی، آئی فون ایک لاکھ 90 ہزار روپے لوٹ کر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے۔ پولیس غلہ منڈی ہٹی ساہیوال، ڈیرہ رحیم اور کمووال نے محمد عمر امین، قمر عباس محمد عرفان علی شیر اور سلمان حسن کی مدعیت میں پانچ مقدمات 382,392 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے

بھلوال: تھانہ سٹی پولیس ایک بار پھر تنقید کی زد میں، ڈی ایس پی بھلوال سرکل کے پاس درخواست دائر

بھلوال (نجی اللہ سے) تھانہ سٹی پولیس ایک بار پھر تنقید کی زد میں، ڈی ایس پی بھلوال سرکل کے پاس درخواست دائر۔بھلوال: پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے نے ایس ایچ او تھانہ سٹی کے خلاف محاذ کھول لیا بھلوال: میرے خلاف سیاسی مخالفین نے درخواست دائر کی، تفتیش میں بے گناہ ثابت ہوا ہوں (درخواست گزار) بھلوال: دوران تفتیش سیاسی دباؤ کے تحت غیر پیشہ ورانہ رویہ اختیار کیا گیا (درخواست گزار) بھلوال: ایس ایچ او نے مسلم لیگ ن کے پسپورٹران کی ایماء پر مجھے ڈرایا دھمکایا، غیر قانونی ہتھکنڈے استعمال کیئے (درخواست گزار) بھلوال: ایس ایچ او نے ایک بااثر سیاسی شخصیت کے پاس جا کر معافی مانگنے کا مطالبہ کیا (درخواست گزار) بھلوال: سیاسی وابستگی کی بنیاد پر تذلیل کی گئی، انصاف کے تقاضے پس پشت ڈالے گئے

ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا

دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال کی مختلف وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا

ساہیوال (مہرائے ڈی نیسم سپراسے) ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا، جہاں ڈاکٹر فیصل وحید بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال کی مختلف وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور علاج معالجے کے حوالے سے دریافت کیا۔ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال آنے والے ہر مریض کو مفت ادویات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور علاج معالجے کے حوالے سے متعلقہ اداروں کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر نقوی، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد طاہر چوہدری سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس وقت صوبہ بھر میں ڈینگی کے 25 کنفرم کیسز موجود ہیں جبکہ ضلع ساہیوال میں ابھی تک کوئی ایک بھی کنفرم کیس رپورٹ نہیں ہوا جبکہ ہر قسم کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال، ڈی ایچ کیو، ٹی ایچ کیو اور آر ایچ سیز میں ڈینگی کے مریضوں کیلئے بیڈ مختص کر دیئے گئے ہیں۔

ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا، جہاں ڈاکٹر فیصل وحید بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال کی مختلف وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور علاج معالجے کے حوالے سے دریافت کیا۔ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ عمل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کو بہتر اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر فیصل وحید نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی اور یقین دہانی کروائی کہ مریضوں کی بہتر تشخیص اور مفت ادویات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کو عوام دوست منصوبوں کے بلبوتے پر پنجاب کی عوام میں زبردست پذیرائی ملی ہے: چوہدری نیامت علی گادی

بچیانہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سٹی جنرل سیکرٹری چوہدری نیامت علی گادی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کو عوام دوست منصوبوں کے بلبوتے پر پنجاب کی عوام میں زبردست پذیرائی ملی ہے، آئے دن کی قیمت میں کمی، سستی روٹی سمیت بے شمار سہولیات کیلئے بائس کی فراہمی، نواز شریف آئی سٹی ہسپتال، جدید ترین کسان پیکج، کینسر ہسپتال کا منصوبہ، ہسپتالوں کی تعمیر نو، مفت ادویات کی فراہمی، ایئر ایمبولینس سروس، صاف ستھرا پنجاب پروگرام، سستے سولر پینل کی فراہمی سمیت دیگر عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات سے عوام کو بھرپور ریلیف ملا ہے اور صوبہ کی عوام کے پنجاب حکومت پر اعتماد میں مزید اضافہ ہوا ہے وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے کام سب کو نظر آرہے ہیں اور (ن) لیگ کی کامیاب پالیسیوں کے نتیجہ میں پارٹی کی عوام میں مقبولیت کا گراف بڑھا ہے ترقی و خوشحالی کا جو سفر 2018 میں رک گیا تھا

ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت پولیس ٹیموں کا مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت پولیس ٹیموں کا مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس نے رواں ماہ میں مختلف علاقوں سے 54 مجرمان اشتہاریوں اور 18 عدالتی مفروران کو گرفتار کیا۔ گرفتار مجرمان اشتہاریوں میں 3 اشتہاری کیٹیگری اے کے سنگین وارداتوں میں مطلوب تھے۔ ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار مجرمان اشتہاری پولیس کو راہزنی، چوری، ضرر و دیگر مقدمات میں مطلوب تھے۔ اس حوالے سے ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن تیزی سے جاری ہے۔ مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کو یقینی بنانے کیلئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کو یقینی بنایا جائے گا۔

عیدالاضحیٰ انتظامات کیلئے ضلعی انتظامیہ متحرک، تمام سیل پوائنٹس جلد فعال کرنے کی ہدایت

سرکاری عارضی سیل پوائنٹس پر بیوپاریوں سے کسی قسم کی فیس وصول نہیں کی جائے گی۔ گلی محلوں میں مویشی فروخت پر پابندی، خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا فیصلہ

فروخت کی اجازت ہوگی جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اجلاس میں مویشی منڈیوں اور سیل پوائنٹس پر بیوپاریوں اور شہریوں کیلئے پینے کے صاف پانی، سایہ دار شیڈ، پارکنگ، سیکورٹی، صفائی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے بارے بریفنگ بھی دی گئی۔اجلاس میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت عیدالاضحیٰ صفائی آپریشن کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ لاؤڈ اسپیکروں کی بروقت تلفی، ویسٹ کلیکشن، جراثیم کش سپرے، چونے کے چھڑکاؤ اور خصوصی صفائی مہم کیلئے پیشگی انتظامات مکمل کیے جائیں۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ کالانگوواٹرس سے بچاؤ کیلئے مویشی منڈیوں، سیل پوائنٹس اور حساس مقامات پر خصوصی سپرے اور حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راؤ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہریوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور منظم ماحول فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے جبکہ تمام متعلقہ افسران فیلڈ میں موجود رہ کر انتظامات کی مسلسل نگرانی کریں گے۔

میاں چنوں میں موٹروے پولیس کی روڈ ایکسیڈنٹ سے متعلق فرضی مشقیں

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) سینٹرل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس بیٹ 17 کے زیر اہتمام روڈ حادثات سے نمٹنے کے لیے فرضی مشقوں کا انعقاد کیا گیا۔مشقوں کا مقصد مستقبل میں پیش آنے والے ممکنہ حادثات کے دوران بروقت اور مؤثر کارروائی کو یقینی بنانا تھا۔ پریس ریلیز کے مطابق یہ مشقیں سیکٹر کمانڈر محمد کاشف رحیم اور ڈی ایس پی محمد ی

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

اہم ملک، ایک تسلیم شدہ ایٹمی طاقت اور جنوبی ایشیا کے جغرافیے اور تاریخ کا ناقابلِ تنسیخ حصہ ہے، بھارتی آرمی چیف کا بیان اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ بھارتی قیادت نہ تو پاکستان کے وجود کو دل سے تسلیم کر سکی ہے اور نہ ہی آٹھ دہائیاں گزرنے کے باوجود درست اسباق سیکھ پائی ہے، یہی متکبرانہ، جنگی جنون پر مبنی اور تنگ نظر ذہنیت بارہا جنوبی ایشیا کو جنگوں اور بحرانوں کی طرف دھکیلتی رہی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے کہا کہ ایک خود مختار ایٹمی ہمسایہ ملک کو جغرافیہ سے مٹانے کی دھمکی دینا نہ تو سٹریٹجک اشارہ ہے اور نہ ہی سفارتی دباؤ بلکہ یہ ذہنی دیوالیہ پن، جنگی جنون اور اشتعال انگیزی کا مظہر ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ایسی کسی جغرافیائی تباہی کے نتائج یقینی طور پر دوطرفہ اور ہمہ گیر ہوں گے، ذمہ دار ایٹمی ریاستیں تحمل، پختگی اور سٹریٹجک سنجیدگی کا مظاہرہ کرتی ہیں، وہ تہذیبی برتری یا قوم مٹانے کی زبان استعمال نہیں کرتیں۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا کہ بھارتی بیانیہ سہولت کے ساتھ اس تاریخی حقیقت کو نظر انداز کرتا ہے کہ بھارت خطے میں دہشت گردی کے فروغ، ریاستی سرپرستی میں دہشت گردی، علاقائی عدم استحکام، سرحد پار ٹارگٹ کلنگز اور عالمی سطح پر منظم غلط معلوماتی مہمات میں ملوث رہا ہے، بھارت کا جارحانہ رویہ دراصل اعتماد سے زیادہ اس مایوسی کا عکاس ہے جو پاکستان کو نقصان پہنچانے میں ناکامی کے باعث مزید نمایاں ہوئی، اور جسے معرکہ حق کے دوران کھل کر بے نقاب ہوتے دیکھا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا کہ بھارتی قیادت کو چاہئے وہ جنوبی ایشیا کو ایک اور بحران یا جنگ کی طرف دھکیلنے سے گریز کرے کیونکہ اس کے نتائج نہ صرف پورے خطے بلکہ اس سے باہر بھی تباہ کن ثابت ہوں گے۔

بقیہ جات | بقیہ 1

ہر خطے اور ہر معیشت میں محسوس کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کے انسانی اثرات بہت زیادہ ہیں اور مسلسل بڑھ رہے ہیں، عالمی سطح پر ایندھن کی قیمتیں 2025 کی اوسط کے مقابلے میں دوگنی سے بھی زیادہ ہو چکی ہیں، مزید تین کروڑ 20 لاکھ افراد کے غربت میں جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے، ان کے مطابق وہ ممالک جو مغربی ایشیا میں جاری بحران میں براہِ راست شامل نہیں ہیں، وہ بھی اس کے اثرات برداشت کر رہے ہیں...

... صلاحیتوں کو فروغ دینے کا ایک موثر اور یادگار ذریعہ ثابت ہوگی۔

گمشدگی کاغذات

میرا پاسپورٹ نمبر MM9899461 MM9899462 نارووال مین بازار میں کہیں گر گیا ہے برائے مہربانی جس کسی کو ملے میرے نمبر پر اطلاع کریں یا میرے ایڈریس پر پہنچا دیں۔ شکریہ

المشتہر: علی رضا ولد امانت علی عاطف سٹریٹ محلہ مسلم پارک نارنگ منڈی تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب / ریونیو آفیسر حلقہ قانونگوئی چک نمبر 11 شمالی بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع پرانا بھلوال متوفیہ شہناز بی بی زوجہ محمد امین

وارثان احمد والد، نذیراں بی بی والدہ متوفیہ پہلے فوت شدہ

زندہ محمد الیاس، اسد عباس برادران، محمد امین خاوند، کنیز بیوی، صوبیہ کنول ہمشیر گان متوفیہ ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

کسان ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، ضیاء الدین انصاری

حکومتی نااہلی، کسان دشمن پالیسیوں اور ناقص زرعی حکمت عملی نے کسانوں کو شدید معاشی بحران سے دوچار کر دیا ہے

کسان دشمن پالیسیوں نے زراعت کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور کا اجتماع سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ کسان ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، مگر حکومتی نااہلی، کسان دشمن پالیسیوں اور ناقص زرعی حکمت عملی نے کسانوں کو شدید معاشی بحران سے دوچار کر دیا ہے۔ حکومت فوری طور پر گندم کی خریداری کے لیے مؤثر اور جامع پالیسی مرتب کرے (بقیہ نمبر 36)

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، صدر جے آئی کسان پنجاب وسطی میاں رشید منہالہ اور امیر جماعت اسلامی جنوبی لاہور عبدالرشید مرزا کسان جرگہ اور ممبر شپ ڈرائیو کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

تمام ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں بچوں کے نئے ہسپتال قائم کیے جا رہے ہیں، خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں منعقدہ ساتویں بین الاقوامی ہیلتھ ریسرچ کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت

ایک مضبوط ہیلتھ سسٹم کے لیے ڈیجیٹل ریکارڈز، بیماریوں کی نگرانی (ڈیزیز مانیٹرنگ)، لیبارٹری نیٹ ورکس اور تحقیق پر مبنی فیصلوں کی ضرورت ہوتی ہے، صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں منعقدہ ساتویں بین الاقوامی ہیلتھ ریسرچ کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پروفیسر جاوید اکرم، ڈین انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ پروفیسر سائرہ افضل، قومی و بین الاقوامی مقررین، فیکلٹی ممبران اور خواتین و حضرات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ صوبائی (بقیہ نمبر 37)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں منعقدہ ساتویں بین الاقوامی ہیلتھ ریسرچ کانفرنس میں یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

تنازعہ کشمیر کو دھمکیوں سے نہیں مذاکرات سے حل کریں، حریت رہنماء

جموں و کشمیر کا تنازعہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ہے اور اسے بامعنی بات چیت کے ذریعے ہی حل کیا جا سکتا ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں حریت رہنماؤں اور تنظیموں نے پاکستان کے خلاف بھارتی آرمی چیف جنرل اوپیندر دویدی کے بیان کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئی دہلی دھمکیاں دینے کے بجائے تنازعہ کشمیر کو مذاکرات کے ذریعے حل کرے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق جنرل دویدی کے اس بیان پر کہ پاکستان کو یہ فیصلہ کرنا چاہیے کہ وہ جغرافیہ اور تاریخ کا حصہ رہنا چاہتے ہیں یا نہیں، ردعمل ظاہر کرتے ہوئے حریت رہنماؤں نے کہا کہ اس طرح کی بیان بازی جموں و کشمیر میں زمینی حقائق کو تبدیل نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر کا تنازعہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ہے۔

"ویمن یونیورسٹی ملتان میں خواتین کے بااختیار کردار کے فروغ کیلئے آگاہی واک"

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں "خواتین کریں گی، خواتین کر سکتی ہیں" کے عنوان سے ایک آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق یہ آگاہی واک ڈائریکٹر ویمن ڈویلپمنٹ سیل ویمن یونیورسٹی ملتان مناہل بخاری کی زیر نگرانی اور سی ایم فیمیل ایمبیسیڈر حوریہ حبیب کی قیادت میں کی گئی جس کا مقصد خواتین کو بااختیار بنانے، ان میں خود اعتمادی پیدا کرنے اور معاشرے میں ان کے فعال کردار کے حوالے سے بیداری پیدا کرنا تھا۔ واک کے ذریعے یہ پیغام دینا مقصود تھا کہ خواتین قابل، مضبوط اور معاشرتی، تعلیمی اور پیشہ ورانہ ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والی شریک کار ہیں۔ مناہل بخاری نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین معاشرے کی نصف آبادی ہیں لیکن ان کی صلاحیتیں پوری آبادی کو سنوارنے کی طاقت رکھتی ہیں، اور یہ واک ایک عہد ہے کہ ہم اپنی قابلیت پر یقین رکھیں گے اور اپنی راہیں خود بنائیں گے۔ سی ایم فیمیل (بقیہ نمبر 42)

بھارتی پولیس نے سوپور میں آزادی پسند کارکن کی جائیداد ضبط کر لی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں پولیس نے کالے قانون کے تحت ایک اور حریت پسند کی غیر منقولہ جائیداد ضبط کر لی ہے۔

جھنڈگراں میں بوگس اسکیموں کا فوری نوٹس لیا جائے، راجہ رضوان خان

مظفرآباد (این این آئی) مسلم لیگ ن یونین کونسل جھنڈگراں کے صدر راجہ رضوان خان اور جنرل سیکرٹری حافظ آفتاب نے کہا ہے کہ جھنڈگراں میں بوگس اسکیموں کا فوری نوٹس لیا جائے۔ اسکیموں کا پیسہ عوام پر خرچ کیا جائے۔ کسی کو پیسہ ہڑپ نہیں کرنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بروقت حکومت اور اعلیٰ احکام کے نوٹس میں لایا۔ کہ یونین کونسل جھنڈگراں کے مالی سال 2025,26 کے تمام فنڈز مرکز گڑھی دوپٹہ کے بجائے ضلعی دفتر کو منتقل کیے جا رہے ہیں۔

روسی صدر کل چین کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گے

بیجنگ (این این آئی) روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن 19 مئی سے چین کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے اعلان کیا کہ چینی صدر شی جن پنگ کی دعوت پر روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن 19 سے 20 مئی تک چین کا سرکاری دورہ کریں گے۔

پنجاب حکومت کا لینڈ یوز نظام میں بڑی اصلاحات کا فیصلہ

مجوزہ ترامیم کا بنیادی مقصد لینڈ کلاسیفکیشن اور ری کلاسیفکیشن کے نظام کو شفاف بنانا ہے، ذرائع

لاہور (زیڈ این این) پنجاب حکومت نے شہری ترقی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے زمین کے استعمال کے نظام میں بڑی اصلاحات کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس مقصد کے لیے لینڈ یوز پلان کے قواعد 2020 میں اہم ترامیم کی تیاری شروع کر دی گئی ہے تاکہ زمین کے استعمال کو زیادہ مؤثر، شفاف اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جا سکے۔

ایم ڈی واسا لاہور کا رائل ریزیڈنس ڈسپوزل کا دورہ

فیروزپور روڈ ڈرین کی ڈی سلٹنگ کا معائنہ، مون سون تیاریوں کو مؤثر بنانے کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) ایم ڈی واسا غفران احمد نے چھٹی کے روز رائل ریزیڈنس ڈسپوزل کا دورہ کیا جہاں انہوں نے نکاسی آب کے انتظامات اور مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ایم ڈی واسا نے فیروزپور روڈ پر روڈ سائیڈ ڈرین کی ڈی سلٹنگ کے جاری عمل کا بھی معائنہ کیا۔ ڈائریکٹر نشتر ٹاؤن شمس ایوب نے انہیں جاری ترقیاتی کاموں اور پیشرفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

بھارت دھمکی آمیز بیانات دینے کے بجائے اپنے ملک پر توجہ دینی چاہیے: ترجمان بلاول

پاکستان کسی بھی جارحیت یا مہم جوئی کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے، سریندر ولاسائی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ترجمان سریندر ولاسائی نے بھارتی آرمی چیف کے حالیہ بیان کو اشتعال انگیز، غیر ذمہ دارانہ اور خطے کے امن کیلئے خطرناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کو پاکستان کے خلاف دھمکی آمیز بیانات دینے کے بجائے اپنے داخلی انتشار، بڑھتی ہوئی مذہبی نفرت اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر توجہ دینی چاہیے۔ اپنے ایک بیان میں سریندر ولاسائی نے کہا کہ خطے کا جغرافیہ اور تاریخ بدلنے کے خواب اب فرسودہ ہو چکے ہیں اور پاکستان کسی بھی جارحیت یا مہم جوئی کا بھرپور، فیصلہ کن اور منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ پاکستان ایک خودمختار ایٹمی طاقت ہے اور اپنی سرحدوں، قومی سلامتی اور خودمختاری کے دفاع کیلئے ہر وقت تیار ہے۔

پشاور: ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات و تعلقات عامہ انور اکبر خان کی قیادت میں ٹیم پختونخوا ریڈیو چترال کے قیام کیلئے چترال اپر کا دورہ کر رہی ہے

کم عمر ڈرائیورز، بغیر لائسنس اور تین سواری پر سخت کارروائی کا فیصلہ

ٹریفک خلاف ورزیوں پر سخت کریک ڈاؤن، جنرل ہولڈ اپ کا اعلان کر دیا گیا، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) لاہور میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرتے ہوئے چیف ٹریفک آفیسر سید عبدالرحیم شیرازی نے شہر بھر میں جنرل ہولڈ اپ کا اعلان کر دیا ہے۔ اس مہم کا مقصد کم عمر ڈرائیورز، بغیر لائسنس گاڑی چلانے والوں اور موٹر سائیکل پر تین افراد کے خلاف سخت کارروائی کو یقینی بنانا ہے۔

جیکب آباد: پسند کی شادی کے بعد گاؤں نذرِ آتش

کم عمر بچی کی شادی کسی صورت قانونی نہیں ہو سکتی اور وہ پولیس حکام سے انصاف کی اپیل کرتے ہیں، رفیق چنہ

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں پسند کی شادی کے تنازع نے سنگین صورتحال اختیار کر لی، جہاں مبینہ طور پر دو برادریوں کے درمیان کشیدگی کے بعد درجنوں گھروں کو آگ لگا دی گئی۔ واقعے کے بعد لڑکی کے والد رفیق چنہ کا ویڈیو بیان بھی سامنے آ گیا ہے، جس (بقیہ نمبر 41)

مظفرآباد، ساتھرا پارک کے قریب اختر حسین کیانی کا رہائشی مکان جل گیا، لاکھوں کا گھریلو سامان خاکستر

مظفرآباد (این این آئی) ساتھرا پارک کے قریب اختر حسین کیانی ولد علی زمان کیانی کے رہائشی مکان میں آگ بھڑک اٹھی لاکھوں کا گھریلو سامان جل کر خاکستر ہو گیا۔ فائر فائٹرز اور ہمسایوں کی مشترکہ کاوشوں سے آگ پر قابو پا لیا گیا تفصیلات کے مطابق مظفرآباد شہر کے علاقے ساتھرا پارک کے قریب ایک رہائشی مکان میں گزشتہ روز اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ مکین اس وقت گھر پر موجود نہیں تھے اور ہمسایوں نے فون کر کے انہیں آگ لگنے کی اطلاع دی۔ فائر فائٹنگ ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور مقامی افراد کی مدد سے آگ بجھانے میں کامیاب رہیں۔

آئندہ وفاقی بجٹ مکمل عوام دوست بنایا جائے، ڈاکٹر عشرت العباد خان

موجودہ معاشی حالات میں متوسط اور غریب طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہے،

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کے سربراہ اور سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے مطالبہ کیا ہے کہ آئندہ وفاقی بجٹ کو مکمل طور پر عوام دوست بنایا جائے تاکہ مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ کے شکار عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ معاشی حالات میں متوسط اور غریب طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہے، اس لیے حکومتی معاشی پالیسیوں کا مرکز عام آدمی ہونا چاہیے۔ انہوں نے زور دیا کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں مہنگائی کے تناسب سے نمایاں اضافہ کیا جائے جبکہ نجی شعبے میں کم از کم اجرت 60 سے 65 ہزار روپے مقرر کی جائے تاکہ محنت کش طبقہ باعزت زندگی گزار سکے۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے فوری طور پر جامع معاشی ریلیف پیکیج کے اعلان کا مطالبہ کرتے ہوئے

جیکب آباد: گاؤں جلانے کا واقعہ کھلی بربریت اور دہشتگردی ہے، ایم پی پی

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) سندھ آرگنائزنگ کمیٹی نے جیکب آباد میں پسند کی شادی کے تنازع پر پورے گاؤں کو نذرِ آتش کیے جانے کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے کھلی بربریت، دہشت گردی اور انسانیت سوز اقدام قرار دیا ہے۔ کمیٹی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ درجنوں گھروں کو جلانا، فائرنگ کرنا اور معصوم خاندانوں کو بے گھر کرنا انتہائی افسوسناک عمل ہے۔

لاہور: گینگ ریپ متاثرہ مریم کے اہلخانہ کی ملاقات

فیصل میر کا انصاف کی تاخیر اور سکیورٹی خدشات پر تشویش کا اظہار کیا

لاہور (زیڈ این این) لاہور میں گینگ ریپ کا شکار 18 سالہ مریم کے اہلخانہ نے پیپلز پارٹی کے صدر فیصل میر سے ملاقات کی، جس میں متاثرہ خاندان کو درپیش مسائل، انصاف کی فراہمی میں تاخیر اور سکیورٹی خدشات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ فیصل میر نے متاثرہ خاندان سے ملاقات کے دوران کہا کہ لاہور میں 18 سالہ مریم کے ساتھ مبینہ گینگ ریپ کے واقعے کو ڈیڑھ ماہ گزر (بقیہ نمبر 40)

لاہور، چکوال میں غیر قانونی شکار اور پرندوں کی تجارت بے نقاب

دو دکاندار گرفتار، اڑیال کے شکاری فرار، مقدمات درج، دکانیں سیل کر دی گئیں

لاہور (زیڈ این این) محکمہ جنگلی حیات پنجاب نے صوبے بھر میں جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار اور ناجائز تجارت کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے لاہور ریجن اور چکوال میں اہم کامیابیاں حاصل کر لیں۔ سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب اور سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات کیپٹن (ر) طاہر ظفر عباسی کی ہدایت پر چیف وائلڈ لائف رینجر کیپٹن (ر) محمد وسیم کی نگرانی میں وائلڈ لائف رینجرز متحرک ہیں۔ لاہور ریجن میں ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر نجی محمد جوئیہ کی سربراہی میں سانگلہ ہل اور شاہکوٹ میں کارروائیاں کرتے ہوئے بغیر لائسنس پرندوں کی خرید و فروخت میں ملوث دو دکانداروں کو گرفتار کر لیا گیا۔ محکمہ نے دونوں دکانداروں کو 30 ہزار روپے جرمانہ عائد کرتے ہوئے۔

لاہور: سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سمندری بیکٹیریا کو توانائی میں تبدیل کرنے کی ٹیکنالوجی کا کامیاب تجربہ

نیا سائنسی مائیکرو آرگانزم امریکی مشی گن ٹیکنالوجیکل یونیورسٹی کے سائنسدانوں کی تحقیق کا نتیجہ ہے: شائع کردہ رپورٹ کے مطابق

مشی گن ٹیکنالوجیکل یونیورسٹی کی سربراہی میں کام کرنے والی ٹیم ایسے مائیکروبیل فیول سیلز کی جانچ کر رہی ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سائنسدانوں نے توانائی کے شعبے میں ایک زبردست سائنسی کامیابی حاصل کی ہے جو اس شعبے سے متعلق بہت سے مسائل کو حل کر سکتی ہے۔ انہوں نے ایک ایسی بیٹری تیار کی ہے جو پانی کے نیچے خودکار طریقے سے توانائی پیدا کر سکتی ہے۔ یہ بیٹری اس مقصد کے لیے مناسب سمندری جانداروں کو ہضم کرتی ہے اور پھر انہیں برقی توانائی میں تبدیل کرتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اس قسم کی (بقیہ نمبر 39)

عالمی سائنس و انجینئرنگ فیئر، نوجوان سعودی سائنسدانوں نے 12 ایوارڈز جیت لیے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے فینکس میں منعقدہ عالمی سائنس و انجینئرنگ فیئر (آئی ایس ای ایف) میں مسلسل تیسرے سال بھی بین الاقوامی سطح پر دوسرا مقام برقرار رکھا ہے۔

لاہور، فیصل آباد میں خواتین کو ہراساں کرنے والے دو ملزمان گرفتار

آن لائن بلیک میلنگ، نازیبا مواد پھیلانے اور بھتہ طلبی پر کارروائیاں، مقدمات درج

لاہور (زیڈ این این) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) پنجاب نے خواتین کو آن لائن ہراساں کرنے، بلیک میلنگ اور نازیبا مواد پھیلانے میں ملوث عناصر کے خلاف لاہور اور فیصل آباد میں کارروائیاں کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق ڈائریکٹر پنجاب محمد علی وسیم کی ہدایت پر لاہور میں گلشنِ راوی کی رہائشی خاتون کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم حاذق محمود کو سبزہ زار سکیم سے گرفتار کیا گیا۔

ملک کی موجودہ ابتر صورتحال پر ہر محبِ وطن پریشان ہے: جے یو آئی (س)

ملک نازک موڑ پر کھڑا ہے عوام خود کو بے یار و مددگار، غیر محفوظ اور سیاسی طور پر تنہا محسوس کر رہے ہیں

بدامنی، اضطراب، بے روزگاری اور احساسِ محرومی خطرناک حد تک بڑھ چکے ہیں: مشترکہ بیان

لاہور (زیڈ این این) جمعیت علماء اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، سیکرٹری اطلاعات و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلیٰ لاہور مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری رحمت اللہ لاشاری، پیر اکبر ساقی، مولانا عبیداللہ بھکر، مولانا عرفان شاکر و دیگر ذمہ داران نے مشترکہ بیان میں کہا کہ ملک کی موجودہ ابتر صورتحال پر ہر محبِ وطن پریشان ہے، ملک نازک موڑ پر کھڑا ہے عوام خود کو بے یار و مددگار، غیر محفوظ اور سیاسی طور پر تنہا محسوس کر رہے ہیں، بدامنی، اضطراب، بے روزگاری اور احساسِ محرومی خطرناک حد تک بڑھ چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکمرانوں کی غلط پالیسیوں سے ملک جل رہا ہے۔ ملک کو درپیش بحران سے نکلنے کیلئے تمام سیاسی قومی علاقائی جماعتوں اپنی انا پرستی و سیاسی مفادات کو پیچھے رکھ کر ملکی استحکام قومی اتفاق و حدتِ نیت و اتحاد کیلئے کام کریں۔

انمول عرف پنکی کے نیٹ ورک کیخلاف گھیرا مزید تنگ

قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کی دستاویزات بھی منظر عام پر آ گئیں

پنکی کے گرفتار اکاؤنٹنٹ سے تفتیش میں مزید 6 خفیہ بینک اکاؤنٹس کا سراغ مل گیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں منشیات فروشی کے الزام میں گرفتار انمول عرف پنکی سے متعلق تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اس کے مبینہ نیٹ ورک، مالی لین دین، سفری ریکارڈ اور قریبی ساتھیوں کے خلاف ملک گیر کارروائیاں مزید تیز کر دی ہیں۔ تحقیقاتی ذرائع کے مطابق پنکی کے نیٹ ورک کے خلاف کراچی، لاہور، قصور، اسلام آباد اور اندرون سندھ میں متعدد چھاپے مارے گئے، جہاں اس کی قریبی ساتھی کرن عرف بلیک انجیل، اس کے شوہر اور دیگر مشتبہ افراد سمیت 20 افراد کو حراست میں لیا گیا۔

لاہور: جیلانی پارک میں کھلے پھولوں کا خوبصورت منظر

بلخ شیر کھوسہ کی رہائش گاہ پر فائرنگ کا واقعہ، انکوائری شروع

موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ اور گھسنے کی کوشش، سکیورٹی فراہم کرنے کی درخواست

لاہور (زیڈ این این) لاہور میں پی ٹی آئی رکن قومی اسمبلی لطیف کھوسہ کے بیٹے بلخ شیر کھوسہ کی رہائش گاہ پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے، جس کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ درخواست کے مطابق دو موٹر سائیکل سوار ملزمان نے گھر کے باہر فائرنگ کی جبکہ دو مسلح افراد نے مبینہ طور پر گھر میں داخل ہونے کی بھی کوشش کی۔ بلخ شیر کھوسہ کا کہنا ہے کہ وہ گزشتہ رات جب گھر پہنچے تو حملہ آوروں نے انہیں نشانہ بنانے کی کوشش کی۔ متاثرہ فریق نے تھانہ ڈیفنس سی میں درخواست جمع کرا دی ہے اور مؤقف اختیار کیا ہے کہ وہ سپریم کورٹ کے وکیل ہیں۔

بی بی پاک دامن کے اطراف بوسیدہ تاریں خطرہ بن گئیں

تنگ گلیوں میں لٹکتی بجلی کی تاریں، شارٹ سرکٹ واقعات سے حادثات کا خدشہ

لاہور (زیڈ این این) لاہور میں بی بی پاک دامن دیونڈ روڈ سے ملحقہ گلیوں میں لٹکتی اور بوسیدہ بجلی کی تاریں علاقہ مکینوں کے لیے شدید خطرہ بن گئی ہیں۔ اہل علاقہ کے مطابق تنگ گلیوں میں خستہ حال بجلی کی تاروں کا جال بچھا ہوا ہے جبکہ آئے روز شارٹ سرکٹ کے واقعات معمول بن چکے ہیں، جس کے باعث کسی بھی وقت بڑے حادثے کا خدشہ موجود ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی بوسیدہ اور غیر محفوظ تاروں کے باعث جان و مال کو سنگین خطرات لاحق ہیں، تاہم متعدد شکایات کے باوجود متعلقہ انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔

لاہور سمیت پنجاب بھر میں سورج آگ برسانے لگا، شدید گرمی سے شہری پریشان

لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 29 ڈگری، زیادہ سے زیادہ 40 ڈگری تک جانے کا امکان، دھوپ میں نکلنے سے گریز کی ہدایت

محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران لاہور سمیت پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور مزید گرم رہنے کا امکان ہے

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں سورج آگ برسانے لگا، درجہ حرارت میں مسلسل اضافے کے باعث شہری شدید گرمی سے پریشان ہو گئے، لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 29 ڈگری جبکہ زیادہ سے زیادہ 40 ڈگری تک جانے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے، شہر کا موجودہ درجہ حرارت 34 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہوا میں نمی کا تناسب 35 فیصد تک جا پہنچا، ہوا کی (بقیہ نمبر 38)

تھائی لینڈ میں ٹرین اور بس تصادم کی خوفناک ویڈیو سامنے آ گئی

بنکاک (این این آئی) بنکاک میں ایک خوفناک ٹرین اور بس حادثے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں۔ حکام کے مطابق حادثہ ہفتے کے روز ایک ریلوے کراسنگ پر اس وقت پیش آیا جب ایک مال بردار ٹرین نے مسافر بس کو ٹکر مار دی۔ تصادم کے فوراً بعد بس میں آگ بھڑک اٹھی جبکہ قریب موجود کئی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں بھی حادثے کی زد میں آ گئیں۔

لاہور: خواتین پولیس اہلکار سکوٹی پر سوار ہو کر ڈیوٹی پر جا رہی ہیں

راولپنڈی میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی، 4 ماہ میں 86 فیصد تک کمی ریکارڈ کی گئی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں رواں سال کے پہلے 4 ماہ کے دوران جرائم کی شرح میں 86 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سی پی او خالد ہمدانی کے مطابق مختلف جرائم کے مقدمات میں گزشتہ سال کے مقابلے میں خاطر خواہ کمی دیکھنے میں آئی، قتل کے مقدمات میں 75 فیصد جبکہ دیگر جرائم کے مقدمات میں 32 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، ڈکیتی کے واقعات میں گزشتہ برس کی نسبت 70 فیصد کمی آئی۔

شاہدرہ ٹاؤن میں دوست کے ہاتھوں دوست کا قتل، 2 گرفتار

گاڑی پر نیلی بتی اور نمبر پلیٹ کے تنازع پر جھگڑا جان لیوا تشدد میں بدل گیا، پولیس حکام

لاہور (زیڈ این این) لاہور کے علاقے شاہدرہ ٹاؤن میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں دوست کے ہاتھوں دوست کے قتل نے علاقے کو سوگوار کر دیا۔ ایس پی سٹی کے مطابق گاڑی پر نیلی بتی اور سرکاری نمبر پلیٹ لگانے کے معاملے پر معمولی تنازع شروع ہوا جو شدت اختیار کرتے ہوئے جھگڑے اور تشدد میں تبدیل ہو گیا۔ تشدد کے نتیجے میں زخمی ہونے والے عمران کو تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا۔

لاک ڈاؤن کے خاتمے سے رونقیں بحال اور معاشی ترقی ہو گی: راؤ خورشید

لاک ڈاؤن کے دوران کاروباری طبقہ شدید معاشی دباؤ کا شکار رہا۔ میاں فریاد احمد

لاہور (زیڈ این این) لاہور بزنس ایگزیکٹو لائنز کلب انٹرنیشنل کے صدر راؤ خورشید علی اور سیکرٹری جنرل میاں فریاد احمد نے کہا ہے کہ حکومت نے کاروباری سرگرمیوں کو بحال کر کے چھوٹے تاجروں کے دل جیت لیے ہیں۔ لاک ڈاؤن کے دوران کاروباری طبقہ شدید معاشی دباؤ اور مالی مشکلات کا شکار رہا، خصوصاً چھوٹے دکاندار اور یومیہ بنیادوں پر کاروبار کرنے والے افراد سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔

ریلوے ملازمین کے 21 ارب سے زائد واجبات تاحال ادا نہ ہو سکے

وزارتِ ریلوے اور خزانہ آمنے سامنے، گریجویٹی اور دیگر کلیمز کی ادائیگی میں تاخیر برقرار، ذرائع

لاہور (زیڈ این این) پاکستان ریلوے کی مالیاتی کارکردگی میں بہتری کے دعوؤں کے باوجود ادارے میں ریٹائرڈ اور حاضر سروس ملازمین کے واجبات کی عدم ادائیگی کا بحران برقرار ہے، اور مجموعی طور پر 21 ارب 36 کروڑ روپے سے زائد کے بقایاجات تاحال ادا نہیں کیے جا سکے۔ تفصیلات کے مطابق واجبات کی ادائیگی کے معاملے پر وزارتِ ریلوے اور وزارتِ خزانہ ایک دوسرے کے آمنے سامنے آ گئی ہیں

پشاور: سیکرٹری زراعت ڈاکٹر محمد بختیار خان اولیو ریسرچ فارم صوابی میں اولیو آئل ایکسٹریکشن یونٹ کا معائنہ کر رہے ہیں



عیدالاضحیٰ کے پرمسرت موقع پر روزنامہ 'قوت' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے تمام نمائندگان / بیورو چیف سے درخواست ہے کہ اپنے اشتہارات 25 مئی 2026 تک ادارہ ہذا کو ای میل کر دیں تاکہ بہتر کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان 0302-1228000

gmail.comEmail:dailyquwat786

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر	صداقت حامد غوری
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار لے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور